کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | جمعرات 25 ربیع الثانی 1448ھ | 08 اکتوبر 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 87
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 40 روپے | PTCL: 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

مستونگ اور کے پی میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں، 18 دہشتگرد ہلاک، کوہاٹ میں چیک پوسٹ پر حملہ، 7 جوان زخمی

آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت مستونگ میں فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا

سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو جہنم واصل کیا، کارروائیوں میں بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد

فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کے ذریعے قوم کے عزم اور حوصلے کی عکاسی کی ہے، صدر اور وزیراعظم کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

کوئٹہ، راولپنڈی (سٹی رپورٹر، نیوز ایجنسیاں) سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں عزم استحکام ویژن کے تحت موثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنۃ الخوارج کے 18 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ سیکورٹی فورسز نے آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے دوران مستونگ میں 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن اور گولہ بارود برآمد کرلیا۔ سیکورٹی ذرائع کا بتانا ہے کہ بلوچستان میں بھی فتنۃ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کی گئیں اور مستونگ میں فتنۃ الہندوستان 5 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، علاقے میں دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گرد و نواح میں فتنۃ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے فتنۃ الخوارج کی نقل و حرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی۔ ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ سیکورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے، دہشت گردوں کے ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 82 پیسے فی لیٹر کا اضافہ

نئی قیمت 396 روپے 65 پیسے مقرر، ڈیزل 91 پیسے سستا ہوگیا

اسلام آباد (م ڈ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کا اعلان کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 82 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد پیٹرول کی مقرر کی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق ڈیزل کی ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں بڑھتی دہشتگردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا، شہباز شریف

احتجاج اور دھرنے ختم کریں، ہمارے دروازے کھلے ہیں، مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہوگا

خیبر پختونخوا کے عوام کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، وزیراعظم کی وفاقی وزیر امیر مقام سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی ہو۔ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات ...... خیبر پختونخوا میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا، ہماری خواہش ہے ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی شہداء جمہوریت کی برسی کے جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردوں کیخلاف جاری کارروائیاں اہم پیشرفت ہیں، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن و استحکام کے قیام کے لیے فورسز اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں

امن کے دشمن عناصر کو قانون کے شکنجے میں لانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقوں سیاہ پشت اور کلی کشتری میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کیے جانے پر سیکیورٹی فورسز کو سراہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں موثر انداز میں جاری ہیں۔ مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس مصافحہ کر رہے ہیں

عوام کو نااہل بے حس حکمران اور طالبان اتحادیوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، وزیر دفاع ریاست کو یرغمال بنا کر کوئی مطالبہ تسلیم نہیں کرایا جا سکتا، رانا ثنا

کے پی حکومت اور دہشتگردوں کے درمیان رابطوں کے شواہد موجود ہیں

صوبے میں گورنر راج سمیت تمام آپشنز زیر غور ہیں، خواجہ آصف

پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت نام نہاد سیاسی لانگ مارچ کیلئے سڑکوں پر گھوم رہی ہے جبکہ ان کے سہولت کاروں نے خیبر پختونخوا کے لوگوں کے خلاف ایک تازہ دہشت گردی کی لہر شروع کر دی ہے

اس سنجیدہ معاملے سے مکمل طور پر بے حس، پوری صوبائی کابینہ، وزیراعلیٰ سمیت اپنے سیاسی ناکام لانگ مارچ میں پوری طرح مشغول ہے، بس بہت ہوگیا اب اہم فیصلے کرنے کا وقت آ چکا ہے

خیبر پختونخوا کے لوگوں کا کافی خون بہایا جا چکا ہے، اس حکومت کی دہشت گردوں سے مکمل ملی بھگت اور اس کے سہولت کار ایکو سسٹم کی کافی مثالیں اور شواہد موجود ہیں، وزیر دفاع کا سوشل میڈیا پر بیان

مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں 4 اکتوبر سے اب تک پی ٹی آئی صرف چند ہزار افراد ہی جمع کر سکی، پی ٹی آئی ذاتی مفادات چھوڑ کر مذاکرات کی طرف آئے، لانگ مارچ ناکامی سے دوچار ہوگا

افغانستان سے متعلق پالیسی پر پوری قوم متفق ہے تاہم پی ٹی آئی اس سے اتفاق نہیں کرتی، خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے دعویٰ کیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف حکومت کی دہشت گردوں سے مکمل ملی بھگت اور اس کے سہولت کار ایکو سسٹم کی کافی مثالیں اور شواہد موجود ہیں، صوبائی حکومت کی دہشت گردی سے مکمل لاتعلقی اور جرمانہ بے حسی جاری ہے۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر جاری بیان میں خواجہ آصف ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے اقدامات ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش ہے، سہیل آفریدی

پاکستان توڑنے والے کامیاب نہیں ہوں گے، اکثریتی صوبائی حکومت کی موجودگی میں گورنر کا اجلاس منعقد کرنا قبول نہیں

جمہوریت کا نعرہ لگانے والی جماعت نے ماضی میں ذاتی مفادات کے لیے بنگلا دیش کو پاکستان سے جدا کیا، وزیراعلیٰ کے پی

کے پی میں دوبارہ کوئی فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا، عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کروں گا، خیبر میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب

پشاور (م ڈ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے موجودہ اقدامات ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش نظر آرہی ہے۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ گورنر کی جانب ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کا تنخواہ دار طبقہ انکم ٹیکس دینے میں سب سے آگے

ریٹیل اور رئیل اسٹیٹ سے 90 ارب روپے زیادہ ٹیکس دیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں تنخواہ دار طبقے نے انکم ٹیکس دینے میں ریٹیل اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو ایک بار پھر پیچھے چھوڑ دیا۔ ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے نے ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ، فیصلہ سازی، جمہوری اقدار بارے آگاہی فراہم کی جائے، گورنر

یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ نوجوانوں کو مسائل پر بحث، تجاویز کی تیاری اور اجتماعی طور پر حل تلاش کرنے کی مشق فراہم کر سکتی ہے

بلوچستان بھر میں پلیٹ فارم کو متحرک بنایا جائے اور اس کے دائرہ کار کو مختلف اضلاع تک وسعت دی جائے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے وفد نے عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نوجوانوں کو پارلیمانی امور، جمہوری عمل اور پالیسی سازی سے روشناس کرانے سمیت صوبے میں نوجوانوں کیلئے موثر پلیٹ فارم کے قیام اور اسے مزید فعال بنانے پر تبادلہ خیال ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، موسم تبدیل ہوتے ہی مختلف بیماریوں میں تیزی سے اضافہ

نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، گلے کی خراش، جسم میں درد اور سانس کی بیماریوں عام

شہر کے سرکاری اور نجی ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں مریضوں کا رش بڑھ گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں موسم تبدیل ہوتے ہی مختلف موسمی بیماریوں میں تیزی سے اضافہ ہوگیا، بچے، خواتین، نوجوان اور بزرگ بڑی تعداد میں نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، گلے کی خراش، جسم میں درد اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے، جبکہ دمہ اور الرجی کے مریضوں کی مشکلات بھی بڑھ گئی ہیں۔ شہر کے درجہ حرارت میں اچانک کمی، خشک اور ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل، انتونیو گوتریس ملاقات، کشمیر، سندھ طاس معاہدہ، افغان دہشتگردی پر تبادلہ خیال

سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کے کردار اور خدمات کو اجاگر کیا

سیکرٹری جنرل نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی جس میں علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغان دہشت گردی پر بات چیت کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ ملاقات جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال اور عالمی امن و سلامتی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روکنے ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

خلیجی ممالک میں کشیدگی، فضائی آپریشن ایک بار پھر بحران کا شکار

علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 21 پروازیں منسوخ، متعدد تاخیر کا شکار

پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس پر فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہوگیا۔ لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے جدہ اور ریاض جانے والی 7 سے زائد پروازوں کو سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹس پر لینڈنگ کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 21 پروازیں منسوخ جبکہ متعدد پروازیں 3 سے 10 گھنٹے تک تاخیر کا شکار رہیں۔ سعودی عرب، بحرین، دوحا اور دیگر ممالک جانے والی درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہوگئیں، ایئرپورٹ ذرائع کے ...... پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے باعث مسافروں ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات، مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا

مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور اتحادیوں کے درمیان ہوا، ایاز صادق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور ان کے اتحادیوں کے درمیان ہوا جو بدقسمتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق مولانا فضل الرحمان کی ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پنشن بچت کنندگان کیلئے نیا کم لاگت سرمایہ کاری آپشن متعارف

آپشن کے تحت سالانہ مینجمنٹ فیس زیادہ سے زیادہ 0.75 فیصد ہوگی، ایس ای سی پی

کراچی (م ڈ) ایس ای سی پی نے والنٹری پنشن اسکیم کے تحت 'پیسوا ایکوٹی سب فنڈ' متعارف کرا دیا ہے، جس کی فراہمی کم جنوری 2027 سے شروع ہوگی۔ ایس ای سی پی ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل کو یوتھ لیڈر پارلیمنٹرین کی جانب سے عصمت اللہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ کراچی سمیت ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

تیل قیمتوں کے تعین کے فارمولے میں دوبارہ تبدیلی کی سفارش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم ڈویژن نے ملک میں ڈیزل کی قیمتوں کے فارمولے میں تبدیلی کی سفارش کردی۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع وزارت پیٹرولیم کا کہنا ہے کہ غیر معمولی حالات میں ریفائننگ ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کے نتائج اچھے نہیں ہونگے، محمود خان اچکزئی

پی ٹی آئی رہنماؤں اور اپوزیشن کو عمران خان سے ملاقات کر کے مشاورت کا حق دیا جائے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

حالات ایسے بنائے گئے ہیں کہ سہیل آفریدی کے پاس اب آگے بڑھنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا، جلسے سے خطاب

ژوب (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس وقت انتہائی مشکل صورتحال کا سامنا ہے، ایسے حالات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بغیر حکومت اور اپوزیشن کے ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ عسکر خان آؤٹ ڈور پبلسٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد ہمارا، لانگ مارچ کیوں نہیں پہنچے گا؟ بیرسٹر گوہر

وزیراعظم نے مشروط مذاکرات کی پیشکش کی، ڈائیلاگ بغیر کسی شرط کے ہونے چاہئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی مسلح افواج نے دفاع کیلئے 'پیشگی حملوں' کی وارننگ دے دی

دشمن نے حملہ کیا تو ایران زیادہ تباہ کن اور وسیع تر فیصلہ کن ردعمل دے گا

تہران (م ڈ) ایرانی مسلح افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرامی نیا نے کہا ہے کہ سرحدوں کے دفاع کے لیے 'پیشگی حملوں' کی وارننگ دی۔ ایرانی ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کسی بین الاقوامی فوجداری عدالت کو تسلیم نہیں کرتا، طالبان

اعلیٰ قیادت پر لگائے جانے والے الزامات کی کوئی حیثیت نہیں ہے، افغان حکام

کابل (م ڈ) بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) نے طالبان کی اعلیٰ قیادت سے تعلق رکھنے والے چار افراد بشمول ہبت اللہ اخوندزادہ کے خلاف جاری ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

حوثیوں کا ریاض کے ایئرپورٹ پر ڈرون حملہ، سعودی فوجی اتحاد کی جوابی کارروائی

ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو ڈرون سے نشانہ بنایا، ابہا ایئرپورٹ پر بیلسٹک میزائل داغے، حوثی ملیشیا

سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض پر حملوں کیلئے استعمال ہونے والا بیلسٹک میزائل لانچر تباہ کر دیا، سعودی فوجی اتحاد

ریاض (م ڈ) یمن کے حوثی ملیشیا کا کہنا ہے کہ ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو ڈرون سے نشانہ بنایا جبکہ ابہا کے ایئرپورٹ کو بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا ہے۔ حوثی ملیشیا کے مطابق سعودی عرب کے خمیس مشیط میں ایئربیس کو بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا ہے۔ ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں بڑا اضافہ

وزیراعظم نے مقامی مینوفیکچررز کے تحفظات کے معاملے پر اجلاس بلالیا

استعمال شدہ گاڑیوں کی بڑھتی درآمد سے مقامی آٹو انڈسٹری متاثر ہورہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافے اور مقامی مینوفیکچررز کے تحفظات کے معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف نے آج اہم اجلاس طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد سے متعلق اہم فیصلے متوقع ہیں جبکہ وزیراعظم اس حوالے سے اہم احکامات بھی جاری کریں گے۔ ذرائع کا ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی فوجی دستے کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں تعینات ہیں، جنرل احمد شریف

پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی تعاون کا سلسلہ طویل عرصے سے جاری ہے، اب ان دفاعی روابط کو مزید تقویت ملی ہے

مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سعودی عرب میں پاکستانی فوجی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کردی ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بانی سے آج ملاقات کا دن، فہرست جیل حکام کے حوالے

مرتضیٰ طوری، رئیس قیوم، حمزہ گیلانی، ندیم عباسی اور عاصمہ راجا کے نام شامل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پنجاب کے علاقے راولپنڈی میں بانی پی ٹی آئی سے رفقا کی ملاقات کا دن (آج) ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بشریٰ کی مقدمات بارے تفصیلات دینے کی درخواست

جج کی ساعت سے معذرت، مناسب بینچ درخواست پر سماعت کا حصہ بنائیں، جسٹس امجد پرویز

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بشریٰ بی بی نے 2023 میں دائر مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے لاہور ہائی ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

خطے کے 48 فیصد غریب پاکستان میں آباد، یومیہ آمدنی 850 روپے سے بھی کم

پاکستان کو کورونا اور 2022 کے تباہ کن سیلاب سمیت معاشی بحران، ہوشربا مہنگائی اور دیگر مسائل کا سامنا رہا ہے

پیٹرول کی قیمتوں میں 40 فیصد اضافہ ہوا، علاقائی سطح پر غربت میں اضافہ بنیادی طور پر پاکستان پر اثر انداز ہوا، رپورٹ

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) عالمی بینک کی غربت سے متعلق جاری کردہ حالیہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ جنوبی ایشیا کے ریجن کے 'خطے کے 48 فیصد غریب عوام پاکستان میں رہتے ہیں' ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

طوفان الاقصیٰ کے نام سے اسرائیل پر حملے کو تین سال مکمل ہوگئے

7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی جارحیت کے باعث 24 لاکھ شہری

اسرائیل کی جانب سے غزہ کی پٹی پر 2 لاکھ 30 ہزار ٹن سے زائد بارود برسایا جا چکا ہے

غزہ (م ڈ) 7 اکتوبر 2023 کو فلسطینی مزاحمتی دھڑوں کی جانب سے 'معرکہ طوفان الاقصیٰ' کے نام سے اسرائیل پر حملے کو تین سال مکمل ہوگئے۔ اس ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کسی کو معلوم نہیں ایران کی حکومت اور ملک کا انتظام کون چلا رہا ہے، ٹرمپ

ایران کی دوسری صف کی قیادت بھی ختم ہوچکی، اہم سوال یہ ہے کہ ملک کی قیادت کس کے ہاتھ میں ہے

امریکہ اور ایران کے درمیان مستقبل کے اقدامات اور مذاکرات عالمی سطح پر اہم موضوع بن گیا

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس وقت کسی کو معلوم نہیں کہ ایران کی حکومت اور ملک ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی ملاقات

کشمیر، فلسطین، افغانستان اور عالمی امن سمیت اہم علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال

پاکستان عالمی امن کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتا رہے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی، جس ...... پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

فاروق ایچ نائیک جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی رکنیت سے مستعفی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ ذاتی وجوہات پر ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

انمول پنکی بریت کی درخواست پر نوٹس جاری

ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو جواب داخل کرنے کا حکم

کراچی (بیورو رپورٹ) کوکین کوئین انمول عرف پنکی کی منشیات کیس میں عدالت نے بریت کی درخواست پر نوٹس ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کیپٹن (ر) میر باز خان کا بلوچستان، ڈاکٹر سارہ گل کا پولی کلینک اسلام آباد تبادلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کی جانب سے افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے گئے، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، گریڈ 18 کے کیپٹن (ر) میر باز خان ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں موبائل کی دکان میں دھماکے سے 3 افراد زخمی

اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی

زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا، تینوں کا تعلق کشمور سے بتایا جاتا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، این این آئی) گوادر میں موبائل کی دکان میں دھماکے سے 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کو گوادر میں واقع ایک موبائل کی دکان میں ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے پنجگور جاتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج اسد اللہ ریکسانی اغوا

بسیمہ کے قریب ڈرائیور کے ہمراہ مسلح افراد اپنے ساتھ لے گئے، تلاش جاری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بسیمہ کے قریب کوئٹہ سے پنجگور جانے والے ایڈیشنل سیشن جج اسد اللہ ریکسانی اور ڈرائیور سمیت لاپتہ ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج اسد اللہ ریکسانی اپنے ڈرائیور کے ہمراہ کوئٹہ سے پنجگور جا رہے تھے کہ بسیمہ کے قریب ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں پانی کی کمی، گندم کی پیداوار متاثر ہونے کا خطرہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں پانی کی کمی کے باعث گندم کی پیداوار متاثر ہونے کے خطرات منڈلانے لگے۔ ملک میں ربیع سیزن میں قلت آب 25 فیصد سے زائد ہونے کا خدشہ، پانی لینے میں ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم ہاؤسنگ اسکیم، 71 ہزار افراد کیلئے 426 ارب روپے منظور

رواں سال 125,000 رہائشی یونٹس کے لیے 700 ارب روپے کے قرضوں کی فراہمی کا ہدف رکھا گیا ہے

اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے بینکوں کیلئے ہاؤسنگ قرضوں کی فراہمی میں آسانی و شفافیت آئے گی، وزراء

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہاؤسنگ، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، احد خان چیمہ ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں روپے کے مبینہ کرپشن سکینڈل کا انکشاف

سپیکر قومی اسمبلی نے سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں روپے کے مبینہ کرپشن اسکینڈل کا انکشاف ہوا ہے۔ سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی۔ چارج شیٹ کے مطابق اشفاق اشرف نے سابق فوجی افسر ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

دکی میں کوئلہ کان سے دو بھائیوں کی لاشیں برآمد

زہریلی گیس بھرنے سے دونوں بھائی جاں بحق ہوئے، پولیس

دکی (آئی این پی) مقامی کوئلہ کان سے دو بھائیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق دونوں بھائی کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث جاں بحق ہوئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت محمد حسن اور محمد ہاشم پسران میرزا ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی سے بین الاقوامی سائبر فراڈ نیٹ ورک پکڑا گیا

جعلی یو ایس ڈی ٹی کرپٹو انویسٹمنٹ کے نام پر لاکھوں سے فراڈ کیا جاتا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) راولپنڈی سرکل نے کارروائی کرتے ہوئے بین الاقوامی سائبر فراڈ نیٹ ورک پکڑ لیا، ترجمان نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے مطابق چکری روڈ کی سوسائٹی ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

آبی منصوبوں کی بروقت پیش رفت، موثر نگرانی ضروری ہے، سمیع بلوچ

پانی کی دستیابی، زرعی سرگرمیوں، مال مویشی اور مقامی معیشت پر آبی منصوبوں کے مثبت اثرات کا جائزہ

متعلقہ افسران کو منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے مسلسل رابطہ کاری اور فالو اپ برقرار رکھنے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی کوآرڈینیٹر انجینئر سمیع بلوچ کی زیر صدارت آواران ڈیم سمیت صوبے میں جاری اہم آبی و ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈیمز کی بحالی، پانی کی قلت، جاری کام اور منصوبوں سے عوام کو حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آواران ڈیم کے پراجیکٹ ڈائریکٹر نثار احمد، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر عدیل، متعلقہ ایس ڈی او، کیمونیکیشن آفیسر شہریزہ طارق عزیز، انجینئر مہلب سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ متعلقہ افسران نے منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں آواران ڈیم کے علاوہ پٹ فیڈر، گیشکور، سنی گرڑھ خضدار، وندر ڈیم، 100 ڈیمز، چوک ڈیم، شیرنیک ڈیم اور گروک ڈیم سمیت 13 وفاقی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ انجینئر سمیع بلوچ نے منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی اور فالو اپ جاری رکھنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آبی منصوبوں کی بروقت پیش رفت اور موثر نگرانی ضروری ہے تاکہ پانی کے ذخائر کو بہتر انداز میں محفوظ کیا جاسکے اور ان کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں پانی کی دستیابی، زرعی سرگرمیوں، مال مویشی اور مقامی معیشت پر آبی منصوبوں کے مثبت اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ متعلقہ افسران کو منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے مسلسل رابطہ کاری اور فالو اپ برقرار رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری انفارمیشن میر عبدالشکور مری ڈسٹرکٹ چیئرمین حب جاوید جمالی چیف آف سیکشن پی اینڈ ڈی عبدالمجید بلوچ سے ملاقات کر رہے ہیں

عبید گورگیج کے فنڈز سے ترقیاتی کام قابل تحسین ہیں، سلیم سرپرہ

کوئٹہ (آن لائن) قبائلی و سیاسی رہنما سلیم سرپرہ نے کہا ہے کہ سنزل روڈ پر حلقہ پی بی 44 کے ایم پی اے عبید گورگیج کے فنڈز سے جاری ترقیاتی کام قابل تحسین ہیں۔ علاقے میں ترقیاتی منصوبوں پر جس انداز میں کام جاری ہے، وہ خوش آئند اور عوامی مفاد میں ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ایم پی اے عبید گورگیج کی جانب سے سنزل روڈ اور علاقے کے دیگر حصوں میں ترقیاتی کاموں پر توجہ دینا قابل تعریف اقدام ہے۔ ان منصوبوں سے علاقے میں بنیادی سہولیات کی بہتری اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل میں مدد ملے گی۔ سلیم سرپرہ نے کہا کہ عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے حلقوں کے مسائل کے حل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سنزل روڈ سمیت حلقہ پی بی 44 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا اور مزید عوامی منصوبے شروع کیے جائیں گے

کانک کراس سڑک مہینوں سے بند، مسافروں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (یو این اے) کانک کراس کو کئی ماہ بعد سکورٹی کے پیش نظر سڑک کو ماہ سے بند، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے کانک کراس کے علاقے میں اگست سے بند سڑک تاحال بحال نہ ہوسکی، جس کے باعث مقامی آبادی اور کوہ تفتان شاہراہ پر آمدورفت، تعلیمی اداروں، ہسپتالوں اور منڈیوں تک رسائی میں مشکلات کا سامنا ہے شہریوں نے انتظامیہ سے سڑک فوری بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے، حاجی خان محمد بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بزنجو نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ اور عوام کی فلاح کیلئے کام کیا ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت صوبے میں بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے یہاں ملاقات کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی اختر بلوچ، شاہجہان گجر اور دیگر بھی موجود تھے۔ حاجی خان محمد بزنجو نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کی جدوجہد کی ہے۔

کیو ٹیکنالوجیز کے شراکت سے منتخب نوجوانوں کے اعزاز میں تقریب

کوئٹہ (اے این این) چیف منسٹر بلوچستان ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت کراچی میں کیو ٹیکنالوجیز کے شراکت سے بلوچستان سے اس پروگرام کے تحت پہلے بیچ کے منتخب نوجوانوں کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب سے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور بلوچستان صالح محمد ناصر، ایم ڈی بی ٹیوٹا بلوچستان عبدالکبیر خان زرکون، ڈی جی نیوٹیک سندھ فدا محمد خان بازئی، کیو ٹیکنالوجیز کے بورڈ آف ڈائریکٹر سید وحید الدین اور دیگر مقررین نے شرکت کی۔

امیر حمزہ زہری کا محمد اعظم پٹھان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان و ریلیف کمشنر جہانزیب خان غوریزئی سے ملاقات کی اور ان کے والد، ریٹائرڈ سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو محمد اعظم خان پٹھان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے جہانزیب خان غوریزئی کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد بھی پیش کی۔

حاجی حنیف خان اچکزئی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان اور دیگر رہنماؤں نے حاجی حنیف خان اچکزئی حمیدزئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین احمد خان، عبدالصادق خان، حاجی جلیل خان، صورت خان، کلیم اللہ خان، امان اللہ اور دیگر رہنماؤں نے تعزیتی بیان میں حاجی حنیف خان اچکزئی حمیدزئی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی کہ مرحوم کے اہل خانہ اور پسماندگان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ آمین۔

والد قادر بخش کو منظر عام پر لا کر عدالت میں پیش کیا جائے، حفیظہ قادر

ایک ماہ قبل والد کو خضدار سے حراست میں لیکر نامعلوم مقام پر منتقل کیا

تا حال کوئی معلومات نہیں دی جارہی جس کی وجہ سے ہمیں تشویش لاحق ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ضلع خضدار باغبانہ کی رہائشی حفیظہ قادر نے کہا ہے کہ ایک ماہ قبل میرے والد قادر بخش کو خضدار کے علاقے سے حراست میں لیکر نامعلوم مقام پر منتقل کیا تھا تاحال اس کے حوالے سے کوئی معلومات نہیں دی جارہی اور نہ ہی عدالت میں پیش کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے ہمیں شدید تشویش لاحق ہے انہیں منظر عام لا کر عدالت میں پیش کیا جائے تاکہ ہم قانونی چارہ جوئی کر سکیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو عدالت روڈ پر قائم وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے احتجاجی کیمپ میں نصراللہ بلوچ کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرے والد قادر بخش کو 6 ستمبر 2026ء کو خضدار کے قریب سے سیکورٹی فورسز نے حراست میں لیکر نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا تاحال ان کے بارے میں ہمیں کوئی معلومات نہیں دی گئی۔ اس حوالے سے ہم نے متعلقہ تھانہ، انتظامیہ اور دیگر حکام سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی اور نہ ہی ان کی خیریت کے بارے میں آگاہ کیا جس کی وجہ سے خاندان شدید ذہنی کرب، اذیت اور بے چینی کی صورتحال سے دوچار ہے۔

موبائل کارڈ پیکجز میں اضافے کو مسترد کرتے ہیں، اے کیو ایم

صارفین کو 100 روپے کے موبائل کارڈ لوڈ پر بھاری ٹیکس دینا ہو گا

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی پریس ریلیز میں موبائل کارڈ چارج پیکجز میں مزید اضافے کے فیصلے مسترد کرتے ہوئے بھاری ٹیکس کی وصولی کے فیصلوں کو دشمن قرار دیدیا گیا ہے حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ عوام کو اس اذیت سے آزاد کرایا جائے واضح رہے کہ سابقہ دور میں بیلنس کارڈ سے جب ٹیکس ختم کیا گیا تو کمپنیوں نے تمام کال ایس ایم ایس اور انٹرنیٹ پیکجز مہنگے کر دیئے مثلاً مہینے کا ایس ایم ایس پیکج 48 روپے سے بڑھا کر 70 روپے کا کر دیا اس طرح سے کمپنیوں نے اپنا منافع پورا کر لیا لیکن اب موجودہ حکومت نے بجٹ میں ٹیکس مزید بڑھا دیا ہے جس کی وجہ سے اب صارفین کو 100 روپے کے موبائل کارڈ لوڈ کرنے پر بھاری ٹیکس دینے ہوں گے اور ساتھ ساتھ تمام پیکجز پر بھی دوگنا ٹیکسز دینے ہوں گے اس ظلم پر خاموشی سے ثابت ہو گیا ہے کہ انصاف فراہم کرنے والے اداروں کو بھی عوام کی فکر نہیں ہے عوام سے بذریعہ اخباری بیان اپیل کی گئی ہے کہ موبائل کارڈ اور مختلف پیکجز پر ٹیکسز کے خاتمے تک کارڈ لوڈ کرنے سے احتجاجاً انکار کیا جائے تاکہ موبائل کارڈ پر ٹیکسز کے ساتھ ساتھ تمام پیکجز بھی پرانے ریٹس پر بحال ہو جائے

کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے ہونہار رہنما سرفراز کو متحدہ عرب امارات میں ایوارڈ دیا جا رہا ہے

حکیم لہڑی کی وفات بلوچ قومی سیاست کیلئے بڑا نقصان ہے، نیشنل پارٹی

پوری زندگی قومی سیاسی شعور کی جدوجہد کیلئے وقف کر رکھی تھی، ڈاکٹر عبدالمالک

مرحوم کے اہل خانہ، سیاسی رفقا اور تمام سوگواران سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچ قومی سیاست کے عظیم و بزرگ سیاسی رہنما ڈاکٹر حکیم لہڑی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی نے اپنی پوری زندگی بلوچ قومی حقوق، سیاسی شعور اور قومی جدوجہد کے لیے وقف کر دی تھی۔ ان کی وفات بلوچ قومی سیاست اور جدوجہد کے لیے ایک بڑا نقصان ہے، جس کا خلا طویل عرصے تک محسوس کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی ایک بااصول، نظریاتی اور مخلص سیاسی رہنما تھے، جنہوں نے مشکل ترین حالات میں بھی اپنی سیاسی وابستگی اور قومی نظریے پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے اپنی فکری بصیرت، سیاسی جدوجہد اور اصولی موقف کے ذریعے بلوچ معاشرے میں سیاسی شعور کے فروغ اور قومی حقوق کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی نے سیاست کو ذاتی مفاد کے بجائے عوامی خدمت، قومی حقوق اور جمہوری اقدار کا ذریعہ سمجھا اور اسی اصول پر آخری دم تک کاربند رہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مرحوم کی قومی و سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ، سیاسی رفقا اور تمام سوگواران سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

ڈی سی کی زیرصدارت انسداد پولیو مہم پوسٹ کمپین ریویو اجلاس

ڈی ایچ او کوئٹہ، پولیو حکام کی شرکت، متعلقہ حکام کی جانب سے بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرصدارت انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کے حوالے سے پوسٹ کمپین ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، پولیو حکام اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں حالیہ پولیو مہم کی کارکردگی، ای ایس ایمپلیشن، ایم پی کیو اے، ایل کیو اے ایس، زیرو ڈوز بچوں کی کوریج، پولیو ٹیموں کو درپیش مسائل، شیڈنگ سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ حکام کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل اور خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ہدایت کی کہ آئندہ مہم میں ان کے تدارک کے لیے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے زیرو ڈوز بچوں تک رسائی، ٹیموں کی کارکردگی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید موثر بنانے پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے درمیان مربوط رابطہ کاری اور مشترکہ کاوشوں کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

کوئٹہ، سیاسی و سماجی رہنما اختر سالار اور مشتاق جدون کی جانب سے خالق آباد کھلی کچہری میں ایس ایچ او خیر محمد، جتھوئی و لغاری، مشال خان مروت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے عصمت اللہ کی قیادت میں ینگ لیڈر پارلیمنٹیرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

جمال شاہ کاکڑ کو قائداعظم گولڈ میڈل سے نوازنا خوش آئند ہے

عوامی مسائل اجاگر اور ان کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی صوبے اور ملک کے لیے گراں قدر خدمات، مشکل حالات میں بلوچستان کے عوام کے مسائل کے لیے آواز بلند کرنے، سیاسی و جمہوری جدوجہد اور عوامی خدمت کے اعتراف میں انہیں قائداعظم گولڈ میڈل سے نوازنا خوش آئند ہے، بلوچستان انٹیلیکچول تھنک ٹینک کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جمال شاہ کاکڑ کو ان کی غیر معمولی قومی و صوبائی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا ہے، ترجمان نے کہا کہ جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان میں مشکل اور چیلنجنگ سیاسی حالات کے باوجود عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کو فعال، منظم اور عوام سے مربوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کیا اور پارٹی کارکنوں کو متحرک کر کے مسلم لیگ (ن) کے سیاسی کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مسلسل کام کیا۔ ترجمان کے مطابق جمال شاہ کاکڑ نے رکن قومی اسمبلی اور این اے 263 کوئٹہ II کے منتخب نمائندے کی حیثیت سے بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے عوام کو درپیش مسائل کو قومی اسمبلی میں بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان میں انفراسٹرکچر، قومی شاہراہوں، سڑکوں، مواصلاتی رابطوں، پانی، بجلی، روزگار، نوجوانوں، تعلیم، صحت اور پسماندہ علاقوں کی ترقی سمیت عوامی اہمیت کے مختلف مسائل کو قومی فورم پر اٹھایا۔ بلوچستان کی وسیع جغرافیائی حدود، طویل عرصے سے زیر التوا ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی کمی کے معاملے کو بھی انہوں نے مسلسل اجاگر کیا ہے۔

کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے اینٹی انکروچمنٹ عملہ تجاوزات کے خلاف کارروائی میں مصروف ہے

جے ٹی اے آئینی بلوچستان کا زیر التوا پروموشن کیسز پر اظہار تشویش

سلیکشن بورڈ کا اجلاس طلب کیا جائے، پروموشن کیسز کو تاخیر سے بچایا جاسکے

پروموشن اور ڈیفر کیسز تین سال سے التوا کا شکار ہیں، ملازمین ترقی کے منتظر ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جے ٹی اے (آئینی) بلوچستان نے صوبے کے مختلف محکموں میں طویل عرصے سے زیر التوا پروموشن کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ پروونشل سلیکشن بورڈ کا اجلاس فوری طور پر طلب کیا جائے تاکہ ملازمین کے پروموشن کیسز کو بلاوجہ مزید تاخیر کا شکار ہونے سے بچایا جاسکے۔ جے ٹی اے (آئینی) کے رہنماؤں نے کہا کہ متعدد محکموں میں ملازمین کے پروموشن کیسز اور کچھ دیگر ڈیفر کیسز گزشتہ تین سال سے التوا کا شکار ہیں، جس کے باعث کئی ملازمین ترقی کے منتظر ہیں جبکہ بعض ملازمین ریٹائرمنٹ کے قریب پہنچ چکے ہیں۔ پروموشن میں غیر ضروری تاخیر سے ملازمین میں شدید بے چینی اور مایوسی پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین اپنے جائز حق کے منتظر ہیں، اس لیے چیف سیکرٹری بلوچستان فوری نوٹس لیتے ہوئے پروونشل سلیکشن بورڈ کا اجلاس طلب کرنے کے احکامات جاری کریں تاکہ تمام زیر التوا پروموشن کیسز کا شفاف، میرٹ پر اور بروقت فیصلہ کیا جاسکے۔ جے ٹی اے (آئینی) نے چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا کہ پروموشن کیسز کو مزید تاخیر سے بچانے کے لیے فوری پروونشل سلیکشن بورڈ کی میٹنگ کا انعقاد کیا جائے۔ تاکہ ملازمین کو ان کا جائز حق اور ترقی بروقت مل سکے۔

کوئٹہ، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے احتجاجی کیمپ میں حفیظہ قادر نصراللہ بلوچ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

قائدآباد تھانے میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے گئے

قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور علاقہ معززین کی شرکت

کوئٹہ (این این آئی) ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ کی خصوصی ہدایت پر قائدآباد تھانے میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی ایس پی گوالمنڈی اسحاق علی چنگیزی کی زیر صدارت کھلی کچہری میں ایس ایچ او کامران بھٹی، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور علاقہ معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں کے مسائل سنے گئے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کی گئیں۔ امن کمیٹیوں شہریوں اور پولیس کے درمیان رابطہ کو جاری رکھنے کا سلسلہ کاری رہیگا

حیات اللہ خان کاکڑ کی ایم ایس ڈاکٹر ہادی کاکڑ سے ملاقات

علاج معالجے کی سہولیات، انتظامی و طبی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سینڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں 24 گھنٹے ایمرجنسی اور لیبارٹری کی سہولت فعال رکھنا قابل تحسین اقدام ہے، جبکہ ایم ایس ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی جانب سے ہسپتال کے امور کی ذاتی نگرانی اور رات گئے دورے اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ غریب اور مستحق مریضوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینڈیمن ہسپتال کوئٹہ کے ایم ایس ڈاکٹر ہادی کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو درپیش مسائل، علاج معالجے کی سہولیات اور ہسپتال کے انتظامی و طبی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

موجودہ صورتحال سے پاکستانی عوام سخت پریشان ہیں، شفیق دولتزئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ ملک کے موجودہ صورتحال پر تمام پاکستانی عوام سخت پریشانی میں ہیں بلکہ کے سیاسی پارٹی تحریک انصاف کے حالیہ لانگ مارچ پاکستانی عوام کے مسائل اور ملک کے استحکام و سالمیت کے خلاف نہیں بلکہ صرف بانی تحریک انصاف عمران خان کی رہائی کیلئے ہے کئی دنوں سے لوگوں کی تجارتی کاروبار بند ہیں بلکہ دنیا میں پاکستان کی جمہوریت کا مذاق اڑایا جارہا ہے ملک کے لیڈروں کو صرف عدالتوں سے رہائی ملتی ہے۔ ہم حکومت اور اتحادیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ ملک کے صورتحال اور بیرونی دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنا کر حکومت اور اپوزیشن فوراً موثر اقدامات کر کے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر مسئلہ حل کریں چونکہ دشمن عناصر سرتوڑ کوشش کر رہے ہیں کہ پاکستان اندرونی خلفشار، بدامنی کا شکار ہو۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسائل کا حل مل بیٹھ کر نکالا جائے۔

کلی سملی میں طبی مرکز نہ ہونے سے مریضوں کو مشکلات

کوئٹہ (پ ر) سیاسی و سماجی رہنما سید ناصر آغا شکرزئی نے کہا ہے کہ کلی سملی میں طبی مرکز نہ ہونے کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، خصوصاً ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو بروقت ہسپتال منتقل کرنا انتہائی دشوار ہوجاتا ہے، جس کے باعث کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کلی سملی اور گردونواح کی آبادی کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری طور پر طبی مرکز کا قیام ضروری ہے، کیونکہ معمولی بیماری سے لے کر ہنگامی صورتحال تک شہریوں کو علاج کے لیے دور دراز ہسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا ہے، جس سے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ سید ناصر آغا شکرزئی نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کلی سملی میں فوری طور پر طبی مرکز قائم کیا جائے اور وہاں ڈاکٹرز، طبی عملہ، ادویات اور ضروری طبی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ علاقے کے لوگوں کو علاج معالجے کی سہولت میسر آسکے اور ہنگامی حالات میں قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے

کوئٹہ، سریاب روڈ کلی کمالو کے رہائشی تصیر اپنے آنکھوں کے علاج کیلئے حکومت سے اپیل کر رہے ہیں

چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات مکمل

کوئٹہ (پ ر) چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے سال 2026 تا 2028 کے لیے ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات مکمل ہونے کے بعد بزنس فاؤنڈر گروپ کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب کل ٹریڈ سینٹر چمن میں منعقد ہوگی۔ تقریب میں چمن سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی تاجر برادری، سول سوسائٹی، انجمن تاجران، قبائلی و سیاسی مشران اور دیگر معززین کی بڑی تعداد میں شرکت متوقع ہے۔ بزنس فاؤنڈر گروپ کے نومنتخب صدر حاجی حنفیا، اور دیگر عہدیداران کا کہنا ہے کہ چمن چیمبر آف کامرس تاجر برادری کی بلا تفریق خدمت کرے گا اور تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ نومنتخب عہدیداران نے کہا کہ چمن کے تاجروں کو درپیش مسائل، بالخصوص پاک افغان بارڈر، بارڈر ٹریڈ اور دیگر تجارتی مشکلات کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے چیمبر کے پلیٹ فارم سے باقاعدہ رابطہ اور بات چیت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چمن کی تجارتی سرگرمیوں اور بارڈر ٹریڈ سے متعلق مسائل پر اعلیٰ حکام کے ساتھ تفصیلی اجلاس منعقد کیے جائیں گے تاکہ تاجر برادری کے مسائل کو موثر انداز میں متعلقہ فورم تک پہنچایا جاسکے۔

حاجی فتح محمد آغا کا انتقال کرگئے

کوئٹہ (آئی این پی) حاجی فتح محمد آغا انتقال کر گئے حاجی پائیو جمال خیل حاجی ایاز جمال خیل کا بھائی محمد عبداللہ حافظ حسن، عبدالسلام کے والد و ملک لطیف، ہدایت اور کریم کا چچا تھا نماز جنازہ و آج 10 بجے ہلیلی کسٹم میں ہوگا۔

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی مختلف لوگوں کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بی یو جے کی 92 نیوز سے وابستہ صحافی حماد علی کو نوٹس بھیجنے کی مذمت

نوٹسز اور مقدمات کے ذریعے دبانے اور ہراساں کرنے کے سلسلے کی کڑی ہے

اعلی حکام سے معاملے کا نوٹس لینے، انصاف کے تقاضے پورے کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے پیکا ایکٹ کے تحت 92 نیوز کوئٹہ بیورو سے وابستہ رپورٹر حماد علی کو نوٹس بھیجنے اور بار بار طلب کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام صحافیوں کو کیسز، نوٹسز اور مقدمات کے ذریعے دبانے اور ہراساں کرنے کے جاری سلسلے کی کڑی ہے۔ بی یو جے کے صدر منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، کابینہ اور مجلس عاملہ کے اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ این سی سی آئی اے کی جانب سے 92 نیوز کے رپورٹر حماد علی کو ڈیلیمیشن کا نوٹس جس خبر پر جاری کیا گیا وہ ایک نہیں بلکہ کئی دیگر میڈیا چینلز پر بھی چلی ہے۔ 92 نیوز کے رپورٹر کو طلب کرنے پر این سی سی آئی اے کوئٹہ سینٹر میں پیش ہوئے اور اپنا تحریری بیان بھی جمع کروادیا۔ اس کے باوجود اسے بار بار طلب کیا جانا تشویشناک ہے۔ اور دباؤ میں لانے کے مترادف ہے۔ این سی سی آئی اے نے جس شخص کی شکایت پر کارروائی کا آغاز کیا 92 نیوز پر اس حوالے سے نشر ہونے والی خبر اسلحہ کیس میں درج ایک متن پر مبنی ہے اور اس خبر میں اس شخص کا ذکر تک نہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے یہ عمل صحافیوں کو دباؤ میں لانے اور آزادی صحافت پر کھلا حملہ ہے بی یو جے قیادت نے بلوچستان حکومت، آئی جی پولیس بلوچستان اور این سی سی آئی اے کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس کا نوٹس لیکر انصاف کے تقاضوں کو پورا کریں۔ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اس سلسلے میں 92 نیوز کے رپورٹر حماد علی کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ، نوابزادہ میر لشکری رئیسانی لیڈر یوتھ سمٹ سے خطاب کر رہے ہیں

بی آر اے کے ممبر آڈٹ، ایس ڈی آئی کو آرڈینیٹر کے درمیان ملاقات

سولرائزیشن سے متعلق ٹیکس امور اور وضاحت طلب نکات پر تبادلہ خیال کیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ممبر آڈٹ اور اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز (SDI) کے پروگرام کوآرڈینیٹر کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کے حوالے سے ایس ڈی آئی پروگرام، بالخصوص سولرائزیشن سے متعلق ٹیکس امور اور وضاحت طلب نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سولرائزیشن پروگرام سے متعلق BSTS کے قابل اطلاق تقاضوں اور ٹیکس سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ معاملات میں مزید وضاحت اور باہمی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں ٹیکس قوانین کے موثر نفاذ، متعلقہ اداروں کو رہنمائی فراہم کرنے اور ٹیکس سے متعلق امور کو واضح کرنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

بلوچستان حکومت اور ایچ بی ایل کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

خصوصی افراد کو مالی معاونت اور دیگر فلاحی اقدامات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ HBL konnect کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے کاوشوں اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی کی مسلسل محنت کے نتیجے میں کوئٹہ میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان عصمت اللہ قریشی HBL konnect کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت کا مقصد KUMAK پروگرام کے تحت خصوصی افراد کو مالی معاونت، تعلیمی سہولیات اور دیگر فلاحی اقدامات کی شفاف اور مؤثر فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ KUMAK پروگرام کے تحت حکومت بلوچستان خصوصی افراد کے لیے وظائف اور تعلیمی سہولیات فراہم کرے گی، جس میں پی ایچ ڈی تک تعلیم کے اخراجات بھی حکومت بلوچستان کے خرچ پر یقینی بنائے جائیں گے، جبکہ خصوصی افراد کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بلاسود قرضوں سمیت دیگر سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی HBL konnect کے ذریعے ان سہولیات اور مالی معاونت کی مستحق افراد تک رسائی کو مزید آسان، شفاف اور مؤثر بنایا جائے گا، جس سے خصوصی افراد کی تعلیم، مالی خودمختاری اور معاشرتی شمولیت کے لیے حکومت بلوچستان کے اقدامات کو عملی طور پر مزید تقویت ملے گی۔

کوئٹہ، لورالائی کی رہائشی خاتون حکومت سے مدد کی اپیل کر رہی ہیں

SHOW CAUSE NOTICE

WHEREAS, it has been brought to the notice of the Competent Authority that you, **Dr. Nazish Baloch, Assistant Professor Gynecology(B-18),** Health Department, Government of Balochistan have committed the following acts of omission and commission that:-

"You were required to report for duty at Teaching Hospital, Kalat w.e.f 01st January, 2026. However, you failed to report for duty on the due date and have continued to remain absent from your official duties to date"

2.**WHEREAS**, by reasons of above, you are found to be guilty in terms of Section 3 of the Balochistan Employees' Efficiency & Discipline Act, 2011 and liable to penalty which may include dismissal from service as prescribed under Section 4 of the ibid Act.

3.**AND WHEREAS**, I, Mujeeb-ur-Rehman, Secretary Health, being Competent Authority after considering the above-mentioned facts of the case and reason (s)/ground (s) thereof, am satisfied that there is no need to hold an inquiry against you under Section 5 of the said Act.

4.**NOW, THEREFORE**, you are hereby called upon to submit written defence of Show Cause within seven (7) days of the receipt of this notice as to why the penalty/penalties including **"dismissal from service"** may not be imposed upon you under ibid Act.

5.**PLEASE TAKE** notice that in case of your failure to submit a reply within the prescribed period, it would be presumed that you have no defence to offer or have declined to offer the same and accepted the charge (s) and in that case, ex-parte order will be passed against you.

Secretary Health/Competent Authority

PRQ No.1790/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

GOVERNMENT OF PAKISTAN
ESTATE OFFICE
Regional Directorate Pak PWD Complex
2nd Floor Sariab Road Quetta

PUBLIC AUCTION NOTICE
FOR AUCTION OF UNSERVICEABLE/DISMANTLED CIVIL& E/M ITEMS

This office intends to dispose of the unserviceable, obsolete and surplusmaterial/items through auction. The firms are invited to quote their amount for auction of unserviceable Civil/E/M Store material available at Federal Lodge-I, II & III Quetta. The firms should be registered with the Income Tax Department and be on the Active Taxpayers List (ATL) of the Federal Board of Revenue (FBR).

The detailed list of unserviceable items (Civil& E/M) can be obtained from this office during office hours subject to payment of cost of tender amounting to Rs.1,000/- (Rupees One Thousand only), non-refundable. The firms/individual should submit their quoted rates in sealed envelope in the office of Assistant Director, Estate Office Management, Quetta on 26/10/2026 up to 10:00 A.M., which will be opened on the same day at 11:00 A.M.in the presence of the Auction Committee and firms/their authorized representatives who wish to be present.

TERMS & CONDITIONS OF AUCTION

1. Every prospective bidder or his authorized representative shall bring his/her original CNIC along with a photocopy thereof on the date of inspection/auction.
2. The auction material/items can be inspected from 08/10/2026 to 26/10/2026 from 10:00 A.M. to 3:00 P.M.at Federal Lodge-I, II & III Quetta.
3. All items will be auctioned on AS IS WHERE IS basis.
4. All applicable government taxes shall be payable by the successful bidder.
5. Under PPRA Rule No. 33, Estate Office reserves the right to reject any or all bids.
6. All bidders are required to deposit 5% of the total bid amount in the shape of CDR in favor of the concerned DDO as refundable Earnest Money.
7. The successful bidder shall be required to deposit 25% of the total auction amount on the same day of receiving the acceptance letter, while the remaining 75% amount shall be deposited within three (03) working days.
8. The deposited 25% amount shall be forfeited if the successful bidder fails to deposit the remaining amount within the stipulated period.
9. The successful bidder shall be responsible for lifting/removal of the auctioned items at his own cost within two (02) days after payment of 100% of the auction amount. This office shall not be responsible for any loss or damage after expiry of the stipulated period.
10. Employees of the Estate Office are not eligible to participate in the auction process.
11. Under Rule 33(1) of PPRA Rules, 2004, the competent authority reserves the right to accept or reject any or all bids/proposals at any time prior to acceptance of the bid/proposal.

ASSISTANT DIRECTOR
ESTATE OFFICE QUETTA
Phone: 0333-7888273

PID(Q)118/26

TENDER NOTICE

TSE-2627101205333 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Irrigation Division Tump invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF PROTECTION BUND FOR GIRLS SCHOOL SORRO MAND PSDP 2026-27 NO.2797 (Z2026.2714)	25,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 17,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems), CE04(v) (Irrigation Only). **Procedure Of Procurement:**Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **22 October, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **22 October, 2026**till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Office of Executive Engineer Irrigation Division Tump **Phone no:** 03178452746 **Fax no:** 0852413327 **Email:** beebagrazim@gmail.com

Executive Engineer Irrigation Division Tump

DPRQ/PRQ No.1793/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS AND INTERFAITH HARMONY
(8th Floor, Green Trust Tower, Blue Area, Islamabad)

EXTENSION IN LAST DATE FOR SUBMISSION OF ONLINE APPLICATIONS
PAKISTAN MINORITIES WELFARE FUND SCHOLARSHIP-2026-27

With reference to the advertisement regarding **Pakistan Minorities Welfare Fund Scholarship for the Academic Year 2026-27**, published in the newspapers on **05-09-2026**, it is hereby notified that the last date for submission of **online applications, earlier fixed as 04-10-2026**, has been extended up to **19-10-2026.**

All other terms and conditions mentioned in the original advertisement shall remain **unchanged.**

No application shall be entertained after 19-10-2026.

For further details, eligibility criteria and submission of online applications, please visit the official website/online scholarship portal of the **Ministry of Religious Affairs & Interfaith Harmony (www.mora.gov.pk).**

Section Officer (IH-II)
Ph:- 051-9208487

PID(I) 3240/26

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

وزیراعلیٰ کا ویژن: پی پی ایچ آئی نے (AI) پر مبنی بھرتی نظام کا آغاز کر دیا

شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کی شناخت اور اسناد کی تصدیق نادرا کے ذریعے کی جاتی ہے، جبکہ تمام امیدواروں کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ بھی لازمی قرار دیا گیا ہے

نظام ملازمت کے اشتہار سے لے کر امیدوار کی حتمی تقرری تک بھرتی کے پورے عمل کو خودکار طریقے سے انسانی مداخلت، شکوک و شبہات کے خاتمے میں معاون ثابت ہو رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، ڈیجیٹل گورننس کے فروغ اور صوبے میں میرٹ پر مبنی نظام کے قیام کے تحت صوبائی حکومت نے سرکاری بھرتیوں کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور انسانی مداخلت سے حتی الامکان پاک بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت کی ہے، جہاں پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) بلوچستان نے مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی جدید ڈیجیٹل بھرتی و اسیسمنٹ سسٹم ProMetriX متعارف کرایا ہے۔ یہ جدید نظام ملازمت کے اشتہار سے لے کر امیدوار کی حتمی تقرری تک بھرتی کے پورے عمل کو ڈیجیٹل اور خودکار بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی مداخلت، صوابدیدی اختیارات، اقربا پروری، پرچوں کے افشا ہونے اور امیدواروں کے انتخاب سے متعلق شکوک و شبہات کے خاتمے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ ProMetriX کے تحت امیدوار پی پی ایچ آئی کے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں جمع کراتے ہیں، جس کے بعد نظام خودکار طور پر محفوظ کیو آر کوڈ پر مشتمل ایڈمیشن سلپ جاری کرتا ہے۔ شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کی شناخت اور اسناد کی تصدیق نادرا کے ذریعے کی جاتی ہے، جبکہ تمام امیدواروں کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نظام کی ایک اہم خصوصیت روایتی پینل انٹرویو کے طریقہ کار کی جگہ معیاری سوالات پر مشتمل ویڈیو جوابات کا استعمال ہے، جن کا جائزہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار کے ذریعے امیدواروں کی جانچ میں انسانی جانبداری اور غیر ضروری مداخلت کے امکانات کو کم کیا گیا ہے۔ پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے اس جدید نظام کے تحت بڑے پیمانے پر بھرتی کا عمل کامیابی سے مکمل کیا گیا، جس میں لیڈی میڈیکل آفیسرز، گائناکالوجسٹس، ماہرین اطفال، متعدی امراض، امراض قلب، امراض جلد، نفسیات اور پلمونری امراض کے ماہرین سمیت مختلف شعبوں کی 652 آسامیوں پر بھرتیاں کی گئیں۔ ProMetriX کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ ٹیسٹ مکمل ہوتے ہی نتائج خودکار طور پر مرتب ہوتے ہیں اور میرٹ لسٹ فوری طور پر تیار کی جاتی ہے۔ اسی طرح اجلاس کی کارروائی بھی خودکار طریقے سے مرتب ہونے کے بعد کامیاب امیدواروں کو تقرری کے خطوط جاری کیے جا سکتے ہیں، جس سے روایتی دفتری تاخیر اور غیر ضروری بیوروکریٹک مراحل میں نمایاں کمی آتی ہے۔ صوبائی حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل گورننس اور میرٹ پر مبنی بھرتی کے نظام کو فروغ دینے کا مقصد سرکاری اداروں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ ProMetriX جیسے جدید نظام کو مستقبل میں دیگر سرکاری محکموں اور اداروں تک وسعت دے کر بھرتی کے عمل کو مزید مؤثر، شفاف اور قابل اعتماد بنایا جا سکتا ہے۔ بلوچستان میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال صوبے میں جدید طرز حکمرانی اور انتظامی اصلاحات کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو نہ صرف بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو تقویت دے سکتا ہے بلکہ مستقبل میں پاکستان کے دیگر صوبوں کے لیے بھی ایک قابل تقلید ماڈل ثابت ہو سکتا ہے۔

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی ضروری ہے، سید امان شاہ

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت متعدد سیاسی، معاشی اور انتظامی چیلنجز سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی محاذ آرائی اور باہمی کشیدگی کسی صورت ملک کے مفاد میں نہیں۔ حکومت اور اپوزیشن سمیت تمام سیاسی قوتوں کو سنجیدگی، تدبر اور قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، کاروباری سرگرمیوں میں کمی اور عوام کی قوت خرید میں مسلسل کمی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ معاشی استحکام کے لیے مستقل اور مؤثر پالیسیاں تشکیل دینے کے ساتھ ساتھ صنعت، تجارت، زراعت اور روزگار کے شعبوں کو فوری سہولیات فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام کا براہ راست اثر ملکی معیشت پر پڑتا ہے۔۔۔

عوام سے کیے وعدے پورے کر رہے ہیں، مبشر عزیز کھوسہ

بیلہ میں ترقیاتی کاموں کا معائنہ، معیار اور رفتار یقینی بنانے کی ہدایت

بیلا (یو این اے) میونسپل کمیٹی بیلہ کے چیئرمین میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ نے محلہ قاضی بشیر احمد بیلہ سٹی میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایم سی کلرک نصیر احمد رونجھو بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین اور وائس چیئرمین نے علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا، جن میں جنرل ہارون کمیونٹی ہال، نکاسی آب اور دیگر بنیادی نوعیت کے ترقیاتی کام شامل ہیں۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ جاری کاموں میں معیار اور رفتار کو یقینی بنایا جائے۔۔۔۔۔۔

ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ لینڈ ریونیو اور زرعی انکم ٹیکس سے متعلق ریونیو اسٹاف کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ پولیس اور محکمہ سوشل ویلفیئر کا کریک ڈاؤن، 150 سے زائد منشیات کے عادی گرفتار

شہر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے سال بھر آپریشن جاری رہے گا، منشیات استعمال کرنے والے گرفتار افراد کو بحالی سنٹر منتقل کر دیا گیا، آصف غفور

سڑکوں، چوراہوں اور عوامی مقامات پر موجود منشیات کے عادی افراد کو بحالی مراکز منتقل کرنے کا سلسلہ کامیابی سے آگے بڑھ رہا ہے، ایس ایس پی میڈیا سے گفتگو

ٹیکسٹائل برآمدات میں اضافہ حوصلہ افزا، حکومت توانائی، فنانسنگ اور ٹیکس مسائل حل کرے، سینیٹر عبدالقادر

پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات 6.51 فیصد اضافہ، پہلی سہ ماہی میں 5 ارب 14 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں

ویلیو ایڈڈ مصنوعات اور عالمی منڈیوں پر توجہ سے ٹیکسٹائل برآمدات مزید بڑھائی جا سکتی ہیں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قومی پیداوار

گوادر پورٹ سے ایران اور علاقائی منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے کیلئے اقدامات کا فیصلہ

گوادر پورٹ اور ایران کے درمیان تجارتی راہداری مؤثر بنانے کیلئے کسٹمز، تاجروں اور اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس جمعرات کو منعقد ہوگا

چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ٹرانزٹ ٹریڈ عرفان جاوید سے ملاقات میں مؤثر اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

تحقیقی سرگرمیاں طلبہ کی شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، محمد حسن

ایچ ای سی کے زیراہتمام منعقدہ ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

حقدار افراد کی فلاح و بہبود کیلئے صوبائی حکومت کے پروگرام کیلئے سیکرٹری سماجی بہبود مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کی مداخلت، سوراب کے شہری کا شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا

اسلام آباد/سوراب (اے این این) وفاقی محتسب کی بروقت اور مؤثر مداخلت کے باعث بلوچستان کے علاقے سوراب کے رہائشی کی نادرا (NADRA) کے خلاف شکایت کا کامیابی سے ازالہ کر دیا گیا ہے۔ نادرا کی تکنیکی غلطی کے باعث شہری کا ایک سال سے التوا کا شکار قومی شناختی کارڈ (CNIC) جاری کر دیا گیا ہے جس پر سائل نے وفاقی محتسب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ماراپ سرجنگل ڈاکخانہ، سوراب کے رہائشی درخواست گزار محمد علی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں نادرا کی جانب سے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر اور غلط بائیو میٹرک رجسٹریشن کے خلاف شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ ان کا بائیو میٹرک ڈیٹا نادرا سسٹم کی غلطی کے باعث ایک غیر متعلقہ خاتون کے ساتھ منسلک (لنک) ہو گیا تھا، جس کی وجہ سے گزشتہ ایک سال سے ان کا شناختی کارڈ جاری نہیں ہو پا رہا تھا اور وہ روزمرہ کے معاملات میں شدید پریشانی کا شکار تھے۔ شہری کی درخواست پر وفاقی محتسب نے اس سنگین غفلت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نادرا انتظامیہ سے جواب طلب کیا اور معاملے کو جلد از جلد حل کرنے کی سخت ہدایت کی۔

پولیس افسران و اہلکاروں کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، محمد سہیل چوہدری

آئی جی اسلام آباد کی کمیونٹی پولیسنگ تیز کرنے اور شہری سہولیات بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی این سی سی آئی اے وایم ڈی نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت کمانڈ پرفارمنس کا جائزہ اجلاس میں ادارہ جاتی امور کو مزید فعال بنانے، انٹر ڈیپارٹمنٹل کوآرڈینیشن کو مضبوط کرنے، سائبر کرائم کے تدارک کے لیے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ حکمت عملی اپنانے اور پولیس ملازمین وان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کو مزید مربوط اور مؤثر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی و مینجنگ ڈائریکٹر نیشنل پولیس فاؤنڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت دونوں اداروں کی کمانڈ پرفارمنس کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی اور نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹرز سمیت دیگر سینئر افسران نے شرکت کی، اجلاس کے دوران افسران نے اپنی برانچز کی ماہانہ کارکردگی، زیر التواء امور، جاری ترقیاتی منصوبوں اور درپیش انتظامی چیلنجز پر تفصیلی بریفنگ دی، مزید برآں اجلاس میں ادارہ جاتی امور کو مزید فعال بنانے، انٹر ڈیپارٹمنٹل کوآرڈینیشن کو مضبوط کرنے، سائبر کرائم کے تدارک کے لیے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ حکمت عملی اپنانے اور پولیس ملازمین و ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کو مزید مربوط اور مؤثر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔۔۔۔۔۔

گوادر ایمبولینس سروس نے 4 ہزار سے زائد مریضوں کو سہولت فراہم کی

گوادر ایمبولینس سروس کیلئے 20 لاکھ روپے کی گرانٹ، جیونی میں بھی سروس شروع کرنے کا منصوبہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے تحت گوادر ایمبولینس سروس کے لیے گرانٹ کی فراہمی کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں بلوچستان رائز پروگرام، ضلعی انتظامیہ اور گوادر ایمبولینس سروس کے نمائندگان سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ بلوچستان رائز پروگرام حکومت بلوچستان کا ایک اہم پروگرام ہے جو بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے تعاون سے جاری ہے، جس کا مقصد مقامی اداروں کو بااختیار بنانا، عوامی شمولیت کو فروغ دینا، سماجی ہم آہنگی کو مضبوط کرنا اور معاشرے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ تقریب کے دوران چیئرمین گوادر ایمبولینس سروس نسیم موسیٰ نے سروس کی کارکردگی اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

جعلی ملازمت کے نام پر رقم بٹورنے والے تین ایجنٹس سے مکمل رقم وصول کر لی۔ ایف آئی اے

سعودی عرب ملازمت کا جھانسہ دینے والے سے متاثرہ شہری کو 4 لاکھ 50 ہزار واپس دلوا دیے

اسلام آباد: (اسلام آباد نمائندہ خصوصی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل (AHTC) اسلام آباد نے انکوائری نمبر 26/546-RE کے تحت سعودی عرب ملازمت کے نام پر شکایت کنندہ بنیامین سے 4 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کرنے والے ایجنٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مکمل رقم شکایت کنندہ کو واپس دلوا دی۔ تحقیقات سے ثابت ہوا کہ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر (OEP) حافظ اینڈ کمپنی کے تین ایجنٹس نے مل کر شکایت کنندہ بنیامین کے بیٹے عمر بنیامین کو سعودی عرب میں ملازمت فراہم کرنے کا جھانسہ دیا اور اس سے 4 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کیے۔ جب شکایت کنندہ کا بیٹا سعودی عرب پہنچا تو وہاں نہ کوئی معاہدہ تھا اور نہ ہی کوئی کمپنی۔ اسے ذلیل و خوار ہو کر واپس آنا پڑا۔ اس دوران اضافی اخراجات بھی شکایت کنندہ نے خود برداشت کیے۔ ایف آئی اے کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں تینوں ایجنٹس کو نوٹسز جاری کیے گئے

عوامی خدمت کے اہم ستون، مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے، سید علی ناصر رضوی

این سی سی آئی اے اور نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کی کارکردگی کا جائزہ، سائبر کرائم کے تدارک پر زور

اسلام آباد (شاکر رحمان) تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال اسلام آباد: چین کی فودان یونیورسٹی کے چھ رکنی وفد نے بحریہ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ یہ دورہ اعلیٰ سطحی تعلیمی روابط کا حصہ تھا جس کا مقصد اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں پاکستان اور چین کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ فودان یونیورسٹی کے وفد کی قیادت چن یان، ایسوسی ایٹ وائس پریزیڈنٹ اور ایگزیکٹو ڈین، گریجویٹ اسکول نے کی۔ وفد میں شیان جینگ ہان، وائس ڈین، گریجویٹ اسکول؛ پروفیسر ژانگ جون لیانگ، شعبہ کیمسٹری؛ پروفیسر شیاؤ جیانگ، شعبہ فزکس؛ ژو یان جون، پروگرام مینیجر، انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس آفس؛ اور چین جی ہونگ، پروگرام مینیجر، آفس آف گلوبل پارٹنرشپس شامل تھیں۔ دورے کے دوران وفد نے JUSTCOOL کے حوالے سے ایک معلوماتی سیشن منعقد کیا۔ JUSTCOOL فودان یونیورسٹی، شنگھائی جیاؤ ٹونگ یونیورسٹی اور ٹونگجی یونیورسٹی کا مشترکہ بین الاقوامی ڈاکٹریٹ داخلہ پروگرام ہے۔ سیشن میں فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو ریاضی، فزکس، کیمسٹری اور لائف سائنسز سمیت اہم شعبہ جات میں ڈاکٹریٹ کی تعلیم کے مواقع کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ وفد نے بحریہ یونیورسٹی کی اعلیٰ قیادت اور فیکلٹی ممبران سے بھی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے تعلیمی شعبہ جات اور مستقبل میں تعاون کے ممکنہ مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسلام آباد اور راولپنڈی کی مختلف جامعات سے تعلق رکھنے والے فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ بھی شریک ہوئے۔ بحریہ یونیورسٹی کے لاہور اور کراچی کیمپسز کے فیکلٹی ممبران اور طلبہ نے بھی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت

کوئٹہ، سینیٹ کے قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر صحافی ظاہر خان ناصر کے بھائی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

زرعی انکم ٹیکس کی عدم ادائیگی پر قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، اے ڈی سی کوئٹہ

حکومتی اسکیموں سے فائدہ اٹھانے والے نادہندہ کی فہرستیں طلب، ٹیکس ریکوری کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت

سولرائزیشن، ٹریکٹر، کھاد و بیج کی سہولیات لینے والے واجبات ادا کریں، آغا سمیع اللہ کی ریونیو افسران کو کارروائی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ کی زیر صدارت لینڈ ریونیو کلیکشن اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن کے تحصیلداران، نائب تحصیلداران، سب رجسٹرارز اور دیگر ریونیو افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے ایڈیشنل کمشنر کو اپنی گزشتہ چھ ماہ کی کارکردگی اور پروگریس رپورٹس پیش کیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ نے کہا کہ لینڈ ریونیو کلیکشن اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور ٹیکس ریکوری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انکم ٹیکس کے مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ محکمہ زراعت سے سولرائزیشن اسکیم سے استفادہ کرنے والے تمام زمینداروں کی فہرستیں فوری طور پر حاصل کی جائیں اور ایسے زمینداروں کی نشاندہی کی جائے جو حکومتی اسکیموں سے فائدہ اٹھانے کے باوجود اپنے واجب الادا زرعی ٹیکس اور دیگر سرکاری واجبات جمع نہیں کرا رہے۔ آغا سمیع اللہ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے زمینداروں کو سولرائزیشن، گرین ٹریکٹر اسکیم، کھاد، بیج اور دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، تاہم اس کے ساتھ زمینداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے قانونی و مالی واجبات بروقت ادا کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ٹیکس ادا نہ کرنے والے زمینداروں کے خلاف قانون اور قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور اس حوالے سے متعلقہ ریکارڈ مرتب کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ اپنے اضلاع میں مختلف سرکاری زرعی اسکیموں سے استفادہ کرنے والے زمینداروں کی فہرستیں جلد از جلد مرتب کر کے پیش کی جائیں تاکہ ٹیکس واجبات کی جانچ اور ضروری قانونی کارروائی کی جا سکے۔ انہوں نے ریونیو افسران کو یہ بھی ہدایت کی کہ زمیندار ایکشن کمیٹی کے عہدیداران سے ملاقاتیں کر کے ٹیکس ادائیگی کی اہمیت اور حکومتی پالیسیوں سے متعلق آگاہی فراہم کریں

بیلہ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چور گرفتار اور مسروقہ بائیک برآمد

بیلا (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر ایس ایچ او بیلہ یار محمد کمانڈو کی کامیاب کارروائی، ملزم گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد تفصیل کے مطابق ایس۔ ایس۔ پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر ایس ایچ او بیلہ یار محمد کمانڈو نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے پولیس تھانہ بیلہ کے مقدمہ نمبر 66/2026 بجرم 381-A ت پ میں ملوث ملزم موٹر سائیکل چور عبدالغنی ولد محمد ابراہیم سکنہ کاٹھوڑ بیلہ کو گرفتار کر لیا

بلوچستان کی شاہراہوں پر 6 اکتوبر کو 34 حادثات، 73 افراد زخمی، ایک جاں بحق

بختیار آباد بی میں 3 حادثات، 34 افراد زخمی ہوئے 1122 کی رپورٹ

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کی مختلف شاہراہوں پر 6 اکتوبر کو 34 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے جن میں 73 افراد زخمی جبکہ ایک شخص جاں بحق ہوا۔ میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز (MERC) 1122 بلوچستان کی روزانہ رپورٹ کے مطابق ٹراما سینٹر ژوب میں 10 حادثات میں 11 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ ٹراما سینٹر خضدار میں 9 حادثات میں 13 زخمیوں کا علاج کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق بختیار آباد بی میں 3 حادثات میں 34 افراد زخمی ہوئے، وندر لسبیلہ میں 6 حادثات میں 7 افراد، کچی پاس مستونگ میں 2 حادثات میں 2 افراد، زیارت کراس پشین میں ایک حادثے میں 2 افراد اور ملکھو لورالائی میں ایک حادثے میں 2 افراد زخمی ہوئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 6 اکتوبر کو بلوچستان کی مختلف شاہراہوں پر مجموعی طور پر 34 حادثات میں 73 افراد کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ حادثات کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہوا۔

ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، نور احمد پرکانی

شجر کاری، صاف و شفاف ماحول اور ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں، سیکرٹری ماحولیات بلوچستان

بڑھتی ہوئی آبادی، شہری پھیلاؤ، جنگلات میں کمی، فضائی آلودگی اور دیگر ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اقدامات کی ضرورت ہے، بیان

کوئٹہ (اے این این) سیکرٹری ماحولیات بلوچستان نور احمد پرکانی نے کہا ہے کہ صاف، صحت مند اور آلودگی سے پاک ماحول ہر شہری کا بنیادی حق ہے، ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، قدرتی وسائل کے تحفظ، شجر کاری کے فروغ اور ماحولیاتی قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے محکمہ ماحولیات اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل اور منفرد ماحولیاتی تنوع سے مالا مال صوبہ ہے، تاہم بڑھتی ہوئی آبادی، شہری پھیلاؤ، جنگلات میں کمی، فضائی آلودگی اور دیگر ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اقدامات کی ضرورت ہے۔ حکومت کے ساتھ ساتھ عوام، کاروباری طبقے، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کو بھی ماحولیاتی تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ نور احمد پرکانی نے کہا کہ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی، جبکہ صنعتوں اور دیگر اداروں میں ماحولیاتی اصولوں کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ ماحولیاتی آلودگی انسانی صحت، جنگلی حیات اور قدرتی ماحول کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے جس پر قابو پانے کے لیے مستقل بنیادوں پر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شجر کاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ درخت نہ صرف ماحول کو صاف رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی عدم توازن کے اثرات کم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ عوام خصوصاً نوجوان نسل کو شجر کاری اور درختوں کے تحفظ کی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینا چاہیے۔ سیکرٹری ماحولیات نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ صرف کسی ایک محکمے کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ شہری اپنے اردگرد صفائی کا خیال رکھیں، کچرے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگائیں، پلاسٹک کے غیر ضروری استعمال میں کمی لائیں

کراچی، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کو چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ایڈمرل شاہد احمد سووینئر دے رہے ہیں

اشتہار بنام عوام الناس

ہر گاہ عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ Revised Section - 04 کیلئے مختص کردہ زمین درکار ہے جو کہ تحصیل خانوزئی اور نانا صاحب تحصیل خانوزئی اور تحصیل نانا صاحب میں بحال طور ذب صاحب کاریز، صاحب کاریز خانوزئی بحال لوڑئی پر واقع ہیں اور جو کہ تقریباً Rod 0- Pol 392 پر مشتمل ہے۔ لہٰذا بحیثیت کلکٹر لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1894 کے تحت ایکوزیشن برائے نیشنل ہائی وے اتھارٹی بلوچستان جو کہ ایریا چینج بمقام خانوزئی کیلئے Revised Section - 04 کرنے جا رہا ہے تاکہ ایوارڈ کا عمل مکمل کیا جا سکے اور اس نوٹس کے تحت اگر کسی شخص کو اعتراض ہو تو لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1894 کے Section -5 (A) کے تحت ایک مہینے کے اندر اپنا اعتراض ڈپٹی کمشنر / کلکٹر ضلع پشین کو جمع کروا سکتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر / کلکٹر ضلع پشین

PRQ No1800/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے بھرتی کنٹریکٹ ملازمین / واک ان انٹرویو

محکمہ صحت ضلع کچھی بلوچستان کے اشتہار PRQ No 275/2026 مورخہ 20 جولائی 2026 کو مشتہر ہوا تھا۔ جس پر عدالت عالیہ کی جانب سے حکم امتناعی جاری کیا گیا تھا۔ اور ضلعی ناظم صحت کچھی نے عدالت عالیہ کے حکم کے مطابق تعیناتیوں کی کارروائی روک دی گئی تھی۔ اور جاب پورٹل کو بند کر دیا تھا۔ اب چونکہ عدالت عالیہ نے مورخہ 28 ستمبر 2026 کو اپنا فیصلہ دے دیا ہے اور حکم امتناعی ختم کر دیا ہے۔ اور جناب معتمد صحت حکومت بلوچستان کی چٹھی نمبر SO-II(H)/20-Kachhi/2026/3524 Dated 02/10/2026 کے تحت دوبارہ کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی ہیں۔ لہٰذا اشتہار مشتہر ہونے کے بعد 20 دن کے اندر اندر جن امیدواروں نے اپنی درخواستیں جمع نہیں کروائیں تھی وہ اپنی درخواستیں جاب پورٹل https://jobs.hrmishealth.com پر جمع کروا سکتے ہیں۔ اور جن امیدواروں نے پہلے سے درخواستیں جمع کرائی ہیں۔ وہ دوبارہ درخواست جمع کروانے کی زحمت نہ کریں۔

ضلعی ناظم صحت کچھی بمقام ڈھاڈر

PRQ No1801/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The last date of Bid Submission for the Scheme Advertised vide PRQ No.1484/21-9-2026 is extended to 12 th October 2026. All the other conditions remain the same.

PRQ No.1794/07-10-2026

Assistant Director
Local Government
Ziarat

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر 04-D شہباز ٹاؤن فیز II کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسمی سید نجیب الدین ولد سید عبداللہ اس کا مالک ہے۔ اور اب مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ مسماۃ بی بی صائمہ زوجہ سید عنایت اللہ کو فروخت کرنے کے لئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے۔ لہٰذا اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے۔ معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کرے گا۔

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی

اشتہار برائے کھلی نیلامی

عام اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈویژن نصیر آباد کے زیر انتظام واٹر سپلائی اسکیموں کے Raw Water Tanks کے تالاب، مین واٹر سپلائی ٹینکس اور متعلقہ ذخائر مٹی، گاد (Silt) اور بھل سے بھر جانے کے باعث ان کی بھل صفائی / Desilting کروانا مقصود ہے۔
مذکورہ کے تالابوں اور Raw Water Tanks سے نکلنے والی مٹی / بھل کی صفائی اور نکاسی کا کام کھلی نیلامی کے ذریعے کروایا جائے گا۔ خواہشمند ٹھیکیداران / بولی دہندگان مقررہ تاریخ، وقت اور مقام پر اپنی بولی میں شرکت کر سکتے ہیں۔

نیلامی کی تفصیلات

تاریخ نیلامی 23-10-2026۔ وقت: 11:00 بجے۔ مقام: دفتر ایکسین، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈویژن نصیر آباد

سیکورٹی 5% بذریعہ CDR / Pay Order / Bank Draft نقد حسب قواعد۔

شرائط و ضوابط:۔

نیلامی میں حصہ لینے والے تمام خواہشمند بولی دہندگان کو محکمہ کی مقررہ شرائط و ضوابط کی پابندی کرنا ہوگی
کامیاب بولی دہندہ کے تالاب Raw Water Tank سے مٹی، گاد اور بھل کی صفائی و نکاسی اپنی ذمہ داری پر کرے گا۔
نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے سرکاری خزانے میں جمع کروائی جائے گی۔
محکمہ کو کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔ دیگر تمام شرائط و ضوابط موقع پر محکمہ کی جانب سے بتائے جائیں گے۔

ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈویژن نصیر آباد

PRQ No1798/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار

محکمہ ہذا کے اشتہار PRQ No 1615/29-09-2026 کے تحت ضلع اوستہ محمد کی آسامیوں کی تعداد میں درجہ ذیل تصحیح پڑھا جائے دیگر شرائط و ضوابط حسب سابق ہیں۔

آسامیوں کی تفصیل	خاکروب	چوکیدار	نائب قاصد
میرٹ کی آسامیاں	2	7	8
05% اقلیت کوٹہ	0	1	1
05% معذور کوٹہ	0	1	1
05% خواتین کوٹہ	0	1	1

نوٹ:۔ تمام آسامیوں کی سکول وار، یونین کونسل وار تفصیلات متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفاتر میں نمایاں مقام پر آویزاں کی گئی ہیں۔

ڈائریکٹر اسکولز بلوچستان کوئٹہ

PRQ No1799/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 8 اکتوبر 2026ء

معاشی استحکام۔ پائیدار اقتصادی ترقی اور ڈھانچہ جاتی اصلاحات!!

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام، پائیدار اقتصادی ترقی، ڈھانچہ جاتی اصلاحات، تجارت و سرمایہ کاری، نئی معیشت اور مالی سہولیات تک رسائی حکومت کی اہم ترجیحات ہیں۔ انہوں نے یہ بات بدھ کو پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کی دسویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے گزشتہ اڑھائی برس کے دوران پاکستان کی معیشت میں ہونے والی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ملک نے معاشی استحکام کے حصول میں نمایاں پیش رفت کی ہے اور اب ضرورت اس امر کی ہے کہ اس استحکام کو مستقل بنیادوں پر مضبوط بنایا جائے۔ وفاقی وزیر خزانہ کا یہ موقف موجودہ ملکی معاشی صورتحال کے تناظر میں نہایت اہم ہے اور اس سے مکمل اتفاق کیا جانا چاہیے کہ معاشی استحکام محض چند اعداد و شمار میں بہتری کا نام نہیں بلکہ یہ ایک مسلسل عمل ہے جس کے لیے طویل المدت، ذمہ دارانہ اور مربوط اقتصادی پالیسیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ پاکستان گزشتہ کئی برس سے معاشی اتار چڑھاؤ، مالیاتی دباؤ، بڑھتے ہوئے خساروں، زرمبادلہ کی کمی، مہنگائی، توانائی کے مسائل اور بیرونی مالی ضروریات جیسے چیلنجز کا سامنا کرتا رہا ہے۔ ایسے حالات میں معیشت کو بحران سے نکال کر استحکام کی طرف لانا یقیناً ایک اہم کامیابی ہے۔ وزیر خزانہ کے مطابق پاکستان کے دوہرے خسارے جو بلند ترین سطح پر مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً 12.5 فیصد تک پہنچ گئے تھے، گزشتہ مالی سال کے اختتام پر کم ہو کر 2.6 فیصد رہ گئے۔ اسی طرح زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی سطح تک پہنچ گئے جو تقریباً تین ماہ کی درآمدات کے لیے کافی ہیں۔ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں اپریل 2025 کے بعد تین مرتبہ بہتری اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈ کا کامیاب اجرا بھی عالمی مالیاتی منڈیوں میں پاکستان کے بارے میں اعتماد کی بحالی کی علامت ہے۔ ایشیا، مشرق وسطیٰ، یورپ اور امریکا کے سرمایہ کاروں کی یورو بانڈ میں شرکت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ عالمی سرمایہ کار پاکستان کی معیشت میں پیدا ہونے والے مثبت رجحانات کو محسوس کر رہے ہیں۔ یہ پیش رفت یقیناً حوصلہ افزا ہے، لیکن اسے منزل سمجھنے کے بجائے ایک مضبوط بنیاد تصور کیا جانا چاہیے۔ پاکستان نے ماضی میں بھی معاشی استحکام کے ادوار دیکھے ہیں، مگر اکثر یہ استحکام پائیدار ترقی میں تبدیل نہ ہو سکا۔ یہی وہ بنیادی نکتہ ہے جس کی طرف وزیر خزانہ نے بجا طور پر توجہ دلائی ہے کہ آئندہ معیشت کو محض کھپت پر مبنی توسیع کے بجائے پائیدار اور ذمہ دارانہ اقتصادی ترقی کی راہ پر آگے بڑھانا ہوگا۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ ہماری معیشت تین سال قبل سکڑاؤ کا شکار تھی، گزشتہ مالی سال میں تین اعشاریہ سات فیصد بڑھی جبکہ رواں مالی سال میں چار فیصد سے زائد اقتصادی ترقی کی توقع ظاہر کی جا رہی ہے۔ اقتصادی شرح نمو میں اضافہ یقیناً مثبت علامت ہے، مگر اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب ترقی کا یہ سفر مسلسل جاری رہے، اس کے ثمرات عام شہری تک پہنچیں، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں، کاروباری سرگرمیاں بڑھیں اور ملکی پیداوار میں حقیقی اضافہ ہو۔ محض وقتی معاشی سرگرمی کو ترقی قرار دینے کے بجائے ایسی پالیسیوں کی ضرورت ہے جو معیشت کے پیداواری ڈھانچے کو مضبوط بنائیں۔ اس مقصد کے لیے ڈھانچہ جاتی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ ٹیکس نظام، توانائی، سرکاری اداروں، نجکاری اور عوامی مالیات میں اصلاحات کا عمل جس تسلسل کے ساتھ آگے بڑھایا جا رہا ہے، اسے مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی معاشی مشکلات کی بڑی وجہ یہ بھی رہی ہے کہ کئی اہم شعبوں میں بنیادی نوعیت کی اصلاحات کو مسلسل موخر کیا گیا۔ نتیجتاً خسارے میں چلنے والے ادارے قومی خزانے پر بوجھ بنتے رہے، توانائی کے شعبے میں گردشی قرضہ بڑھتا رہا اور ٹیکس کا دائرہ محدود رہنے کے باعث حکومت کو اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیے قرضوں اور دیگر ذرائع پر انحصار کرنا پڑا۔ حکومت کی جانب سے سرکاری اداروں کی نجکاری اور ان میں اصلاحات کی کوششیں اسی بڑے معاشی ایجنڈے کا حصہ ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ امداد پر انحصار سے بتدریج تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری کی معیشت کی طرف منتقل ہو۔ دوست ممالک اور دوطرفہ شراکت داروں کی معاونت اپنی جگہ اہم ہے، لیکن کسی بھی ملک کی طویل المدت معاشی خودمختاری مضبوط تجارتی بنیادوں، برآمدی صلاحیت، صنعتی پیداوار اور غیر ملکی سرمایہ کاری سے وابستہ ہوتی ہے۔ معاشی اصلاحات کی کامیابی کے لیے سب سے اہم شرط پالیسی کا تسلسل ہے۔ سرمایہ کار اس وقت طویل المدت سرمایہ کاری کرتا ہے جب اسے یقین ہو کہ معاشی پالیسی چند ماہ یا ایک حکومت تک محدود نہیں رہے گی۔ ٹیکس، توانائی، تجارت، صنعتی ترقی، نجکاری اور سرمایہ کاری کے حوالے سے بار بار پالیسی تبدیلیاں کاروباری اعتماد کو متاثر کرتی ہیں۔ اس لیے قومی معاشی مفاد میں ضروری ہے کہ حکومت، سیاسی قیادت، کاروباری برادری اور متعلقہ ادارے وسیع تر اتفاق رائے کے ساتھ ایسی اقتصادی پالیسی مرتب کریں جس میں حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود بنیادی سمت برقرار رہے۔ اسی طرح اصلاحات کے عمل میں شفافیت، ادارہ جاتی استحکام اور عملدرآمد بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اچھی پالیسی اسی وقت نتیجہ خیز ہوتی ہے جب اسے موثر طریقے سے نافذ کیا جائے۔ ٹیکس اصلاحات کا مقصد صرف محصولات بڑھانا نہیں بلکہ ٹیکس کا دائرہ وسیع کرنا، نظام کو آسان بنانا اور ٹیکس دہندگان کا اعتماد بحال کرنا بھی ہونا چاہیے۔ توانائی اصلاحات کا مقصد صرف قیمتوں میں اضافہ نہیں بلکہ پیداواری لاگت کم کرنا، بجلی کی ترسیل و تقسیم بہتر بنانا اور گردشی قرضے کے مسئلے کا مستقل حل تلاش کرنا ہونا چاہیے۔ حکومت نے معاشی استحکام کی طرف جو سفر شروع کیا ہے، اسے کسی صورت ادھورا نہیں چھوڑنا چاہیے۔ آج پاکستان کے لیے سب سے بڑی ضرورت یہی ہے کہ وقتی معاشی دباؤ سے نکلنے کے بعد دوبارہ غیر ذمہ دارانہ اخراجات، غیر پیداواری قرضوں اور درآمدی کھپت کے ایسے چکر میں داخل نہ ہو جو چند برس بعد ایک نئے بحران کو جنم دے۔ معاشی ترقی کا معیار صرف جی ڈی پی کی شرح نمو نہیں بلکہ برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کا فروغ، روزگار کے مواقع، پیداواری صلاحیت، انسانی وسائل کی ترقی اور عام آدمی کے معیار زندگی میں بہتری بھی ہونا چاہیے۔ یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے مشکل اور نامساعد حالات کے باوجود بہتر انداز میں معیشت کو سنبھالا اور معیشت کو بحران سے نکال کر استحکام کی طرف لانے میں جو پیش رفت کی وہ قابل ستائش ہے تاہم اب اصل امتحان اس استحکام کو پائیدار ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔ آج کی درست معاشی پالیسی آنے والی نسلوں کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کر سکتی ہے۔ اس لیے اصلاحات کا سفر رکنا نہیں چاہیے، پالیسی میں تسلسل برقرار رہنا چاہیے تاکہ ہر شعبے میں جدت، بہتری اور اصلاح احوال کے دیرینہ اہداف کا حصول یقینی بنایا جاسکے۔

عملی نتائج تک پہنچانے کا راستہ

پیش نظر — محمد مہدی

تعلیم کی طلب کی شدت


برملا — نصرت جاوید

ووٹ، ڈالر اور آئین کی دہلیز

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

تنقید اور احترام


خورشید ندیم

مسائل کیوں نہیں حل ہو رہے؟


تلخ نوائی — اظہار الحق

اعصاب شکن کھیل

وفاق نامہ — رشید صافی

چین کا جدوجہد سے استحکام تک طویل سفر

سوچ و فکر — محمد محسن اقبال

ہر سال یکم اکتوبر چین کے لیے ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل دن ہوتا ہے۔ یہی وہ دن ہے جب 1949ء میں عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا اور جدید چینی تاریخ کے ایک نئے اور غیر معمولی باب کا آغاز ہوا۔ آج ستتر برس بعد ایک ایسے ملک کا، جو کبھی غربت، جنگ اور تباہ حالی کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا، دنیا کی بڑی معیشتوں اور بااثر طاقتوں میں شمار ہونا جدید عہد کی ان داستانوں میں شامل ہے جنہیں تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔

چین کا عروج تاہم محض اس کی وسیع آبادی، قدرتی وسائل یا جغرافیائی وسعت سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔ شنگھائی کی بلند و بالا عمارتوں، شینزین کی صنعتوں، ملک کے طول و عرض میں دوڑتی برق رفتار ریل گاڑیوں اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حیرت انگیز پیش رفت کے پیچھے ایک ایسا پہلو بھی موجود ہے جو بظاہر نگاہوں سے اوجھل رہتا ہے، مگر اس کی اہمیت کسی طور کم نہیں۔ یہ ایک ایسا سیاسی و انتظامی نظام ہے جس نے عہدیداروں کے انتخاب، تربیت، تجربے اور کارکردگی کے مسلسل جائزے پر خاص توجہ دی ہے۔

یہاں ایک دلچسپ سوال جنم لیتا ہے: چین میں ایک عام سیاسی کارکن قومی قیادت کی بلند ترین سطح تک کیسے پہنچتا ہے؟

اس کا جواب اس عام تصور سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہے کہ چین کا ہر خواہش مند رہنما پہلے کوئی ''سول سروس امتحان'' پاس کرتا ہے اور پھر کئی برس تک ایک طے شدہ سیڑھی پر قدم بہ قدم اوپر چڑھتا رہتا ہے۔ حقیقت اس سے کہیں زیادہ طویل، پیچیدہ اور کئی جہتوں پر مشتمل ہے۔ کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت کے اپنے باقاعدہ مراحل ہیں۔ امیدواروں کی سفارش کی جاتی ہے، ان کے بارے میں تحقیقات ہوتی ہیں اور پارٹی کی تنظیموں کے ذریعے منظوری دی جاتی ہے۔ جو افراد قبول کر لیے جائیں، وہ عموماً مستقل رکن بننے سے قبل ایک آزمائشی مرحلے سے گزرتے ہیں۔ دوسری طرف سول سروس کا امتحان حکومت میں ملازمت کے لیے بھرتی کا ایک الگ طریق کار ہے۔ چینی نظام کی اصل امتیازی خصوصیت کسی ایک امتحان میں نہیں بلکہ تجربے کے مسلسل جمع ہونے میں مضمر ہے۔ عہدیدار مختلف انتظامی سطحوں پر خدمات انجام دیتے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو اس بنیاد پر پرکھا جاتا ہے کہ وہ پالیسیوں کو کس حد تک نافذ کر سکتے ہیں، اداروں کو کس طرح چلا سکتے ہیں اور عملی نتائج کس حد تک پیدا کر سکتے ہیں۔ چین کے کیڈر نظام پر ہونے والی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ تاریخی طور پر معاشی کارکردگی عہدیداروں کی ترقی میں ایک اہم عنصر رہی ہے، تاہم وقت کے ساتھ ساتھ معیار کارکردگی کا دائرہ وسیع ہوا ہے، جس میں سماجی بہبود، غربت میں کمی، ماحولیاتی تحفظ اور دیگر پالیسی اہداف بھی شامل ہو گئے ہیں۔ یہ نکتہ خاص اہمیت رکھتا ہے۔ چین میں سیاسی ترقی عموماً ملک گیر عوامی انتخابات جیتنے کا نتیجہ نہیں ہوتی۔ عہدیداروں کا انتخاب اور ان کی ترقی ایک وسیع پارٹی۔ ریاستی نظام کے ذریعے ہوتی ہے۔ ان کے کیریئر کا انحصار اعلیٰ حکام کے جائزوں، تنظیمی ضروریات، سیاسی ترجیحات اور عملی کارکردگی پر ہوتا ہے۔ تاہم علمی تحقیق اس تصور سے بھی خبردار رہنے کی تلقین کرتی ہے کہ چینی نظام کو ایک مکمل اور بے عیب میرٹ کریسی سمجھ لیا جائے۔ سیاسی وفاداری، ادارہ جاتی روابط اور مختلف دھڑوں کے باہمی تعلقات بھی بعض اوقات ترقی کے عمل پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

اس کے باوجود طویل المدت انتظامی تجربے پر دیا جانے والا زور قابل توجہ ہے۔ کسی عہدیدار سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ پہلے کسی مقامی علاقے میں اپنی صلاحیت اور انتظامی اہلیت ثابت کرے، تب اسے اس سے بڑی ذمہ داری سونپی جائے۔ معاشی ترقی، روزگار، غربت کا خاتمہ، عوامی انتظام و انصرام، سماجی استحکام اور ماحولیاتی اہداف سب کارکردگی کے جائزے کا حصہ بن سکتے ہیں۔ چین نے بتدریج یہ حقیقت بھی تسلیم کی ہے کہ تیز رفتار معاشی ترقی ہی اچھی حکمرانی کا واحد پیمانہ نہیں ہو سکتی۔ عالمی بینک نے بھی اس امر کی نشاندہی کی ہے کہ کارکردگی کے پیمانوں میں سماجی، ماحولیاتی اور جدت طرازی کے نتائج کو شامل کیا گیا ہے۔

شی جن پنگ کا سیاسی سفر اس تدریجی عروج کی ایک نمایاں مثال پیش کرتا ہے۔ ملک کی اعلیٰ ترین قیادت تک پہنچنے سے پہلے انہوں نے کئی برس مقامی اور صوبائی سطح کی ذمہ داریاں ادا کیں، جن میں فوجیان اور ژے جیانگ بھی شامل ہیں۔ 2007ء میں شنگھائی کے پارٹی سیکرٹری چن لیانگ یو کو ایک بڑے بدعنوانی اسکینڈل کے پس منظر میں عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد شی جن پنگ کو شنگھائی کی قیادت سونپی گئی۔ اگرچہ وہاں ان کا قیام مختصر رہا، لیکن اس تقرری نے انہیں چین کے اہم ترین سیاسی اور معاشی مراکز میں سے ایک کی قیادت کے براہ راست تجربے سے روشناس کرایا۔ اسی سال کے اواخر میں وہ کمیونسٹ پارٹی کی پولٹ بیورو کی قائمہ کمیٹی میں شامل ہوئے، اور یوں قومی قیادت کی بلند ترین سطح تک ان کی رسائی کا آغاز ہوا۔

چینی ماڈل کا ایک اور اہم پہلو مسلسل تعلیم اور تربیت ہے۔ اعلیٰ عہدیداروں کو صرف ان تجربات کے سہارے نہیں چھوڑ دیا جاتا جو وہ صوبائی یا مقامی عہدوں پر حاصل کرتے ہیں۔ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کا مرکزی پارٹی اسکول، جو اب نیشنل اکیڈمی آف گورننس کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے، اعلیٰ اور درمیانی سطح کے عہدیداروں کی تعلیم و تربیت کا ایک اہم ادارہ ہے۔ یہاں سیاسی نظریات، حکمرانی، قومی حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے متعلق تعلیم دی جاتی ہے۔ چینی حکومت نے 2025ء میں پارٹی اسکولوں سے متعلق ضوابط میں بھی نظرثانی کی، جس میں پارٹی ارکان اور عہدیداروں کی تربیت میں ان کے کردار کی دوبارہ توثیق کی گئی۔

لہٰذا چین کی کامیابی کو اس سادہ دعوے تک محدود نہیں کیا جا سکتا کہ اس نے صرف اس لیے ترقی کی کہ اس کے پاس ماہرین انتظامیہ کے انتخاب کا ایک بے عیب نظام موجود تھا۔ حقیقت کہیں زیادہ پیچیدہ ہے۔ چین کی ترقی معاشی اصلاحات، وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری، صنعتی پالیسی، تعلیم، بنیادی ڈھانچے، بین الاقوامی تجارت، ٹیکنالوجی میں پیش رفت اور ایک منظم ریاستی مشینری کے باہمی امتزاج کا نتیجہ ہے۔ عہدیداروں کے انتخاب، تربیت اور انتظام کا نظام اس وسیع تر قومی تبدیلی کا ایک اہم جزو ضرور رہا ہے، مگر پوری داستان نہیں۔

اس نظام کے بارے میں سنجیدہ مباحث بھی موجود ہیں۔ محققین نے اس کی بعض کمزوریوں کی نشاندہی کی ہے، جن میں یہ امکان بھی شامل ہے کہ عہدیدار کارکردگی کے اشاریوں میں ردوبدل کریں یا قابل پیمائش اہداف پر ضرورت سے زیادہ توجہ مرکوز کر دیں۔ مثال کے طور پر بعض اوقات ماحولیاتی اہداف اور روایتی معاشی ترقی کی ترجیحات کے درمیان کشمکش بھی پیدا ہوتی ہے۔

مستونگ سب کیمپس میں تدریسی تعطل، طلبہ کا تعلیمی مستقبل داؤ پر

ڈی سی کے خط کے باوجود کلاسز بحال نہ ہوئیں، طلبہ احتجاج پر مجبور

فارمیسی طلبہ کو لیب پریکٹیکل کے بغیر امتحانات کی اطلاعات پر تشویش

مستونگ (آن لائن) مستونگ کیمپس میں تعلیمی بحران طلبہ کا سخت احتجاج کا اعلان ڈپٹی کمشنر مستونگ کے خط کے باوجود تدریسی سرگرمیاں بحال نہ ہوسکیں طلبہ کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا مستونگ اسٹوڈنٹس فورم نے بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس میں طویل عرصے سے جاری تعلیمی تعطل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے باقاعدہ تدریسی سرگرمیاں متاثر ہیں جس کے باعث طلبہ کا تعلیمی مستقبل شدید متاثر ہو رہا ہے۔ سب کیمپس کی تعلیمی صورتحال کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر مستونگ کی جانب سے متعلقہ حکام کو خط بھی لکھا جاچکا ہے تاہم اس کے باوجود تاحال تمام شعبہ جات میں باقاعدہ کلاسز مکمل طور پر بحال نہیں ہوسکیں جو طلبہ کے لیے انتہائی تشویش ناک صورتحال ہے۔ مستونگ اسٹوڈنٹس فورم کا کہنا ہے کہ ایک جانب طلبہ کو باقاعدہ لیکچرز، اسائنمنٹس، لیب اور دیگر تعلیمی سرگرمیوں سے محرومی کا سامنا ہے جبکہ دوسری جانب امتحانات کی تیاری کی اطلاعات سامنے آرہی ہیں۔ فورم کے مطابق کلاسز کے بغیر امتحانات لینا طلبہ کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا، خصوصاً فارمیسی ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کے حوالے سے فورم نے کہا کہ فارمیسی ایک ایسا شعبہ ہے جس میں نظریاتی تعلیم کے ساتھ لیبارٹری اور عملی تربیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اگر طلبہ کو مناسب پریکٹیکل اور لیب ورک فراہم کیے بغیر امتحانات کی جانب دھکیلا گیا تو اس کے اثرات ان کی پیشہ ورانہ تعلیم پر مرتب ہوسکتے ہیں۔ فورم نے اساتذہ کی غیر حاضری اور مختلف نوعیت کی رخصتوں سے متعلق سامنے آنے والی شکایات کا بھی نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ان معاملات کی شفاف اور غیر جانبدارانہ انتظامی جانچ پڑتال کی جائے اور اگر کسی بے ضابطگی کی تصدیق ہوتو قواعد کے مطابق کارروائی کی جائے۔ مستونگ اسٹوڈنٹس فورم نے مطالبہ کیا کہ ڈی سی مستونگ کے خط اور طلبہ کے مسلسل مطالبات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے تمام شعبہ جات میں فوری طور پر باقاعدہ کلاسز، لیکچرز، لیب، پریکٹیکل اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں بحال کی جائیں۔ فورم نے واضح کیا کہ طلبہ اپنے جائز تعلیمی حقوق کے لیے پرامن اور آئینی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

زیارت: ڈی سی عبدالقدوس اچکزئی پاک فوج کی حمایت میں نکالی گئی ریلی کے موقع پر بچوں میں مٹھائی تقسیم کر رہے ہیں

حادثے کے بعد ڈیرہ مراد جمالی ہسپتال میں طبی سرگرمیاں تیز

12 متاثرین لائے گئے، ایک جاں بحق، شدید زخمی کو اعلیٰ مرکز منتقل

فریکچر سمیت آٹھ زخمی مردانہ وارڈ میں زیرعلاج، طبی نگرانی جاری ہے، ایم ایس

نصیرآباد (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی نے بتایا ہے کہ گزشتہ روز پیش آنے والے روڈ ٹریفک حادثے (RTA) کے نتیجے میں مجموعی طور پر 12 متاثرین کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی لایا گیا، جہاں ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے زخمیوں کو فوری اور ضروری طبی امداد فراہم کی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی کے مطابق حادثے کے متاثرین میں سے ایک شخص ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی جاں بحق ہو چکا تھا جبکہ ایک شدید زخمی مریض کو انتہائی تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا۔ مذکورہ مریض کی حالت گسپنگ کنڈیشن میں تھی، جسے ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد اور ضروری طبی اقدامات فراہم کرنے کے بعد مزید بہتر اور خصوصی طبی سہولیات کے لیے اعلیٰ مرکز صحت ریفر کر دیا گیا انہوں نے بتایا کہ حادثے کے نتیجے میں 2 مریضوں کے بازو کی ہڈیوں میں فریکچر ہوئے جنہیں ہسپتال میں فوری طبی امداد فراہم کی گئی اور ان کی حالت کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے اسی طرح 8 زخمی مریضوں کو درمیانے درجے کی چوٹیں آئیں جنہیں بروقت طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال کے مردانہ وارڈ میں داخل کر لیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ طبی ماہرین کی نگرانی میں ان مریضوں کی حالت کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور صحت یابی کے بعد انہیں ضروری ہدایات کے ساتھ ہسپتال سے فارغ کر دیا جائے گا ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں حادثات اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ کی بھرپور کوشش ہے کہ یہاں آنے والے تمام مریضوں کو بروقت مؤثر اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے مزید کہا کہ ہسپتال میں مریضوں کی بہتر نگہداشت علاج معالجے اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جبکہ ڈاکٹرز نرسنگ اسٹاف اور دیگر پیرامیڈیکل عملہ مریضوں کی خدمت اور انہیں ضروری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مسلسل مصروف عمل ہے۔

نصیرآباد: قومی شاہراہ پر حادثے میں زخمیوں کو طبی امداد دی جارہی ہے

قلعہ سیف اللہ: ڈی سی کا جاری آبپاشی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے ایکسین اریگیشن اعظم کاکڑ کے ہمراہ ضلع قلعہ سیف اللہ میں جاری مختلف آبپاشی اسکیموں کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی۔ ملاقات کے دوران سٹی ڈیم، خاصور ڈیم اور ساتچیال ڈیم سمیت دیگر جاری آبپاشی منصوبوں پر تعمیراتی کام، موجودہ صورتحال اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے متعلقہ حکام سے منصوبوں کی تکمیل، کام کی رفتار اور درپیش مسائل کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر آبپاشی اسکیموں کو بروقت مکمل کرنے، تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھنے اور علاقے کے عوام کو بہتر آبپاشی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایکسین اریگیشن اعظم کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر کو جاری منصوبوں کی پیش رفت اور مختلف اسکیموں سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی کاموں کی مؤثر نگرانی کرتے ہوئے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔

اوتھل: گورنمنٹ ماڈل سکول میں طلبہ کی صلاحیتیں اجاگر کرنے کیلئے سرگرمی جاری

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل میں طلبہ کی تعلیمی استعداد، باہمی تعاون، تخلیقی صلاحیتوں، خود اعتمادی اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے گروپ لرننگ ایکٹیویٹی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کا مقصد طلبہ کو جدید اور فعال تعلیمی طریقہ کار کے ذریعے سیکھنے، مل جل کر کام کرنے، مسائل حل کرنے اور اپنے خیالات مؤثر انداز میں پیش کرنے کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ اس دوران طلبہ کو مختلف گروپس میں تقسیم کر کے مختلف تعلیمی موضوعات اور سرگرمیاں دی گئیں، جنہیں طلبہ نے باہمی مشاورت، بحث و مباحثے اور تعاون کے ذریعے مکمل کیا۔ اس موقع پر سکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے کہا کہ موجودہ دور میں معیاری تعلیم کا مقصد صرف کتابی علم تک محدود نہیں بلکہ طلبہ میں عملی زندگی کے لیے ضروری صلاحیتیں پیدا کرنا بھی ہے۔ گروپ لرننگ کے ذریعے طلبہ ایک دوسرے سے سیکھتے، اپنے خیالات کا تبادلہ کرتے اور اجتماعی طور پر مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں۔ سرگرمی کے دوران طلبہ نے بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ مختلف گروپس نے اپنے موضوعات پر پریزنٹیشنز دیں اور سوال و جواب کے ذریعے اپنی علمی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ اساتذہ نے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے انہیں آزادانہ سوچنے، سوال کرنے اور اپنی رائے پیش کرنے کی ترغیب دی۔ اساتذہ کا کہنا تھا کہ گروپ لرننگ سے طلبہ میں تعاون، برداشت، نظم و ضبط، ذمہ داری، باہمی احترام اور قیادت جیسی مثبت خصوصیات پروان چڑھتی ہیں، جبکہ کمزور طلبہ کو بھی اپنے ساتھیوں سے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

نصیرآباد: ڈی سی ورید حیدر لعل کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

نصیرآباد: کھلی کچہری، عوام نے مسائل انتظامیہ کے سامنے رکھ دیے

زراعت، تعلیم، صحت، بجلی، سڑکوں اور پانی سے متعلق شکایات پیش کی گئیں

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو مسائل کے فوری ازالے کی ہدایات جاری کیں

نصیرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل کو ان کی دہلیز پر سننے اور فوری طور پر حل کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورید حیدر لعل کی زیر صدارت تحصیل مانجھوٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں تمام متعلقہ ضلعی محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی، جبکہ تحصیل مانجھوٹی کے مختلف علاقوں سے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے مسائل اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے اپنے مسائل زبانی اور تحریری طور پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اور متعلقہ افسران کے سامنے پیش کیے عوام کی جانب سے بالخصوص زراعت، تعلیم، صحت، بجلی کی فراہمی سڑکوں و دیگر بنیادی سہولیات ترقیاتی منصوبوں پینے کے پانی اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل کی نشاندہی کی گئی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورید حیدر لعل نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور شکایات کو توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے افسران کو تاکید کی کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے جائز مسائل کے ازالے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر مختلف محکموں کے افسران نے اپنے اپنے محکموں سے متعلق عوامی شکایات اور سوالات کے جوابات دیے اور متعدد مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی عملی اقدامات اور ضروری کارروائی کی یقین دہانی کرائی بعض مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات بھی جاری کی

مستونگ: بینکنگ سہولیات کی بندش، شہری اپنی رقم کیلئے پریشان

بینک اور اے ٹی ایمز بند، شہریوں کو رقم نکلوانے کیلئے کوئٹہ جانا پڑتا

مستونگ (آن لائن) مستونگ میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی طویل بندش سے شہری پریشان اپنی ہی رقم کے حصول کے لیے کوئٹہ جانے پر مجبور نیشنل پارٹی کا فوری نوٹس لے کر بینکنگ سروسز بحال کرنے کا مطالبہ نیشنل پارٹی مستونگ کے ضلعی صدر میر سکندر حیات خان ملازئی نے کہا ہے کہ مستونگ شہر میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی طویل بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تنخواہ دار ملازمین پنشنرز تاجروں اور بالخصوص بزرگ و معذور افراد کو اپنی ہی جمع پونجی تک رسائی کے لیے کوئٹہ کا رخ کرنا پڑ رہا ہے۔ جس سے نہ صرف انہیں اضافی سفری اخراجات برداشت کرنا پڑ رہا ہے بلکہ ذہنی اور جسمانی اذیت کا بھی سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینکنگ جیسی بنیادی سہولت کی عدم دستیابی نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے۔ تنخواہوں اور پنشن کی وصولی کاروباری لین دین اور دیگر مالی ضروریات کے لیے شہریوں کو دوسرے شہر جانے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے جو عوام کے لیے کسی بڑی آزمائش سے کم نہیں۔ انہوں نے حلقے کے منتخب نمائندوں کی خاموشی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو درپیش اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ منتخب نمائندوں کی بنیادی ذمہ داری عوامی مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے۔ اگر عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھی آواز اٹھانے والا کوئی نہ ہو تو شہری آخر کس سے رجوع کریں۔ میر سکندر حیات خان ملازئی نے کہا کہ مستونگ جیسے ضلعی ہیڈکوارٹر میں بینکنگ سہولیات کی بندش عوام کے لیے ناقابل برداشت مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ بالخصوص بزرگ پنشنرز معذور افراد اور ایسے شہریوں کے لیے کوئٹہ کا سفر انتہائی دشوار ہے جو محض اپنی رقم نکلوانے کے لیے طویل مسافت طے کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان ڈپٹی کمشنر مستونگ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مستونگ میں بینکوں اور اے ٹی ایمز کی خدمات کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو مزید مشکلات سے نجات مل سکے۔

چاغی میں قلت آب۔ فوری اقدامات کی ضرورت!!

تحریر: سیدہ سحر

بلوچستان کا ضلع چاغی بہت سی انفرادی خصوصیات کا حامل ہے اس ضلع کو بعض ماہرین پاکستان کا منرل میوزیم بھی کہتے ہیں یعنی یہ معدنیات سے مالا مال ہے مگر انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ چاغی آج بھی غربت و پسماندگی کے مسائل میں گھرا ہوا ہے ان مسائل میں پینے کے پانی کا اہم ترین مسئلہ بھی شامل ہے چاغی میں پانی کا مسئلہ نیا نہیں۔ کم بارشیں، خشک آب و ہوا، زیر زمین پانی کی گرتی سطح اور دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی کمی نے یہاں کے لوگوں کی زندگی مشکل بنا رکھی ہے۔ چاغی کے مختلف علاقوں میں صاف پانی میسر ہونے کی مشکلات، پانی کے ذخائر میں کمی اور بعض مقامات پر پانی کے نمکین ہونے اور روز بروز سنگین ہوتے آبی بحران کا ذکر ہم اکثر و بیشتر سنتے اور پڑھتے رہتے ہیں 2024 میں ریکوڈک مائننگ کمپنی نے نوک چاہ میں ریورس اوسموسس پلانٹ قائم کیا، جس کے ذریعے روزانہ ہزاروں گیلن صاف پانی فراہم کیا جا رہا ہے کمپنی کے مطابق یہ چاغی میں قائم کیا جانے والا تیسرا ایسا پلانٹ تھا۔ اقدامات یقیناً اہم ہیں، مگر سوال پھر بھی باقی رہتا ہے کہ کیا چند منصوبے ملک کے سب سے بڑے ضلع کی پانی کی ضرورت پوری کر سکتے ہیں؟ صاف پانی کی عدم دستیابی صرف پیاس کا مسئلہ نہیں بلکہ صحت کا بھی ایک سنگین بحران ہے۔ چاغی میں آلودہ، نمکین یا جراثیم سے متاثرہ پانی کے استعمال کے باعث شہری مختلف بیماریوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ دستیاب رپورٹس میں ڈائریا، معدے اور آنتوں کے انفیکشن، ٹائیفائیڈ، ہیپاٹائٹس اے، گردوں کے مسائل، پیشاب کی نالی کے انفیکشن جبکہ جلد اور آنکھوں کی بیماریوں کا ذکر بھی سامنے آیا ہے۔ قومی ادارہ صحت کے 2025 کے ایک ہفتہ وار بلیٹن میں بھی چاغی میں ڈائریا اور ٹائیفائیڈ کے کیسز رپورٹ ہوئے۔ سب سے زیادہ تشویش ناک پہلو یہ ہے کہ ایسے مسائل کا بوجھ بچوں اور بزرگوں پر زیادہ پڑ سکتا ہے۔ وسائل کی فراوانی کے باوجود یہاں کے عوام بنیادی ضرورتوں سے محروم کیوں ہیں؟ اب وقت آ گیا ہے کہ اس حوالے سے مزید کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا جائے متعلقہ ایم پی اے، صوبائی حکومت، متعلقہ محکمے اور حکام اس کا نوٹس لیں اور جامع منصوبہ بندی کی جائے تاکہ اس اہم اور فوری و عوامی نوعیت کے حامل مسئلے کا حل نکالا جا سکے۔

سبی: باصلاحیت طلباء کیلئے اعلیٰ تعلیم کے مواقع اجاگر

بیف اسکالرشپس کی اہلیت، درخواست اور دستیاب مواقع سے طلباء کو آگاہ کیا گیا

سبی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات اور صوبائی حکومت کی تعلیمی پالیسی کے تحت مستحق اور باصلاحیت طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) اسکالرشپس کے حوالے سے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیشن چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان ماندائی، ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سبی میر بہادر خان بنگلزئی، محکمہ تعلیم کے افسران، مختلف کالجز کے پرنسپلز، سرکاری تعلیمی اداروں کے ہیڈ ماسٹرز و ہیڈ مسٹریس، معززین اور بڑی تعداد میں طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ سیشن کا بنیادی مقصد طلباء و طالبات کو BEEF اسکالرشپ پروگرام کے طریقہ کار، اہلیت کے معیار اور دستیاب تعلیمی مواقع سے آگاہ کرنا تھا، تاکہ مالی مشکلات کے باوجود باصلاحیت طلباء اپنی اعلیٰ تعلیم کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان ماندائی اور ان کی آن لائن کو شامل ٹیم نے ویڈیو لنک کے ذریعے سیشن کے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی۔ شرکاء کو گزشتہ دس سال کے دوران BEEF اسکالرشپس سے مستفید ہونے والے طلباء و طالبات، ضلع کے ٹاپرز اور مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئیں۔ BEEF ٹیم نے طلباء و طالبات کو بتایا کہ اسکالرشپ کے لیے درخواست دیتے وقت اہلیت کے معیار، تعلیمی کارکردگی، مقررہ شرائط اور آن لائن درخواست کے طریقہ کار کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اقلیتی طلباء اور خصوصی افراد کے لیے مختص اسکالرشپ کوٹے سمیت مختلف سہولیات اور مواقع کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) صوبے کے مستحق، باصلاحیت اور مالی مشکلات کا سامنا کرنے والے طلباء و طالبات کو تعلیمی معاونت فراہم کرنے کا ایک اہم پروگرام ہے

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆ ادارہ رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اظہار لاتعلقی / عاق نامہ

میں موسیٰ جان ولد غلام یحییٰ قومی شناختی کارڈ نمبر 5440003732467 یہ کہ قدرت اللہ ولد موسیٰ جان جو کہ میرا حقیقی بیٹا ہے جس کو بوجہ نافرمانی تنگ آ کر منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے بے دخل کر کے اظہار لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں آج کے بعد میرے بیٹے سے جو بھی لین دین کرے گا اس کا میں ذمہ دار نہیں ہونگا اور نہ ہی میرا کوئی تعلق یا واسطہ قدرت اللہ کے ساتھ ہے آج کے بعد جو بھی اشخاص المشتہر مسمی قدرت اللہ سے کسی بھی قسم کا لین دین رکھے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا المشتہر موسیٰ جان ولد غلام یحییٰ

سناف ....

قلات: سرکاری ملازمین کی عمر درستگی کے کیسز پر اہم پیشرفت

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر دانش زہری کی زیر صدارت سرکاری ملازمین کی عمر کی درستگی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ پولیس، محکمہ تعلیم، محکمہ بی اینڈ آر اور محکمہ صحت سے تعلق رکھنے والے سرکاری ملازمین کے کیسز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں کے مجموعی طور پر 16 کیسز کی جانچ پڑتال کی گئی۔

TENDER NOTICE

TSE-2627101205353 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER (ROADS) PROVINCIAL B&R DISTRICT SIBI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BT ROAD FROM AKHUNDBABA ROAD TO VILLAGE MALIK NOOR MUHAMMAD LALOZAI KURAK DISTRICT SIBI PSDP No: 1316/ Z2026.0856	11,940,296

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 8,358,207 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure). 1 similar project 50% & 1 general 30% of the E/Cost in cost last five years • Turnover of at least 70% Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. audit reports of last three years by firm registered with (ICAP)h • Bidder Must Provide Credit Line Certificate from A Scheduled Bank estimating 70% of Contract Price. • Bidder Must Provide Fresh Rs100/- Affidavit of Blacklisting (In favor of XEN (Road) CWPP&H District Sibi also mention TSE No & Work name • Undertaking on Rs100 judicial stamp paper that the firm has never been involved in litigation with any Government / Semi Government Organization (In Favor of XEN (ROADS) CWPP&H District Sibi also mention Work Name & TSE No. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 26 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 26 October, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Xen Office Near Circuit House Sibi Phone no: 8339230081
Email: qurbanalidomki@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS) PROVINCIAL B&R DISTRICT SIBI

DPRQ/PRQ No.1780/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت سینئر سول جج II کوئٹہ با اختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

درخواست نمبر 34 (جانشینی) سال 2026 پیشی 14/10/2026

سائلان بی بی بیوہ محمد اقبال مرحوم 2۔ بی بی خالدہ 3۔ عزیلہ 4۔ بی بی رابعہ 5۔ بی بی قریش 6۔ محمد احمد 7۔ بی بی عاصیہ بالغ 8۔ بی بی فریحہ پسران و دختران محمد اقبال مرحوم ساکنان گلشن ٹاؤن افغان روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست۔ جانشینی

اشتہار بنام عوام الناس / ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں سائل / سائلہ / سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 14/10/2026 کو مقرر ہوگی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 7/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

63860

TENDER NOTICE

TSE-2627101204773 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Deputy Conservator of Forests Mian Recreational Park Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates
Tender Fee PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	survey and equipments	2,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 1,400,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 22 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 22 October, 2026till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM **Address:** office of the deputy conservator of forest mianghundi recreational park quetta Phone no: 0819201137Fax no: 819201139
Email: deputyconservatorforestsmrpark@gmail.com

Deputy Conservator of Forests Mian Recreational Park Quetta

DPRQ/PRQ No.1779/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت تحصیلدار / صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ شوکت آراء بیوہ عنایت اللہ قوم درانی پوپلزئی ساکنہ یہ وفات پاچکی ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا زیر انتقال نمبر 2702 محال و موضع خشکابہ صاحبزادہ پوپلزئی درانی 1 تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفیہ شوکت آراء کے پسماندگان میں 1۔ بی بی حلیمہ 2۔ بی بی نجمہ درانی 3۔ بی بی جلالہ دختران 4۔ محمد کلیم اللہ پسر عنایت اللہ قوم درانی پوپلزئی ساکنہ یہ جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفیہ کا دیگر کوئی جائز وارث اور دعوے دار نہ ہے لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 7/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63863

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, it is Mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech invites sealed percentage tender based on composite schedule rates 2026, G.O.B. amended up-to-date from interested contractors / firms for the work listed below:
Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF SHAHEED ZAHID TECHNICAL CENTER OF DISTRICT PANJGUR. TSE-2627101204073	39,603,581

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 26 October, 2026 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at Kech
Phone no: 0852414060 Fax no: 0852414060
Email: xenurbanmakran@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER Urban Planning & Deve: Department Makran Division at Kech

DPRQ/PRQ No.1785/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101204451 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **Tender Fee** Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 3)	200,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 9,500,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 9,500,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Must agree to serve the Contract within 30 days **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 200,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 23 October, 2026 till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Office of the Director General Farms and Feed Resources Brewery Road Near CASVAB quetta Phone no: 0819213147
Fax no: 0819213147Email: dgffdddd@gmail.com

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

DPRQ/PRQ No.1782/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت نائب تحصیلدار / صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ بی بی محرم دختر عظیم خان قوم براہوئی رئیسانی ساکنہ یہ وفات پاچکی ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا زیر انتقال نمبر 164/1 محال و موضع سیمجدی بیرو نو حصار تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفیہ بی بی محرم کے پسماندگان میں 1۔ بی بی آمنہ 2۔ ماہ بی بی دختران عبدالرحمان قوم براہوئی رئیسانی ساکنہ یہ جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفیہ کا دیگر کوئی جائز وارث اور دعوے دار نہ ہے لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 7/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63863

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627101204401 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB**
Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 2)	100,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 4,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 4,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Must agree to serve the Contract within 30 days **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 100,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 23 October, 2026 till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: Office of Director General Farms and Feed Resources Brewery Road Near CASVAB quetta
Phone no: 0819213147Fax no: 0819213147
Email: dgffdddd@gmail.com

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

DPRQ/PRQ No.1783/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101204573 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings B&R District Chaman invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates
Tender Fee 2,000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Boundary wall & Renovation of GBMIDS Killi Amir Jan Dayyan (9560)	7,200,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 5,040,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm CDR from Concerned Bank Paid Green Chai lan from concerned bank Submit a Rs. 100 (N) stamp Power of Attorney (attested by 1st class magistrate) with TSE number and work title for written confirmation at tune of bid submission authorizing a person (with Name & CNIC S) to submit the Bid **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 22 October, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 22 October, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM **Address:** Executive Engineer Building CW PP & H department District Chaman Phone no: 3327395439
Email: arshadalisoomro41@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER, (BUILDING) CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT CHAMAN

DPRQ/PRQ No.1775/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت نائب تحصیلدار / صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ بی بی ماہ دختر عظیم خان قوم براہوئی رئیسانی ساکنہ یہ وفات پاچکی ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا زیر انتقال نمبر 164/1 محال و موضع سیمجدی بیرو نو حصار تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفیہ بی بی ماہ کے پسماندگان میں 1۔ بی بی درجان دختر حبیب اللہ 2۔ ماہ بی بی 3۔ بی بی آمنہ دختران عبدالرحمان قوم براہوئی رئیسانی ساکنہ یہ جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفیہ کا دیگر کوئی جائز وارث اور دعوے دار نہ ہے لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 7/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63863

NOTICE INVITING TENDER

TSE # 2627101203541

Balochistan Provincial Assembly Secretariat invites sealed bids as per Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) Rules, 2014 from well-reputed, established and experienced firms **FOR PROCUREMENT OF TISSUE PAPERS** having registration and active status of NTN and GST with Federal Board of Revenue on the basis of following terms & conditions:

1. The bidder shall not be blacklisted by any of Provincial or Federal Government Department, Agency, Organization or Autonomous Body or Private Sector Organization anywhere in Pakistan.
2. Detailed bidding document can be downloaded from B-PPRA website www.bppra.gob.pk.
3. Single stage two envelope bidding method shall be used as per Rule 41-(3) of the BPPRA Rules, 2014.
4. Contract will be awarded as per the evaluation criteria mentioned in bidding document.
5. Bid can be submitted on or before **MONDAY, 26th OCTOBER, 2026 (11:00 am)** in the Tender Box at Admin Block, Balochistan Provincial Assembly Secretariat. Technical bids will be opened on the same day at **(12:00 pm)** at the Procurement Cell Room # 76 of Balochistan Provincial Assembly Secretariat, Zarghoon Road Quetta. Financial bids of technically qualified bidders will be opened on the same day at **(12:30 pm)**.
6. Bidding document fee of Rs.1000/- shall be submitted through Green Deposit Challan in National Bank of Pakistan (Head of Account CO-3870).
7. The bids must accompany Bid Security of fixed amount Rs. 20,000/- in the shape of Call Deposit issued from a scheduled bank in favor of Secretary Balochistan Provincial Assembly Secretariat.
8. Bidders shall quote their rates inclusive of all applicable taxes and duties for each and every item enlisted in bidding document/Data sheet.
9. The Balochistan Provincial Assembly Secretariat reserves the right to reject any or all bids as per provisions of B-PPPRA Rules, 2014.

CONTACT INFORMATION:
Telephone Number: 081-9203079 Ext – 375, 376.
Fax Number: 081-9202575
Email Address: bpaprocurement@yahoo.com

Procurement Cell Balochistan Assembly Secretariat Zarghoon Road Quetta

DPRQ/PRQ No.1788/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

چہرے نہیں، پیٹرن پڑھو، سچائی، مفاد اور دوغلے پن کا خفیہ امتحان

محترم قارئین، سچے اور دوغلے میں فرق صرف بات کا نہیں، پیٹرن کا ہے۔ انسان کی اصل پہچان اس کے وقتی جملوں، مسکراہٹوں یا رسمی دعووں سے نہیں ہوتی بلکہ اس مستقل رویے سے ہوتی ہے جو حالات بدلنے کے باوجود برقرار رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی شخص کو سمجھنے کے لیے اس کی زبان سے زیادہ اس کے عمل، مفاد، اختلاف، غیر موجودگی اور دوسروں کی کامیابی کے وقت اس کے رویے کو دیکھنا ضروری ہے۔ بظاہر میٹھی گفتگو ہمیشہ اخلاص کی علامت نہیں، جیسے ہر کڑوی بات دشمنی نہیں ہوتی۔ کردار کا فیصلہ ایک واقعے سے نہیں، مسلسل مشاہدے سے ہوتا ہے۔ 1 بات سچا، منہ پر کڑوی، پیٹھ پیچھے وہی۔ آپ کو پسند نہ آئے تب بھی وہی بولے گا جو سوچتا ہے۔ دوغلا، منہ پر میٹھا، پیٹھ پیچھے زہر۔ آپ کے سامنے آپ کا، آپ کے دشمن کے سامنے اس کا۔ بات انسان کے مزاج کی پہلی کھڑکی ہے، مگر صرف الفاظ سن لینا کافی نہیں۔ سچا شخص اختلاف کرتے ہوئے بھی اپنی بات میں تسلسل رکھتا ہے، وہ آپ کے سامنے کچھ اور آپ کی غیر موجودگی میں کچھ اور کہنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا۔ اس کی صاف گوئی کبھی سخت محسوس ہو سکتی ہے، لیکن اس میں دورنگی کم ہوتی ہے۔ اس کے برعکس دوغلا پن خوش گفتاری کے پردے میں چھپا رہ سکتا ہے۔ ایسے شخص کی گفتگو کا رخ اکثر مخاطب کے فائدے، طاقت یا موجودہ تعلق کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔ اس لیے میٹھی زبان کو فوراً اخلاص اور تلخی کو فوراً بدتمیزی قرار دینا درست نہیں؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا بات اور کردار میں مستقل مزاجی موجود ہے؟ 2 مفاد سچا، مفاد نکل جائے تب بھی رشتہ رکھتا ہے۔ اس کا رویہ آپ سے ہے، آپ کی جیب سے نہیں۔ دوغلا، جب تک آپ سے کام ہے فرشتہ۔ کام نکلا، یا آپ کمزور ہوئے، غائب۔ اس کا رشتہ آپ سے نہیں، آپ کی کرسی/ پیسے سے ہے۔ رشتوں کی حقیقت اکثر اس وقت سامنے آتی ہے جب فائدہ ختم ہو جائے۔ مخلص تعلق میں انسان صرف ضرورت کے وقت یاد نہیں کیا جاتا بلکہ مشکل، خاموشی اور بے غرض وقت میں بھی تعلق کی قدر باقی رہتی ہے۔ اس کے برعکس مفاد پرستی تعلق میں قربت کا درجہ آپ کی حیثیت کے ساتھ بدلتا ہے۔ عہدہ، دولت، اثر و رسوخ یا کسی کام کی ضرورت کم ہوتے ہی اگر رویہ اچانک سرد پڑ جائے تو یہ ایک قابل غور پیٹرن ہے۔ تاہم ہر فاصلے کو دوغلا پن کہنا بھی درست نہیں؛ زندگی کی مصروفیات، ترجیحات اور حالات بھی تعلقات پر اثر ڈالتے ہیں۔ فیصلہ مجموعی رویے سے ہونا چاہیے۔ 3 غلطی پر سچا، غلطی کرے تو مان لیتا ہے "ہاں یار مجھ سے ہوئی"۔ معافی میں اس کی انا نہیں مرتی۔ دوغلا، غلطی کبھی نہیں مانتا۔ یا تو بہانہ، یا آپ کو ہی قصوروار بنا دے گا۔ معافی مانگے گا بھی تو ڈرامہ۔ غلطی مان لینا کردار کی اہم علامت ہے، کیونکہ اعتراف انسان کو کمزور نہیں بلکہ جواب دہ بناتا ہے۔ سچا شخص اپنی غلطی تسلیم کر کے اصلاح کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے لیے معافی محض رسمی الفاظ نہیں بلکہ آئندہ رویے میں تبدیلی کا وعدہ ہوتی ہے۔ دوسری طرف مسلسل بہانے، الزام کی منتقلی اور ہر معاملے میں خود کو بے قصور ثابت کرنے کی کوشش تعلق کو تھکا دیتی ہے۔ البتہ کسی ایک دفاعی ردعمل کو حتمی فیصلہ نہیں سمجھنا چاہیے؛ اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ وقت کے ساتھ غلطی کے بعد کیا تبدیلی آتی ہے۔ 4 آپ کی غیر موجودگی میں یہ سب سے بڑا ٹیسٹ ہے۔ سچا آپ کی غیر موجودگی میں آپ کی عزت کی حفاظت کرتا ہے۔ کوئی برا کہے تو روک سکتا ہے۔ دوغلا آپ کی غیر موجودگی میں تماشا لگاتا ہے۔ آپ کی باتیں نمک مرچ لگا کر دوسروں میں جگہ بناتا ہے۔ کسی انسان کا کردار اس وقت زیادہ واضح ہوتا ہے جب متعلقہ شخص سامنے موجود نہ ہو۔ آپ کی نجی باتوں کو امانت سمجھنا، غیر موجودگی میں بے جا تنقید سے گریز کرنا اور ضرورت پڑنے پر آپ کی عزت کا خیال رکھنا اعتماد کی بنیاد ہے۔ اس کے مقابلے میں ذاتی باتیں پھیلانا، راز کو سماجی مقبولیت کے لیے استعمال کرنا یا محفل میں کسی غیر حاضر شخص کو نشانہ بنانا اعتماد کو کمزور کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تعلق کی مضبوطی صرف اس بات سے نہیں ناپی جاتی کہ کوئی آپ کے سامنے کیسا ہے، بلکہ اس سے بھی کہ وہ آپ کے پیچھے آپ کے بارے میں کیا کرتا ہے۔ 5 حسد سچا، آپ کی کامیابی پر خوش ہوتا ہے، چاہے اندر تھوڑی جلن بھی ہو۔ مبارکباد دل سے دیتا ہے۔ دوغلا مبارکباد زبانی دیتا ہے، اندر جلتا ہے۔ آپ کی خوشی کا سنتے ہی اس کی پہلی کوشش آپ میں نقص نکالنا ہوتی ہے — "ہاں پر"... حسد ایک انسانی جذبہ ہو سکتا ہے، اس لیے محض وقتی جلن کسی کو دوغلا ثابت نہیں کرتی۔ فرق رویے میں ظاہر ہوتا ہے۔ مخلص انسان اپنے احساسات پر قابو رکھتے ہوئے دوسرے کی کامیابی کا اعتراف کر سکتا ہے، جبکہ دوغلے پن کا مسئلہ وہاں نمایاں ہوتا ہے جہاں مبارکباد کے فوراً بعد تحقیر، عیب جوئی یا خوشی کو کم کرنے کی کوشش معمول بن جائے۔ کامیابی کے وقت کسی کے چہرے، الفاظ اور بعد کے عمل میں تضاد بھی ایک اشارہ ہو سکتا ہے۔ ایک جملے میں پہچان: سچا انسان آپ کو تکلیف دے کر بھی فائدہ دیتا ہے، دوغلا آپ کو خوش کر کے بھی نقصان دیتا ہے۔ انسانی تعلقات میں سچائی اور دوغلے پن کی پہچان ہمیشہ آسان نہیں ہوتی، کیونکہ ہر شخص اپنے آپ کو مخلص، وفادار اور صاف گو ثابت کرنا چاہتا ہے۔ اصل حقیقت اس وقت سامنے آتی ہے جب حالات بدلتے ہیں، فائدہ ختم ہوتا ہے، اختلاف پیدا ہوتا ہے یا سامنے والا شخص موجود نہیں ہوتا۔ اسی لیے کردار کو سمجھنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ ایک لمحے کی گفتگو کے بجائے کئی مواقع پر ظاہر ہونے والے رویوں کو دیکھا جائے۔ ایک اچھا تعلق صرف خوش کن الفاظ کا نام نہیں؛ اس میں اعتماد، احترام، جواب دہی اور مستقل مزاجی بھی شامل ہوتی ہے۔ جو شخص آپ کو ہر حال میں خوش رکھنے کی کوشش کرے، ضروری نہیں کہ وہ آپ کا خیر خواہ ہو، کیونکہ بعض اوقات خوشامد سچ چھپانے کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ اسی طرح جو شخص آپ کو بروقت روک دے، غلطی کی نشاندہی کرے یا تلخ حقیقت بتائے، وہ لازماً مخالف نہیں ہوتا۔ خیر خواہی کا انداز کبھی نرم اور کبھی سخت ہو سکتا ہے، مگر اس کا بنیادی مقصد اصلاح اور بھلائی ہوتا ہے۔ سچے اور دوغلے رویے میں ایک اہم فرق یہ بھی ہے کہ سچا انسان اپنے الفاظ کی ذمہ داری قبول کرتا ہے۔ وہ اختلاف کو دشمنی میں بدلنے کے بجائے بات واضح کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے ہاں تعلق کا مطلب اندھی حمایت نہیں بلکہ ضرورت کے وقت درست بات کہنا بھی ہے۔ دوغلا پن اکثر اسی جگہ پہچانا جاتا ہے لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم چہرے ہی نہیں پیٹرن بھی پڑھیں علاوہ ازیں ہمیں اپنے کردار کا جائزہ بھی لینا چاہیے، کیونکہ کبھی ہم دوسروں کے دوغلے پن کو فوراً محسوس کر لیتے ہیں مگر اپنی مصلحتوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ سچائی کا معیار صرف یہ نہیں کہ دوسرا شخص ہمارے ساتھ کیسا ہے، بلکہ یہ بھی ہے کہ ہم اصولی طور پر لوگوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرتے ہیں۔ یہی اصل امتحان ہے۔

ہرنائی: قومی یکجہتی کا اظہار، پاک افواج سے بھرپور اظہار یکجہتی

یکجہتی کانفرنس میں افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا

فلیگ مارچ میں شہریوں نے قومی پرچم اٹھا کر وطن سے محبت کا اظہار

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں افواج پاکستان کی ملکی سلامتی، بے لوث دفاع اور امن و امان کے قیام کے لیے پیش کی جانے والی گراں قدر خدمات اور عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک پروقار یکجہتی کانفرنس اور شاندار فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں منعقدہ اس پر عزم تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے کی، جبکہ تقریب میں ضلعی انتظامیہ، پولیس کے اعلیٰ حکام، سرکاری افسران، معزز قبائلی عمائدین، اور سماجی و عوامی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے قومی جذبے کا مظاہرہ کیا۔ کانفرنس کے دوران تمام مکاتب فکر کے نمائندوں نے پاک فوج کے بہادر جوانوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت سے لے کر آفت زدہ حالات تک، پاک فوج نے ہر محاذ پر ملک و قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ عوام اور افواج کا اتحاد: شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم ہر مشکل اور چیلنج کی گھڑی میں اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ قبائلی عمائدین اور انتظامی افسران نے واضح کیا کہ ارض وطن کے امن و استحکام کے لیے پاک فوج کی شاندار قربانیاں تاریخ کا ایک سنہرا باب ہیں، جنہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ کانفرنس کے اختتام کے بعد افواج پاکستان سے محبت اور یکجہتی کے عملی اظہار کے طور پر ایک عظیم الشان فلیگ مارچ نکالا گیا۔ فلیگ مارچ کا آغاز ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے ہوا، جو شہر کی اہم شاہراہوں بشمول ہرنائی بازار اور ایس پی آفس سے ہوتا ہوا واپس اپنے ابتدائی مقام (ڈی سی کمپلیکس) پر اختتام پذیر ہوا۔ مارچ کے شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے، جس سے پورا راستہ قومی رنگوں میں رنگ گیا۔

رکھنی: ڈی ڈی او کا تعلیمی اداروں کا دورہ، غیر حاضر ملازمین کیخلاف کارروائی

رکھنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر سلیم زرکون نے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کرتے ہوئے تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول عیشانی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول عیشانی اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گنداری رکھنی کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران طویل عرصے سے غیر حاضر اور فرائض میں غفلت برتنے والے ٹیچنگ و نان ٹیچنگ اسٹاف کے خلاف موقع پر ہی معطلی کے احکامات اور توضیحی نوٹس جاری کیے گئے۔ بعد ازاں ڈاکٹر سلیم زرکون نے ایڈیشنل کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار سے ملاقات کی، جس میں ضلع کوہلو کے تعلیمی شعبے سے متعلق اہم مسائل اور شکایات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بالخصوص کنٹریکٹ اساتذہ کی مبینہ جعلی اسناد کے معاملے سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے واضح کیا کہ تعلیمی اداروں میں حاضری، نظم و ضبط اور معیار تعلیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

اوستہ محمد، اے سی ماریہ شمعون کی نگرانی میں تجاوزات کیخلاف کارروائی کی جا رہی ہے

اوستا محمد: تجاوزات کیخلاف کارروائی، اہم شاہراہوں کی صورتحال بدلنے لگی

جناح روڈ پر غیر قانونی رکاوٹیں اور عارضی تعمیرات ہٹا کر راستے کشادہ کیے گئے

اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے آپریشن کی نگرانی، مزید علاقوں تک کارروائی کا اعلان

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایت پر شہر میں ناجائز تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون کی نگرانی میں جناح روڈ استا محمد پر ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون نے کارروائی کی خود نگرانی کی آپریشن کے دوران جناح روڈ کے اطراف قائم مختلف نرم و سخت تجاوزات کو ہٹایا گیا، جبکہ سڑک اور فٹ پاتھ پر قائم غیر قانونی رکاوٹوں اور عارضی تعمیرات کو بھی ختم کر کے عوام کے لیے گزرگاہ کو کشادہ کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ شہر کی اہم شاہراہوں اور عوامی گزرگاہوں پر ناجائز تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی تجاوزات کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ شہریوں، بالخصوص پیدل چلنے والوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانا، سڑکوں پر آمد و رفت کو یقینی بنانا، پیدل چلنے والوں کے لیے راستے بحال کرنا اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہے انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تجاوزات کے خاتمے کے بعد دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہونے کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ضلعی انتظامیہ استا محمد کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے گا اور عوامی شاہراہوں، فٹ پاتھوں اور گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی

لورالائی: محکمہ مال میں عوامی سہولت اور زیر التوا کیسز پر اہم ہدایات

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی زیر صدارت تحصیلدار اور پٹواریوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال سے متعلق امور، ریونیو معاملات، عوامی مسائل کے فوری حل سرکاری ریکارڈ کی بروقت تکمیل و درستگی اور زیر التوا کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے تحصیلدار اور پٹواریوں کو ہدایت کی کہ عوام کو ریونیو سے متعلق معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور شہریوں کو بلاوجہ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بارکھان: پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے قومی ریلی

بارکھان (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع بارکھان میں بھی 17 اکتوبر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی ہدایت پر اور اسسٹنٹ کمشنر بارکھان حسام الدین کاکڑ کی زیر نگرانی ایک شاندار اور پرجوش ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ کے مختلف محکموں کے افسران، اہلکاروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کا بھرپور اظہار کیا۔ ریلی کے دوران شہر کی فضا ملی جوش و جذبے سے گونجتی رہی، جبکہ شرکاء نے ملک کی سلامتی، خودمختاری، امن اور استحکام کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع کے لیے پاک فوج کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ پاک فوج نے ہمیشہ ملک کے دفاع اور قومی سلامتی کے لیے مثالی کردار ادا کیا ہے

WALK-IN INTERVIEW NOTICE

With reference to the **District Health Committee Kech (DHC) Meeting Minutes No. 8317-28/09/DHC/GB dated 21st September 2026**, held under the chairmanship of the **Deputy Commissioner Kech**, in the presence of the District Health Officer Kech, Medical Superintendent, Teaching Hospital Turbat, and District Senior Accounts Officer Kech, it was observed that certain Union Councils of District Kech are without vaccinators, which is adversely affecting routine immunization activities.

The Committee approved the recruitment of **Vaccinators on contract basis for a period of one year**, in accordance with **Health Department, Government of Balochistan Notification No. SO-II(H)17-01/2024/4067**.

Accordingly, eligible local candidates are invited to appear for a **Walk-in Interview** as per the following schedule:

Date: 20th October 2026
Venue: Office of the Deputy Commissioner, Turbat
Female Candidates: 09:00 AM to 01:00 PM
Male Candidates: 02:00 PM to 05:00 PM
No candidate will be entertained after the scheduled date and time.
Candidates are required to submit their applications through the official recruitment portal:
https://jobs.hrmishealth.com/

S. No.	Position	BPS	Union Council	Qualification
1	Vaccinator	BPS-05	Sarikallag	Matric (Science) with 06 months' vaccination experience
2			Alandoor	
3			Zarinbhug	
4			Kohak	
5			Dandar	
6			Balgathar	
7			Baloor	

TERMS & CONDITIONS

1. All positions are strictly **Union Council-based**.
2. Candidates may apply only for the position pertaining to their **own Union Council**.
3. The age limit for applicants is **18 to 42 years**.
4. Candidates must produce **attested copies of all required documents** at the time of the interview.
5. Applications without attested documents shall not be entertained.
6. Candidates must submit **two recent passport-size photographs** along with their documents.
7. Candidates must bring their **original educational/technical credentials and computerized CNIC** on the day of the interview.
8. Appointment orders for selected candidates shall be issued after verification of their educational certificates/diplomas from the concerned institutions.
9. As per Government of Balochistan policy, **5% quota for persons with disabilities and 5% quota for minorities** shall be observed.
10. No **TA/DA** shall be admissible for appearing in the interview.
11. Candidates who do not possess the prescribed educational qualification/technical diploma, or who hold certificates issued by unregistered or irrelevant institutions, shall not be eligible.
12. Selection shall be made strictly on **merit**, subject to the prescribed eligibility criteria and applicable government rules.
13. Eligible candidates shall be selected by the committee constituted by the **Government of Balochistan/competent authority**.
14. The number of positions may be **increased or decreased** at the discretion of the competent authority.

Only candidates belonging to the respective advertised **Union Councils** shall be considered

District Health Officer
Kech at Turbat

PRQ No.1787/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں

محکمہ صحت بلوچستان ضلع لسبیلہ کے ماتحت گریڈ 01 سے 09 تک کی درج ذیل خالی آسامیوں کے لیے ضلع لسبیلہ کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں یہ ایک سالہ تعیناتی خالصتاً کنٹریکٹ (عارضی بنیاد) پر ہوگی اشتہار کی منظوری ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز مقامات ڈویژن خضدار کے مراسلہ نمبر لسبیلہ / 1 آر سی / 2025 / 1309 / 1305 مورخہ 25 اگست 2026 دی گئی ہے۔ آن لائن درخواستیں درج بالا ویب سائٹ پر مطلوب ہیں۔ https://jobs.hrmishealth.com/

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد	گریڈ	مقام	تعلیمی قابلیت
1	میڈیکل ٹیکنیشن	06	09	بی ایچ او اسماعیلانی، وہیرہ، گوری، شکن، سی ڈی گھیلواری، ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس اور میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
2	لیڈی ہیلتھ وزیٹر	01	09	بی ایچ یو بھور 1	میٹرک سائنس ایل ایچ وی ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
3	ڈی سیل میڈیکل ٹیکنیشن	05	09	بی ایچ یو شولی بیٹ، لیاری، گھیلواری، گوٹھ رمضان، سی ڈی کنراج	میٹرک سائنس میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
4	ڈسپنسر	02	06	بی ایچ یو کنڈ اسماعیلانی	میٹرک سائنس ڈسپنسر ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
5	نائب قاصد	01	01	ایم سی ایچ سینٹر اوتھل	لکھنا پڑھنا جانتا ہوں میٹرک پاس کو ترجیح دی جا سکتی ہے
6	دائی	02	02	سی ڈی مورپائی، بی ایچ یو عمر گوٹھ	ایک سالہ دائی ڈپلومہ
7	چوکیدار	02	01	بی ایچ یو خدا حسین شاہ، نمانی	لکھنا پڑھنا جانتا ہوں میٹرک پاس کو ترجیح دی جا سکتی ہے
8	سویپر	03	01	بی ایچ یو کنڈ کرکی، راوڑا کی، پیر بھبور	ناخواندہ
9	سینیٹری پٹرولر	01	01	ڈی ایچ او آفس اوتھل	پرائمری
10	میل وارڈ سرونٹ	02	02	رورل ہیلتھ سینٹر لاکھڑا / اوڑدو	پرائمری
11	لیبارٹری ٹیکنیشن کنٹریکٹ	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس لیبارٹری ٹیکنیشن ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
12	او ٹی ٹیکنیشن کنٹریکٹ	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس لیبارٹری ٹیکنیشن ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
13	اینستھیزیا ٹیکنیشن کنٹریکٹ	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس اینستھیزیا ٹیکنیشن ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
14	ای سی جی ٹیکنیشن کنٹریکٹ	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس ای سی جی ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
15	آئی ٹیکنیشن کنٹریکٹ	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس آئی ٹیکنیشن ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
16	فزیوتھراپی ٹیکنیشن	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس فزیوتھراپی ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
17	الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن (فیمیل)	01	09	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس دو سالہ الٹراساؤنڈ ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
18	کمپاؤنڈر	01	06	ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل	میٹرک سائنس، بمعہ ایک سالہ ڈسپنسر ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
19	ڈرائیور	02	04	آفس ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل DHO	پرائمری ڈرائیونگ لائسنس
20	لیبارٹری اسسٹنٹ	02	05	سول ہسپتال بیلہ، رورل ہیلتھ سینٹر لاکھڑا	میٹرک سائنس لیبارٹری اسسٹنٹ ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
21	ملیریا سپروائزر	01	05	ملیریا کنٹرول پروگرام لسبیلہ	میٹرک سائنس بمعہ سینٹری انسپکٹر سرٹیفکیٹ
22	نرسنگ اردلی	01	04	بی ایچ یو اسماعیلانی	میٹرک (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)
23	ڈریسر	01	06	ڈی ایچ او آفس	میٹرک سائنس ڈسپنسر ڈپلومہ (تجربہ کار امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی)

شرائط:۔ (1) عمر کی بالائی حد 18 سال سے 43 سال ہوگی (2) پہلے سے سرکاری ملازم اپنی درخواست اپنے محکمہ کے توسط سے جمع کرائیں (3) مطلوبہ معیار پر اترنے والے امیدواروں کو انٹرویو ٹیسٹ کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا (4) انٹرویو ٹیسٹ کے لیے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا (5) امیدوار اپنی درخواستیں 30 اکتوبر 2026 تک محکمہ صحت کی ویب سائٹ پر آن لائن جمع کریں۔ درخواستیں مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہیں ہوں گی (انٹرویو ٹیسٹ کی تاریخ بذریعہ اشتہار بعد میں دی جائے گی) (6) معذور افراد خواجہ سرا اور اقلیتی امیدواروں کے لیے کوٹہ گورنمنٹ آف بلوچستان کے رولز کے مطابق مختص ہے (7) گریڈ 01 سے گریڈ 04 تک آسامیاں علاقہ یونین کونسل کی بنیاد پر ہوں گی اور گریڈ 05 سے گریڈ 09 کی ٹیکنیکل آسامیوں کے لیے ضلع لسبیلہ کی کسی بھی تحصیل سے امیدوار کو منتخب کیا جا سکتا ہے (8) آسامیوں میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے اور ادارہ کو حق حاصل ہے بغیر وجہ بتائے اشتہار منسوخ کر سکتا ہے (9) ان آسامیوں کی تقرری خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوگی کسی بھی قسم کی سفارش کروانے والے امیدوار کو نااہل قرار دیا جائے گا۔ **نوٹ:** درج بالا آسامیاں لوا حقین کوٹہ کے لیے مختص کی گئی آسامیوں کے علاوہ ہیں۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر
لسبیلہ بمقام اوتھل

PRQ No1812/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

TENDER NOTICE

TENDER DOCUMENT FOR CONSTRUCTION OF PREFABRICATED BHU IN DISTRICTS QUETTA, PISHIN AND NOSHKI, PPHI-BALOCHISTAN
PPHI-B/H.O-BLN/CW/2026/QPN

Closing / Opening Date & Time

PRE-BID MEETING: 14th October, 2026 AT 2:00PM
BID SUBMISSION LAST DATE: 25th October, 2026 & Time 11:00 AM directly submitted to the Head Office, PPHI-Balochistan.
TECHNICAL BID OPENING: 25th October, 2026 & Time 12:00 PM
Financial Opening: To Be Communicated

Invites tender from FBR/BRA active filers (companies/firms) Tender fee (non-refundable) in the form of pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan. Tender Documents with detail of required work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at **http://pphib.org/pphi-b/tenders.**

- Proposal should clearly be marked.
- Proposal must be complete is all respect.
- Proposal must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative Balochistan.
- The bid must be delivered to Director Admin & Procurement PPHI-Balochistan Head Office, Quetta
- If the submission or opening date falls on a public holiday or non-working day, the bids shall be opened on the next working day at the same time and venue.
- The Procuring Agency reserves the right to reject any or all bids or cancel the procurement proceedings at any stage prior to award of contract without disclosing any reason.

DIRECTOR ADMIN & PROCUREMENT
PPHI - BALOCHISTAN | HEAD OFFICE: 8-A Jinnah Town Samungli Road Quetta, Balochistan.
081-2863620-623, Fax 081-2863642 | Email: pphiadmin@pphib.org

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Public Health Engineering Division Naseer Abad are invites the tenders from the approved Government Contractors. **Bid Security 2% in shape of Call deposit**

S#	NAME OF WORK	Estimated Cost	Tender Fee	TSE NO.
1-	CONSTRUCTION OF FILTERATION PLANT AT DERA MURAD JAMALI (BSDI PHASE-III	60.00-M	5000/-	TSE-2627091199173

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **ELIGIBILITY:** -a. Three Years Relevant Work Experience in PHE Department. b. Turn-Over of at least three years showing financial capacity of the firm.c. The contractor must have registration with tax authorities i.e (NTN Sales tax department and Baluchistan Revenue Authority/BSTS) valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category who have deposited enlistment/renewal fee for the year 2026-2027. Tender fee deposited in head of account C-02725-02 through green challah form original in State Bank of Pakistan/National Bank of Pakistan Quetta Rs, 5000/- of each work detail given as above. e. The detail of each works are available on E-PPRA website. **Method of Procurement: -** Single stage, two envelop procedure will be adopted. **Bidding/Tender documents: - Issuance.** The tender form/documents will be issued to bidders/contractors on publishing of notice in newspapers upto 14-10-2026 11:45 A.M from the presentation of requisite documents i.e tender fee (Non-refundable). Bid Security/Earnest money 2% in shape of call deposit. The tenders will be open in presence of all bidders/firms. **Submission:-** Last date for submission is 22-10-2026 at 11:45 A.M **Opening:-** The tender will be opened on 22-10-2026 at 12:45 P.M Place of Issuance, submission, inquiry and opening will be:- Address:- office of the Executive Engineer PHE Division Naseer Abad E-mail Address:- XENPHEDNaseerabad@gmail.com. It may be noted that no pay order will be accepted/entertained and Firm complete title name should be written on call deposit. Only original contractor are allowed to participate in the tenders with original CNIC. Agent/Representative will not be allowed. **CONDITIONS. All the terms and conditions/site of the detail works can be seen/obtain from the office of the undersigned in any office hours.**

EXECUTIVE ENGINEER,
PUBLIC HEALTH ENGINEERING
DIVISION NASEER ABAD

DPRQ/PRQ No.1778/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The undersigned invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2026 of GOB, amended up-to-date from the interested contractors / firms for the works listed below; Time Limit: 06 Months (Each Scheme), Earnest Money: 2% (Each Scheme)

ALLOCATION OF FUNDS:- GRANT IN AID FOR LOCAL COUNCIL'S FINANCIAL YEAR 2025-26

S.#	NAME OF PROPOSED SCHEME	TSE NUMBERS	ESTIMATED COST
1.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL HAJI GHULAM QADIR MOONDRA GOTH UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204373	2,000,000
2.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL GOTH KHAN MUHAMMAD RIND BROHI MUHALLAH UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204393	2,000,000
3.	CONSTRUCTION OF TOILETS FOR MASJEED VILLAGE ABDUL MAJEED QALANDRANI / SHAHDAD GOTH UNION COUNCIL SAKRAN DISTRICT HUB.	2627101204443	2,312,000
4.	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR COMMUNITY HALL & MASJEED VILLAGE CHAKAR UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204483	1,800,000
5.	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR WOMEN'S HANDICRAFT CENTRE (DASTKARI MARKAZ) UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204503	1,500,000
6.	PROVIDING AND FIXING OF ALUMINUM WINDOWS FOR JAMIA MUHAMMADI VILLAGE DEEN MUHAMMAD MOONDRA UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204533	3,000,000
7.	PROVIDING AND INSTALLATION OF MOTOR-OPERATED RETRACTABLE FABRIC CANOPY/SHELTER OVER THE COURTYARD OF JAMIA MASJID GOTH GHULAM NABI MUHAMMAD HASSANI, UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204543	900,000
8.	PROVIDING & INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM IN KHAN MUHAMMAD RIND GOTH BROHI MUHALLA UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204553	2,000,000
9.	PROVIDING & LAYING OF CONCRETE PAVERS IN STREET GOTH LAL MUHAMMAD JALBANI UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204563	1,634,000
10.	REPAIR OF COMMUNITY HALL PEER MUHAMMAD GOTH UNION COUNCIL SAKRAN, DISTRICT HUB.	2627101204613	854,000
11.	REPAIR OFFICE OF THE UNION COUNCIL SAKRAN, AT PRINCE STREET JAM GHULAM QADIR HOSPITAL ROAD HUB.	2627101204663	2,000,000

The procurement will strictly be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules, 2014. **ELIGIBILITY**: The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-06) above updated, and registration with tax authorities i.e. **(NTN, Sales Tax Department & BST),** where applicable. Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: (1000) Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account **4001193628** of Union Council Sakran NBP Hub Chowki Branch. **Submission**: Last date of Submission will be **22-10-2026** at **11:00am** **Opening**: The tender document will be opened on **22-10-2026** at **12:00pm** (bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- **Address: Office of the Union Council Sakran Adalat Road Hub Chowki.** Phone No: **0331-3455877**
E-mail address: abdulrehmanlgrd786@gmail.com
Terms and conditions:a) Under the following conditions bids will be rejected. i. Conditional, electronics and telegraphic bids / tender. ii.Bids not accompanied by bid security / earnest money in shape of call deposit in favor of the undersigned.iii. Bids received after specified date and time.
iv. Black listed contractors / firms.

CHIEF OFFICER,
UNION COUNCIL SAKRAN

DAB/AB No.401/07-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Roads CWPP&H Department District Sherani invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500/- and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM MANGALZAI TO SHARAW HARIFAL DISTRICT SHERANI ((BALOCHISTAN SPECIAL DEVELOPMENT INITIATIVE BSDI PHASE-III 2026-27) **TSE-2627101203293**	49,505,344

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 34,653,740 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE02(i) (Bridge Structures), CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure). The bidder must have completed 3 Assignment of 70 % of the Estimated Cost similar nature of work along with their verification letters in fresh dates from concerned department in last three years when personal, financial, or professional interests clash with ethical duties potentially affecting impartial decision-making It can be actual perceived or potential and is managed through disclosure transparency and ethical policies to maintain integrity All pending litigation shall in total not represent more than Seventy (70) % of the Bidder's net worth and shall be treated as resolved against the Bidder. Non performing contracts arise from disputes financial issues or failure to meet obligations. Historically, they've led to legal battles, financial losses, and stricter regulations. Mechanisms like force majeure and dispute resolution help mitigate risks. Green Challan of Rs 1500, Green Challan of Rs 1500,Attach BPPRA Challan must Submission of audit balance sheet in the last Three years to demonstrate ICAP. The audit was conducted by the Institute of Chartered Accountants of Pakistan [ICAP]. Certificate of audit execution by ICAP is attached for verification. Available Credit limit line of 100% of estimated cost Account statement by concerned Bank of last 2 years provided as latest Only for the firms already engaged with Executive Engineer CWPP&H Department. It is mandatory for them to provide performance certificate Last 3 years withholding tax audit Order i.e 2024 2025 and 2026 including CPRS. In the case of Non withholding agent, a certificate from the FBR is required, confirming that no government dues or taxes are pending against the contractor Affidavit (Rs. 100/- Stamp Paper): A duly notarized affidavit confirming that the information submitted with the bid is true and correct. False information shall render the bidder liable to legal action by the Procuring Agency. Special Stipulations Clause Conditions Of Contract Signed & Stamped On Stamp Paper A Call Deposit Receipt (CDR) equal to 3% of the estimated cost is required. The date and name of the firm must be clearly mentioned on the Call Deposit; otherwise, the CDR shall be considered liable for rejection registered with Pakistan engineering council (CE02 Complete or CE02 (ix) Culvert is compulsory. Bidder is not blacklisted, in favor of Executive Engineer Rosds CWPP&H Department District Sherani along with the name of work and TSE No Mentioned. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 22 October, 2026till 10:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System **Address:** Office of The Executive Engineer-Roads, CW,PP&H Dept. District Sherani, Zhob
Phone no: 0822412218 Email: shams3920@gmail.com

Executive Engineer Roads
CWPP&H Department District
Sherani

DPRQ/PRQ No.1776/7-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 دہشتگرد ہلاک

مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری شدت سے جاری رہیں گی۔دوسری جانب خیبرپختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں 7 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے جبکہ دہشتگرد فرار ہوگئے۔ڈی پی او مظہر اقبال کے مطابق شادی پور میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کو ناکام بنادیا گیا۔ڈی پی او نے بتایا کہ دہشتگردوں کی فائرنگ میں 7 اہلکار زخمی ہوئے جنہیں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جب کہ پولیس کی بھرپور جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہوگئے۔ڈی پی او کا کہنا ہے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے اور دہشتگردوں کو جلد از جلد ڈھونڈنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔کوہاٹ میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں 7 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ڈی پی او مظہر اقبال کے مطابق شادی پور میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کو ناکام بنادیا گیا۔ڈی پی او نے بتایا کہ دہشتگردوں کی فائرنگ میں 7 اہلکار زخمی ہوئے جنہیں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جب کہ پولیس کی بھرپور جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہوگئے۔ڈی پی او کا کہنا ہے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے اور دہشتگردوں کو جلد از جلد ڈھونڈنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیوں کے ذریعے قوم کے عزم اور حوصلے کی عکاسی کی ہے۔بدھ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 13 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیوں کے ذریعے قوم کے عزم اور حوصلے کی عکاسی کی یہ کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے خلاف پختہ عزم کا واضح اظہار ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 2 خواجہ آصف

نے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی صوبے میں دہشت گردی سے مکمل لاتعلقی اور مجرمانہ بے حسی جاری ہے، بس بہت ہوگیا۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت نام نہاد ناکام سیاسی لانگ مارچ کیلئے سڑکوں پر گھوم رہی ہے جبکہ ان کے سہولت کاروں نے اسی دوران خیبرپختونخوا کے لوگوں کے خلاف ایک تازہ دہشت گردی کی لہر شروع کر دی ہے، 6 اکتوبر کو ڈی آئی خان میں دہشت گردوں نے ایک بار پھر 5 بیگناہ افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا، جاں بحق 5 افراد میں سے دو کسٹم اہلکار تھے۔خواجہ آصف نے کہا کہ اس سنجیدہ معاملے سے مکمل طور پر بے حس، پوری صوبائی کابینہ، وزیراعلیٰ سمیت اپنے سیاسی ناکام لانگ مارچ میں پوری طرح مشغول ہے۔ان بے حس اور بے شرم لوگوں نے ہمیشہ کی طرح ڈی آئی خان میں ان 5 افراد کے بے گناہ قتل کی بھی پہلے کی طرح کوئی مذمت نہیں کی، سوگوار خاندانوں سے کوئی تعزیت نہیں کی، ان کے جنازے نہیں پڑھے یا کم از کم دکھانے کی حد تک ہی سہی ان کے گھروں تک جا کر افسوس نہیں کیا۔پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ کسی بھی اعتبار سے ناقابل معافی ہے بدقسمتی ہے، اس کے برعکس، وزیراعلیٰ نے رات گئے آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا کو اپنی پارٹی کے کہنے پر گورنر کی سکیورٹی میٹنگ میں شرکت پر آج سرزنش کرنے کیلئے اجلاس بلا رکھا ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ ایک صوبہ جو دہشت گردی کی زد میں ہے اس کے وزیراعلیٰ اور اس کی کابینہ نے صوبے کے عوام کو پوری طرح دہشت گردوں کے رحم پر چھوڑ دیا ہے، اسی لیے خیبرپختونخوا کے عوام مختلف علاقوں میں صوبائی حکومت کے خلاف سڑکوں پر احتجاج کر رہے ہیں اور یہ مزید برداشت نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے لوگوں کا کافی خون بہایا جاچکا ہے، اس حکومت کی دہشت گردوں سے مکمل ملی بھگت اور اس کے سہولت کار ایکو سسٹم کی کافی مثالیں اور شواہد موجود ہیں، جو ہر پاکستانی پچھلے تین سال میں اپنی آنکھوں سے بھی دیکھ چکے ہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ ماضی میں نواز شریف اور اس کا پورا خاندان اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت پی ٹی آئی کے دور میں قید رہی، وقت نے ثابت کیا کہ الزام بس الزام تھے، عمران خان کی فرمائش پر قید کیا جاتا تھا، مگر پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پارلیمنٹ میں اپنے رول کو آئینی ذمہ داری سے نبھایا، ملک اور اداروں کو یرغمال نہیں بنایا، عدالتوں اور پارلیمنٹ میں قانونی اور آئینی جنگ لڑی اور طالبان کے اتحادی نہیں بنے۔وزیر دفاع نے کہا کہ اہم فیصلے کرنے کا وقت آچکا ہے خیبرپختونخوا کو مزید نااہل، بے حس حکمران اور طالبان کے اتحادیوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا، ملک کی وحدت کو خطرے میں نہیں ڈالا جاسکتا اور ایک پورے صوبے کو یرغمال نہیں رکھا جاسکتا۔وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ذاتی مفادات چھوڑ کر مذاکرات کی طرف آئے، دروازے کھلے ہیں۔وفاقی دارالحکومت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، تاہم ریاست کو یرغمال بنا کر کوئی مطالبہ تسلیم نہیں کرایا جاسکتا۔انہوں نے پی ٹی آئی پر زور دیا کہ وہ ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر مسائل کے حل کیلئے مذاکرات کی جانب آئے۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام کا آغاز 2014 میں ہوا اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔2014 میں اسلام آباد پر چڑھائی کے بعد وفاقی دارالحکومت کا گھیراؤ پی ٹی آئی کی سیاست کا بنیادی نکتہ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک مرتبہ پھر اسلام آباد پر چڑھائی کی کوشش کر رہی ہے اور اس کا واحد ایجنڈا ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ سیاسی اختلافات کا حل مذاکرات ہی کے ذریعے ممکن ہے، اس لیے پی ٹی آئی ذاتی مفادات کو ایک طرف رکھ کر مسائل کے حل کی طرف بڑھے۔انہوں نے کہا کہ قانون قومی مفاد پر ذاتی مفاد کو ترجیح دینے کی اجازت نہیں دیتا۔رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا حکومت کے وسائل استعمال کررہی ہے۔

بقیہ 3 میر سرفراز بگٹی

کے دوران 5 دہشت گردوں کا ہلاک ہونا دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں اہم پیش رفت ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے، جبکہ علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن و استحکام کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہیں۔دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ

بلوچستان سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور امن کے دشمن عناصر کو قانون کے شکنجے میں لانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے خبردار کیا کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست کا براہ راست نشانہ ملکی معیشت بنے گی۔

بقیہ 4 پیٹرول

قیمت میں 91 پیسے فی لیٹر کمی کردی گئی جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 394 روپے 94 پیسے فی لیٹر ہوگی۔نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں 18 اکتوبر کے لیے ہوں گی۔

بقیہ 5 شہباز شریف

میں وزیراعظم کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کے عوام کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں جاری امور اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔وزیراعظم نے آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کی ترقی اور وہاں کے عوام کی خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف کا پی ٹی آئی کو مذاکرات کی مشروط دعوت دیتے ہوئے کہنا تھا کہ احتجاج اور دھرنے ختم کریں، ہمارے دروازے کھلے ہیں، مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہو سکے گا۔

بقیہ 6 سہیل آفریدی

سے گزشتہ روز کیا جانے والا ڈراما انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔خیبرپختونخوا میں عوام کی دو تہائی اکثریت سے منتخب حکومت موجود ہے، صوبائی اسمبلی، کابینہ اور حکومت مکمل طور پر فعال اور برقرار ہیں۔انہوں نے کہا کہ گورنر، چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا رہے ہیں، غیر آئینی اجلاس منعقد کررہے ہیں۔گورنر کا اس نوعیت کے اجلاس کی صدارت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے۔پیپلز پارٹی ماضی میں بھی غلط کردار ادا کرچکی ہے، موجودہ اقدامات سے ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش نظر آ رہی ہے۔سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ دو تہائی اکثریت والی صوبائی حکومت کی موجودگی میں گورنر کا اس طرح اجلاس منعقد کرنا ناقابل قبول ہے۔پاکستان کو توڑنے کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔گزشتہ روز ہونے والے اجلاس کی آئینی حیثیت پر ایڈووکیٹ جنرل سے رائے لی جائے گی۔وزیراعلیٰ کو ہٹانے کا آئینی طریقہ موجود ہے، اس کے لیے عدم اعتماد کا طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دیں گے، گورنر نے غیر آئینی کام کیا ہے۔

بقیہ 7 تنخواہ دار طبقہ

ریٹیل اور ریئل اسٹیٹ سے 90 ارب روپے سے زیادہ ٹیکس دیا جو 144 ارب روپے ہے، ریئل اسٹیٹ سے انکم ٹیکس وصولی 38 فیصد کمی سے 35.2 ارب روپے رہ گئی، اس سیکٹر سے ٹیکس وصولی گزشتہ سال کے مقابلے 22 ارب روپے کم رہی۔ایف بی آر ذرائع کے مطابق حکومت نے ریئل اسٹیٹ سیکٹر کے ایڈوانس انکم ٹیکس میں 50 فیصد کی کمی کی، جائیداد کی فروخت پر ٹیکس شرح 5.5 فیصد سے کم کرکے 2.75 فیصد کردی، جائیداد کی خریداری پر ٹیکس شرح 2.5 سے کم کرکے 1.25 فیصد کی، جائیداد فروخت پر ایڈوانس ٹیکس وصولی 42 فیصد کمی سے 23 ارب روپے ہوگئی۔

بقیہ 8 آپشن متعارف

کے مطابق اس اقدام کا مقصد پنشن بچت کنندگان کو اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کا سادہ اور کم لاگت آپشن فراہم کرنا ہے۔ایس ای سی پی نے بتایا کہ پیسوا ایکویٹی سب فنڈ مخصوص مارکیٹ انڈیکس کو ٹریک کر کے کم اخراجات میں سرمایہ کاری کا فائدہ پہنچاتا ہے۔نیا فنڈ موجودہ ایکویٹی، ڈیٹ اور منی مارکیٹ سب فنڈز کے ساتھ لازمی طور پر دستیاب ہوگا، جس سے بچت کنندگان کو ایکٹیو اور پیسو فنڈز کے درمیان انتخاب کا موقع ملے گا۔

بقیہ 9 گورنر

کیا گیا۔وفد نے گورنر بلوچستان کو یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے تنظیمی ڈھانچے اور اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔وفد کے مطابق یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کا ڈھانچہ پاکستان کی منتخب پارلیمنٹ کی طرز پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو پارلیمانی طریقہ کار، قانون سازی، بحث و مباحثے اور جمہوری اداروں کے کام سے عملی طور پر آگاہ کرنا ہے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں فیصلہ سازی، جمہوری اقدار اور پارلیمانی نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو سیاسی و سماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ مستقبل میں ذمہ دار شہری اور مدبرانہ قیادت کا کردار ادا کرسکیں۔گورنر نے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کو ہدایت کی کہ بلوچستان بھر میں اس پلیٹ فارم کو مزید فعال اور متحرک بنایا جائے اور اس کے دائرہ کار کو صوبے کے مختلف اضلاع تک وسعت دی جائے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں قیادت، تحقیق، مکالمے، تنقیدی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کے فروغ کیلئے تربیتی پروگرام، مباحثے، موک سیشن اور مطالعاتی سرگرمیاں منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔

بقیہ 10 نوٹیفکیشن جاری

ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا۔ذرائع کے مطابق اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔لائف لائن صارفین پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ 11 سفارش

مارجن 41 سے 30 ڈالر کرنے کی سفارش ہے، جنگی حالات میں ڈیزل قیمت حقیقی خام تیل لاگت اور 30 ڈالر مارجن پر مقرر ہوگی۔ذرائع کے مطابق ڈیزل قیمت میں شامل 10 فیصد کسٹمز ڈیوٹی ختم کرکے حقیقی درآمدی ڈیوٹی واپس کرنے کی سفارش ہے، اوگرا اور کے پی ایم جی کو جنگی حالات کیلئے نیا خام تیل پرمبنی فارمولا بنانے کی ہدایت کردی گئی۔پی ایس او کو ڈیزل کا واحد درآمد کنندہ بنانے، اضافی لاگت آئی ایف ای ایم سے ادا کرنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 12 وارننگ

انے کہا کہ ماضی میں بھی ایران سرحدی دفاع کے لیے پیشگی حملے کرچکا ہے اور دوبارہ ضرورت پڑی تو ایرانی سرحدوں کے دفاع کے لیے پیشگی حملے کریں گے۔انہوں نے کہا کہ دشمن نے حملہ کیا تو ایران زیادہ تباہ کن، وسیع تر، فیصلہ کن اور تیز تر ردعمل دینے کو تیار ہے۔

بقیہ 13 موسم تبدیل

سرد ہواؤں کے باعث شہریوں کو صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔شہر کے سرکاری اور نجی ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں مریضوں کا رش بڑھ گیا ہے، جہاں روزانہ بڑی تعداد میں شہری موسمی بیماریوں کی شکایات کے ساتھ علاج کے لیے پہنچ رہے ہیں۔موسم کی تبدیلی کے دوران وائرل انفیکشنز تیزی سے پھیلتے جبکہ سرد اور خشک ہوا سانس کی بیماریوں، دمہ اور الرجی کے مریضوں کے لیے مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ 14 سپیکر

رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے مولانا فضل الرحمان کو اپوزیشن سے مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ایاز صادق نے کہا کہ بطور سہولت کار مذاکرات کی کامیابی کی بھرپور کوشش کی، اب بھی اپنی کوششیں جاری رکھوں گا۔حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین رانا ثنا اللہ اور طارق فضل چوہدری بھی مولانا فضل الرحمان کے گھر پہنچے۔ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل پر زور دیا۔

بقیہ 15 فیلڈ مارشل

اور افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کے کردار اور خدمات کو اجاگر کیا۔آرمی چیف نے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت میں امن، استحکام اور انسانی تعاون کے فروغ کے لیے اقوام متحدہ کے کردار کو سراہا۔اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان اور پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔پاکستان کی تاریخ انتونیو گوتریس نے عالمی امن و سلامتی کے لیے پاکستان کے مسلسل عزم کو بھی سراہا اور علاقائی تنازعات کے پرامن حل کیلئے پاکستان کی کوششوں کی خصوصی طور پر تعریف کی۔

بقیہ 16 بحران کا شکار

کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ ایئرپورٹ آنے سے قبل اپنی پرواز سے متعلق تازہ معلومات ضرور حاصل کریں۔

بقیہ 17 طالبان

کیے گئے گرفتاری کے وارنٹ منظر عام پر لاتے ہوئے ان افراد پر افغانستان میں خواتین اور لڑکیوں کے خلاف ظلم و ستم کا الزام عائد کیا ہے۔دوسری جانب طالبان حکام نے اس اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانستان کسی بین الاقوامی فوجداری عدالت کو تسلیم نہیں کرتا اور نہ اس کے کسی فیصلے کو کوئی اہمیت دیتا ہے۔پیر کے روز آئی سی سی کی جانب سے جاری کیے گئے ایک فیصلے میں عدالت کے ججوں نے افغان طالبان کے امیر ہبت اللہ اخوندزادہ اور طالبان کے چیف جسٹس عبدالحکیم حقانی کے خلاف جولائی 2025 میں جاری وارنٹ عام کردیے ہیں۔

بقیہ 18 محمود اچکزئی

درمیان مذاکرات نہ بامعنی ہو سکتے ہیں اور نہ ہی موجودہ بحران کے حل میں مددگار ثابت ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے 7 اکتوبر 1983ء کے شہدا جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدائے وطن کی برسی کے موقع پر باز محمد شہید گراؤنڈ ژوب میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اگر مذاکرات میں دوسرا فریق اپنے قائدین اور دیگر لوگوں سے مشاورت کرتا ہے تو پی ٹی آئی اور اپوزیشن کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ عمران خان سے ملاقات کر کے ان سے مشاورت کریں۔انہوں نے کہا کہ جب تک میری عمران خان سے ملاقات نہیں ہوتی، میں کسی مذاکرات کا حصہ نہیں ہوں گا۔انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ان کی جماعت نے مجھ پر اعتماد کیا ہے اور میں اس اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا، تاہم مجھ میں یہ ہمت بھی ہونی چاہیے کہ جو صحیح ہے اسے صحیح اور جو غلط ہے اسے غلط کہہ سکوں۔حکومت عمران خان سے ہماری ملاقات سے کیوں خوف زدہ ہے؟محمود خان اچکزئی نے خبردار کیا کہ خیبرپختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کے سنگین سیاسی نتائج ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ "آپ گورنر راج لگائیں، ہم عوامی راج کا اعلان کرکے ہر ضلع میں احتجاج کریں گے۔" انہوں نے کہا حالات ایسے بنائے گئے کہ سہیل آفریدی کے پاس اب آگے بڑھنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا۔

بقیہ 19 بیرسٹر گوہر

کی ہے، مذاکرات ضرور ہونے چاہئیں مگر کسی شرط کے بغیر ہونے چاہئیں، اسلام آباد بھی ہمارا ہے یہاں لانگ مارچ کیوں نہیں پہنچے گا؟میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات پر بیٹھنا آسان نہیں تھا، ہم بڑی مشکل سے بیٹھے تھے، اٹھنا نہیں چاہتے تھا جس نے بھی کہا چلیں ختم کریں، ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا، ہم اپنی طرف سے بیٹھے رہے، مذاکرات ختم ہونے کے بعد باہر آ کر بیانات بڑا غلط عمل تھا اس سے اعتماد کو ٹھیس پہنچی ہے۔

بقیہ 20 بڑا اضافہ

کہنا ہے کہ اجلاس میں کمرشل اور گفٹ اسکیم کے تحت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کا جائزہ لیا جائے گا۔اجلاس کے شرکا کو ملک میں استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے تازہ اعداد و شمار پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔ذرائع کے مطابق ریگولیٹرز میں نرمی کے بعد پاکستان میں استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 21 بشریٰ بی بی

کورٹ میں درخواست دائر کردی تاہم جسٹس امجد پرویز نے درخواست پر سماعت سے معذرت کرلی۔بدھ کو چیف جسٹس مس عالیہ نیلم اور جسٹس امجد پرویز پر مشتمل دو رکنی بنچ نے بشریٰ بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔درخواست گزار بشریٰ بی بی کی جانب سے ایڈووکیٹ آصف شہزاد ساہی پیش ہوئے۔جسٹس امجد پرویز نے کہا کہ میں ذاتی حیثیت میں بطور وکیل اس کیس میں پیش ہوتا رہا ہوں اس لیے مناسب نہیں کہ میں اس درخواست پر سماعت کا حصہ بنوں۔

بقیہ 22 جنرل احمد شریف

کئی دہائیوں سے دفاعی تعلقات قائم ہیں اور پاکستانی فوجی دستے بھی کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں تعینات ہیں۔انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی تعاون کا سلسلہ طویل عرصے سے جاری ہے، جبکہ مکہ معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے درمیان دفاعی روابط کو مزید تقویت ملی ہے۔

بقیہ 23 ڈرون حملہ

دوسری جانب خبرایجنسی کا کہنا ہے کہ سعودی عرب نے حوثیوں کے حملوں کی تصدیق نہیں کی۔دوسری جانب، ریاض پر حملوں کیلئے استعمال ہونے والا بیلسٹک میزائل لانچر تباہ کردیا، سعودی فوجی اتحاد یمن میں سعودی فوجی اتحاد کے فوجی ترجمان نے کہا ہے کہ انہوں نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض پر حملوں کیلئے استعمال ہونے والا بیلسٹک میزائل لانچر تباہ کردیا۔

بقیہ 24 آج ملاقات

جمعرات مقرر ہے۔بانی پی ٹی آئی کے فوکل پرسن اویس یونس چوہدری ایڈووکیٹ نے ملاقات کے خواہشمند رفقا کی فہرست جیل حکام کے حوالے کردی ہے۔فہرست میں مرتضیٰ طوری، اویس قیوم، حمزہ گیلانی، مبشر عباسی، ندیم عباسی اور جاسمہ راجا کے نام شامل ہیں۔دوسری جانب بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے آنے والے رفقا کی فہرست جیل حکام کی جانب سے مقرر طریقہ کار کے تحت دیکھی جائے گی۔

بقیہ 25 طوفان الاقصیٰ

حملے میں 1200 اسرائیلی ہلاک ہوئے اور تقریباً ڈھائی سو کو یرغمال بنایا گیا جبکہ اس وقت سے جاری اسرائیلی جارحیت میں غزہ میں ہزاروں فلسطینی شہید ہوچکے ہیں۔غزہ کے سرکاری میڈیا آفس نے 7 اکتوبر 2023 سے غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کے 3 سال مکمل ہونے پر غزہ میں ہونے والے جانی اور مالی نقصانات کی رپورٹ جاری کردی ہے۔رپورٹ کے مطابق غزہ کی پٹی میں 24 لاکھ سے زائد شہری گزشتہ تین سالوں سے بدترین نسل کشی، فاقہ کشی اور نسلی تطہیر کا سامنا کررہے ہیں۔قابض اسرائیلی فورسز کے مسلسل حملوں کے نتیجے میں غزہ میں 90 فیصد سے زائد رقبے پر مکمل تباہی پھیل چکی ہے۔

بقیہ 26 انمول عرف پنکی

جاری کردیا۔کراچی کی سیشن عدالت جنوبی میں منشیات کے مقدمے میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی "کوکین کوئن" کی جانب سے دائر کی جانے والی بریت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ناقص تفتیش کے باعث ملزمہ کی بریت کے قوی امکانات ظاہر کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 27 ٹرمپ

کا انتظام کون چلا رہا ہے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی موجودہ قیادت کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ان کے لیے سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ایران کو اس وقت کون چلا رہا ہے، اس بارے میں کوئی واضح معلومات موجود نہیں۔ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی دوسری صف کی قیادت بھی ختم ہوچکی ہے

بقیہ 28 اسلام آباد تبادلہ

کا بلوچستان حکومت تبادلہ کردیا گیا، کیپٹن (ر) میر باز خان اسٹیبلشمنٹ ڈویژن میں تقرری کے منتظر تھے۔نوٹیفکیشن کے مطابق میڈیکل افسر، ڈاکٹر سارہ گل کا کمپلیکس ہاسپٹل سے پولی کلینک اسلام آباد تبادلہ کردیا گیا، شوکت حسین، اکاؤنٹس افسر، قومی ادارہ صحت اسلام آباد تعینات کردیے گئے، شوکت حسین، آڈٹ افسر، ڈی جی آڈٹ، لوکل گورنمنٹ، خیبرپختونخوا تعینات تھے۔

بقیہ 29 موبائل کی دکان

دھماکے کے نتیجے میں 3 افراد شوکت، باقر اور ظفر زخمی ہوگئے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا زخمی ہونے والے افراد کا تعلق کشمور سے بتایا جاتا ہے۔دھماکے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ کو سیل کرکے تحقیقات شروع کردیں۔

بقیہ 30 کرپشن سکینڈل

سرمایہ کاری کے نام پر 5 کروڑ روپے ہڑپ کیے۔اسپیکر کے مشیر محمد مشتاق کا نام مبینہ طور پر استعمال کرکے کروڑوں روپے کے فراڈ کا بھی الزام ہے۔جعلی انویسٹمنٹ سکیم کے تحت ماہانہ 10 فیصد منافع کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے بٹورنے کا بھی الزام عائد کیا گیا ہے۔قومی اسمبلی کے ایڈیشنل سارجنٹ ایٹ آرمز بھی مبینہ فراڈ کا شکار بنے۔چارج شیٹ کے مطابق بیٹے کو برطانیہ کا ورک ویزا دلوانے کا جھانسہ دے کر اکتالیس لاکھ روپے وصول کیے گئے۔

بقیہ 31 فراڈ

میں عباسی کال سینٹر پر مارے گئے چھاپے میں متعدد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ترجمان این سی سی آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزمان جعلی ٹیلی گرام پروفائلز سے آسٹریلوی شہریوں سے فراڈ کرتے تھے۔ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق جعلی یوٹیوب ٹاسک اور یو ایس ڈی ٹی کرپٹو انویسٹمنٹ کے نام پر لاکھوں سے فراڈ کیا جاتا تھا۔

بقیہ 32 ہاؤسنگ اسکیم

محمد اورنگزیب، ریاض حسین پیرزادہ، عطااللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے۔نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف بلا خوف تادیبی کارروائی کی جائے۔بینکوں کے لیے ہاؤسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کے لیے دیگر صوبے پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کریں

بقیہ 33 پاکستان غربت

ہیں جبکہ ان افراد کی یومیہ آمدنی خط غربت کی مقرر کردہ حد 3 ڈالر یا تقریباً 840 روپے سے بھی کم ہے۔'مینا پ' خطے میں مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان شامل ہیں۔عالمی بینک کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ طویل اقتصادی اصلاحات کے نتیجے میں حقیقی گھریلو آمدنی میں کمی واقع ہوئی ہے، جس سے نہ صرف ملک میں غربت بڑھی ہے بلکہ روزگار کے مواقع بھی کم ہوئے ہیں۔رپورٹ کے مطابق 2018-19 سے 2024-25 کے دوران 3 ڈالر یومیہ کی سطح پر پاکستان میں غربت کی شرح میں 6.4 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ 4.2 ڈالر والی سطح پر یہ اضافہ 3.2 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔عالمی بینک کا تخمینہ ہے کہ رواں مالی سال میں پاکستان کی جی ڈی پی نمو 2.2 فیصد رہے گی، جو تقریباً گزشتہ سال کی سطح کے برابر ہے۔

بقیہ 34 سیکرٹری جنرل

میں عالمی امن و سلامتی، کثیرالجہتی نظام، علاقائی صورتحال اور مختلف بین الاقوامی تنازعات کے پرامن حل سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا پاکستان آمد پر خیر مقدم کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، بین الاقوامی قانون، مکالمے اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے ان کے کردار کو سراہا۔

بقیہ 35 فاروق ایچ نائیک

دے رہا ہوں، اپنا استعفیٰ چیئرمین کمیشن کو بھجوا دیا ہے۔جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تعیناتی کا فورم ہے۔

بقیہ 36 اغوا

ان کو مسلح افراد نے اغوا کرلیا اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے تلاش شروع کردی جبکہ خاندانی ذرائع نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ایڈیشنل سیشن جج سعداللہ رئیسانی گزشتہ روز کوئٹہ سے پنجگور جارہے تھے کہ راستے میں ان کا اچانک رابطہ منقطع ہوگیا ایک حاضر سروس جج کا لاپتہ ہونا افسوس کی بات ہے۔

بقیہ 37 پانی کی کمی

دار صوبوں میں پانی کی کمی بھی بانٹی جائے گی۔ربیع کی فصلوں کیلئے درکار پانی 3.8 کروڑ ایکڑ فٹ ہے تاہم دستیاب 2.2 کروڑ ایکڑ فٹ ہے، صورتحال پر غور کیلئے رواں ہفتے میں ہی انڈس ریور سسٹم اتھارٹی کا اہم اجلاس بھی متوقع ہے

بقیہ 38 لاشیں برآمد

خان قوم ملا خیل سکنہ قلی ملا عبداللہ کے نام سے ہوئی ہے۔دونوں بھائیوں کی لاشیں کوئلے کی ایک بند کان سے برآمد کی گئیں۔پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر دونوں بھائیوں کی موت زہریلی گیس بھرنے کے باعث ہوئی ہے۔ذرائع کے مطابق دونوں بھائی گھر سے ناراض ہو کر نکلے تھے

بقیہ 39 سیدال خان ناصر

حکومت کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات، امن و امان کی صورتحال میں بہتری، عوام کو ریلیف کی فراہمی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی گفتگو ہوئی۔قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان ملک کا ایک اہم مگر نسبتاً پسماندہ صوبہ ہے، اس لیے صوبے کی پائیدار ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام باصلاحیت، محنتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے مالا مال ہیں، جبکہ صوبہ قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے بھی بھرپور ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو مؤثر، شفاف اور بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کے عوام کی معاشی و سماجی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے مقامی آبادی کو ترقی کے عمل میں زیادہ سے زیادہ شریک کیا جائے۔

بقیہ 40 سلیم خان کھوسہ

عہدیداروں نے اپنے اپنے علاقوں میں پارٹی کارکنوں کو درپیش مسائل سے صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ کو آگاہ کیا اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کی درخواست کی۔عہدیداروں نے تنظیمی امور اور کارکنوں کے مسائل کے حوالے سے بھی صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ دی۔میر سلیم خان کھوسہ نے عہدیداروں کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ کارکنوں کے جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے کارکن پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنوں کے مسائل کا ازالہ ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے گا جبکہ تنظیم کو مزید مضبوط اور فعال بنانے کے لیے تمام عہدیداروں اور کارکنوں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔میر سلیم خان کھوسہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت اور ترقی کے ایجنڈے پر گامزن ہے اور کارکن پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 41 ایشیا پیسفک

اوسلو یونیورسٹی کی پروفیسر کرسٹین برا اور سری لنکا میں عالمی ادارہ صحت کے نمائندے ڈاکٹر راجیش پانڈو سے ملاقاتیں کیں۔سری لنکا کی وزارت صحت اور نیپال کے وفود نے بھی ان سے ملاقات کی۔تمام ملاقاتوں میں صوبائی کوآرڈینیٹر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (BHMIS) و ڈی ایچ آئی ایس ٹو (DHIS2)، ڈاکٹر ابابکر بلوچ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔کانفرنس اور ملاقاتوں کے دوران اوسلو یونیورسٹی اور مختلف ممالک کے نمائندگان کی جانب سے بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ کے فروغ اور صحت کے شعبے میں متعارف کرائی گئی اصلاحات کو بھرپور سراہا گیا۔بالخصوص مختصر مدت میں وسیع پیمانے پر اصلاحات، ڈیجیٹل نظام کے پھیلاؤ اور اعداد و شمار پر مبنی نگرانی و فیصلہ سازی میں پیش رفت کی تحسین کی گئی اور ان اقدامات کو مزید آگے بڑھانے کی حوصلہ افزائی کی گئی۔سری لنکا کے نائب وزیر صحت کے ساتھ ملاقات میں بلوچستان اور سری لنکا کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون، تجربات کے تبادلے اور تکنیکی مہارت سے استفادہ کے امکانات پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 42 حج واجبات

واجبات کی دوسری قسط کی مد میں 20.5 ارب روپے موصول ہوگئے: ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی کی حتمی تاریخ 20 اکتوبر مقرر ہے واجبات کی ادائیگی نیشنل آئی ٹی بورڈ کے حج پورٹل پر ون لنک، کارڈ یا مینول بینک چالان سے ممکن ہوگی انہوں نے کہا کہ سرکاری حج سکیم میں 1 لاکھ 3 ہزار عازمین حج نے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ایپ پر اپلوڈ کر دیے۔رہ جانے والے عازمین حج کو حج پورٹل پر موجود میڈیکل فٹنس فارم کو ڈاکٹر سے تصدیق کرانا لازم ہے

بقیہ 43 مولانا واسع

ہے اور یہ طرز عمل سمجھ سے بالاتر ہے۔بلوچستان حکومت اور وزیراعلیٰ یا تو بے اختیار ہیں یا پھر فیصلے قسطوں میں کرتے ہیں۔جن افسران کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے وہ نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے چیزیں خراب ہیں اگر ان کے خلاف کوئی عملی اقدام نہیں کیا جائے گا تو محض معافی مانگنے سے معاملات حل نہیں ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا۔مدارس کی رجسٹریشن کے معاملے پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے معذرت کی تھی، تاہم اب تک مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے حکومت نے واضح پیش رفت سے آگاہ نہیں کیا۔انہوں نے معدنیات سے متعلق قانون سازی کے معاملے پر بھی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن کو دھوکہ دیا، بعد ازاں بل واپس لینے کا اعلان کیا، مگر مسئلہ تاحال جوں کا توں ہے اور حل نہیں ہوا۔معدنیات کے حوالے سے اپوزیشن اور سیاسی جماعتوں نے اتفاق رائے سے ایک ڈرافٹ تیار کرکے جمع کرایا تھا، لیکن اس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی جس کی وجہ سے معاملات اب بھی جوں کے توں ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے مدارس اور معدنیات ایکٹ کے معاملات پر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس مسئلے کو مشاورت سے حل نہ کیا تو جمعیت علمائے اسلام دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے احتجاج کرے گی۔

بقیہ 44 نواب ایاز جوگیزئی

بھی مشکلات محسوس کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پشتون وطن کو قدرتی وسائل سے مالا مال کیا ہے، مگر پشتون علاقوں کے عوام کو اپنے وسائل پر کوئی اختیار حاصل نہیں اس صورتحال کی ایک بڑی وجہ پشتونوں کی بے اتفاقی اور سیاسی کمزوری ہے انہوں نے کہا کہ اقوام نے اپنے اپنے وطن کے دفاع اور حقوق کے لیے قربانیاں دی ہیں، تاہم اقوام زمینوں اور وسائل سے متعلق فیصلوں میں مقامی آبادی کے مفادات کو نظرانداز کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ پشتون بلوچ صوبے کو ملنے والے بجٹ اور وسائل کی تقسیم میں بھی پشتون علاقوں کو حق نہیں مل رہا جبکہ بجٹ اور روزگار کے مواقع میں بھی میرٹ کے بجائے ہم پر کوٹہ سسٹم تھوپ دیا گیا ہے انہوں نے اضلاع کی تشکیل اور آبادی کے تناسب پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ اضلاع ڈیڑھ لاکھ آبادی پر قائم ہیں جبکہ پشتون علاقوں میں کئی اضلاع کی آبادی ساڑھے چار لاکھ سے بھی زیادہ ہے انہوں نے کہا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم ہونی چاہیے۔

بقیہ 45 ایچ ڈی پی

میں کئی مرتبہ لوڈشیڈنگ کرکے عوام کی زندگی عذاب بنادی گئی ہے اس پر ستم یہ کہ گیس کے اوقات کار میں بھی عوام کو کم پریشر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔بیان میں کہا گیا کہ اس کے بعد سردیوں کا موسم آنے والا ہے اور سوئی گیس سردیوں کے ایام میں صارفین کیلئے ایندھن کا کام انجام دیتا ہے اگر سردیوں میں بھی یہی صورتحال رہی تو سرد علاقوں کے ضعیف، بیمار، عورتیں، بچے اور بوڑھے لوگوں کے سخت مسائل پیدا ہونے کے خدشات ہیں

بقیہ 46 6 ملزمان گرفتار

کے عملے نے نصراللہ کے قبضے سے 10 کلو چرس برآمد کرکے اسے گرفتار کرلیا صدر پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے عبدالرازق اور زیب کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن گرفتار، تھانہ نیو کچلاک کے ایس ایچ او عبدالحئی کرانی نے نامزد ملزمان عبدالصمد اور غلام دستگیر کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن برآمد کرلیا تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 47 حمزہ زہری

نوابزادہ میر شعیب جان زہری نے قلات میں بلدیاتی ادارے کو درپیش انتظامی مسائل، شہری سہولیات اور عوامی مشکلات سے صوبائی مشیر کو آگاہ کیا اور میونسپل کمیٹی کی کارکردگی میں بہتری کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔چیف آفیسر خضدار وڈیرہ صالح محمد جاموٹ نے خضدار شہر میں جاری بلدیاتی سرگرمیوں، صفائی، نکاسی آب اور عملے سے متعلق امور پر بریفنگ دی، جبکہ میونسپل کارپوریشن خضدار کو درپیش مسائل، میونسپل سروسز اور جاری ترقیاتی اسکیموں پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی تحصیل زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما حاجی عبداللہ آزاد زہری اور ملک محمد رمضان زہری سمیت دیگر وفود نے بھی ملاقات کی۔اس موقع پر بالخصوص نورگامہ سمیت مختلف علاقوں میں عوام کو درپیش بنیادی مسائل، علاقائی ضروریات اور بلدیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے وفود کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ لوکل گورنمنٹ کے دائرہ کار میں آنے والے عوامی مسائل کے حل کے لیے مرحلہ وار مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 48 جمعیت نظریاتی

کی اور انہیں نیا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔اس موقع پر سابق جنرل قونصل مولانا حبیب اللہ مولوی حمداللہ و دیگر بھی موجود تھے۔ملاقات میں جے یو آئی نظریاتی کے رہنماؤں نے عالمی برادری اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ افغانستان میں پیدا ہونے والے بحران پر قابو پانے کے لیے معاشی اور انسانی بنیادوں پر فوری مدد فراہم کریں۔عالمی بینک اور دیگر بین الاقوامی ادارے افغانستان کے ترقیاتی فنڈز اور منجمد کیے گئے اثاثوں کو بلاتاخیر بحال کریں۔رہنماؤں نے کہا کہ امارت اسلامی افغانستان میں ترقی و استحکام: افغانستان میں امن، خوشحالی، ترقی اور استحکام کے ایک نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔اسلامی امارت افغانستان کی پالیسیاں کسی کے خلاف دشمنی پر مبنی نہیں ہیں، بلکہ یہ افغانستان اور تمام ہمسایہ ممالک کے لیے امن و سلامتی کی علامت ثابت ہوں گی۔

بقیہ 49 وطن واپس

گئے۔محمد یاسین کا تعلق پشاور، عمران علی اور سید حسین یوسف کا تعلق کراچی سے ہے۔ڈاکٹر صنوبر کی قیادت میں جناح ہسپتال کی میڈیکل ٹیم ایئرپورٹ پر موجود ہے۔میڈیکل ٹیم قزاقوں کی قید سے واپس آنے والے پاکستانیوں کا ایئرپورٹ پر طبی معائنہ کرے گی۔

بقیہ 50 لشکری رئیسانی

گزشتہ روز لیڈر یوتھ فورم کے زیر اہتمام لیڈرز یوتھ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کی۔نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ نوجوانوں کے خوابوں کی تعبیر تب ممکن ہے جب سرزمین پر عوامی رائے کے نتیجے میں حکومت قائم اور اپنی مدت پورے کرنے پر عوام کو جوابدہ ہو ہم ایک بہت بڑے قومی بحران سے گزر رہے ہیں، قومی نظم اور قومی مرکزیت کو تس نہس کردیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ جہاں اجتماعی قومی امور کیلئے لوگ اپنا کردار ادا نہیں کرتے وہاں معاشرہ منتشر ہو کر بدترین زوال اور مسلسل بحران کا شکار رہتا ہے اور افراد اپنی ذات کو بچانے کی کوشش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ آج انتشار، قومی نظم اور مرکزیت نہ ہونے کے نتیجے میں افراد شارٹ کٹ، غیر قانونی راستوں کے ذریعے اپنے ذاتی اہداف حاصل کرنا چاہتے ہیں یقیناً لوگوں کے ذاتی اہداف تو حاصل ہوں گے لیکن اجتماعی قومی مفاد کو نقصان پہنچتا ہے جس کے نتیجے میں آج ہم اپنے تاریخ کے بحران سے گزر رہے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان نسل اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے ایک بہتر سماج کیلئے جمہوری، سیاسی اختیار اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کریں۔

بقیہ 51 طارق فضل

رابطہ کیا لیکن انہوں نے ملاقات سے انکار کردیا، اپوزیشن لیڈر اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا نہیں کر رہے اور اس معاملے پر بھی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرانے پر بضد ہیں، پاکستان میں آئینی عہدوں پر تقرریوں کا اختیار کسی سزایافتہ شخص کے پاس نہیں ہوسکتا۔وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی وفاق کے ساتھ تعاون نہ کرنے کا برملا اعلان کر رہے ہیں، ان کا طرز عمل صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ کی راہ ہموار کر رہا ہے، آئین کے تحت وزیراعلیٰ کو حاصل اختیارات سہیل آفریدی کو بھی حاصل ہیں، تاہم اگر ان کے رویے میں تبدیلی نہیں آئی تو پیدا ہونے والی صورتحال کے ذمہ دار وہ خود ہوں گے۔وزیر پارلیمانی امور نے واضح کیا کہ اسلام آباد پر کسی بھی صورت چڑھائی نہیں کرنے دی جائے گی۔

بقیہ 52 بابر یوسفزئی

دہشت گرد عناصر کی کارروائی کی کوشش ناکام بنا دی، مستونگ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن کا سلسلہ جاری دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کارروائیاں قابل قدر ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کے امن کی عزم کی ترجمان ہیں، ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل تحسین ہیں بلوچستان کی سرزمین کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 53 نیشنل پارٹی

کو ریاست کے استحکام اور ملک کی بقا کی بنیاد سمجھتی ہے۔جمہوری عمل کو کمزور کرنے یا سیاسی مسائل کا حل غیر جمہوری اقدامات کے ذریعے تلاش کرنے کی ہر کوشش کو نیشنل پارٹی مسترد کرتی ہے۔ترجمان نے کہا کہ سیاسی اور قومی مسائل کا حل طاقت یا غیر جمہوری اقدامات میں نہیں بلکہ بامقصد مذاکرات، سیاسی مکالمے اور جمہوری رویوں کے فروغ میں ہے۔تمام سیاسی قوتوں کو چاہیے کہ وہ اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے بات چیت کا عمل جاری رکھیں تاکہ ملک میں سیاسی استحکام، آئین کی بالادستی اور جمہوری تسلسل کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 54 عبدالحکیم لہڑی

زیادہ سیاسی قربت تھی ڈاکٹر حکیم لہڑی ایم آر ڈی کی بحالی کی تحریک میں بہت متحرک رہے۔ایک زمانے میں ان کی رہائش گاہ لہڑی ہاؤس بروری روڈ بلوچستان کی سیاست کا مرکز تھا جہاں ملک بھر کے نامور سیاسی رہنما تشریف لاتے رہتے تھے خان عبدالولی خان، بابائے جمہوریت نوابزادہ نصراللہ خان، خوشحال خان خٹک، ڈاکٹر حئی بلوچ، میر شیر مزاری بھی لہڑی ہاؤس آتے رہے تھے۔۔۔ڈاکٹر حکیم لہڑی حاجی میر عبدالصمد لہڑی، حاجی میر عبدالرشید لہڑی حاجی لالا عبدالمجید لہڑی کے بھائی۔۔انجینئر لالا ظہور لہڑی، سابق ناظم اعلیٰ کوئٹہ سٹی و بلوچستان نیشنل پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن میر مقبول احمد لہڑی ڈاکٹر عبدالعزیز لہڑی، ٹرانسپورٹ صدر لالہ سعید احمد لہڑی، ایس ای مواصلات و تعمیرات میر ولید لہڑی، میر حسیب لہڑی، شاہد لہڑی، چنگیز لہڑی کے چچا، میر نعمان لہڑی، میر رستم لہڑی، میر بالاچ لہڑی کے والد تھے۔

بقیہ 55 حنیف عباسی

چکی ہے، وفاق کے پی کے غیور عوام کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتا اور اگر موجودہ صوبائی حکومت کو مزید وقت دیا گیا تو وہاں عوام کی جان، مال اور عزت کا تحفظ ناممکن ہوجائے گا۔بدھ کو پی ٹی وی ہیڈکوارٹرز میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت نے ہمیشہ معصوم کارکنوں کو اپنے مذموم مقاصد کی آگ کا ایندھن بنایا اور مشکل وقت میں انہیں تنہا چھوڑ دیا۔

بقیہ 56 سولر پینلز درآمد

الفاظ میں، اب ملک سولر پینلز پر خرچ کیے جانے والے ہر 2.2 ڈالر کے مقابلے میں بیٹریوں پر ایک ڈالر خرچ کر رہا ہے۔صرف دو سال قبل یہ تناسب ہر ایک ڈالر کی بیٹری کے مقابلے میں 44 ڈالر کے سولر پینلز کا تھا۔پاکستان کے سولر انقلاب کا پہلا مرحلہ بجلی پیدا کرنے سے متعلق تھا۔صارفین نے دن کے وقت سستی بجلی پیدا کرنے اور تیزی سے مہنگے ہوتے گرڈ پر اپنا انحصار کم کرنے کے لیے سولر پینلز خریدے، عالمی سطح پر پینلز کی قیمتوں میں زبردست کمی نے بھی اس معاشی جواز کو تقویت دی، جس کے نتیجے میں گھروں کی چھتوں پر سولر تنصیب غیر معمولی رفتار سے عام ہوئے

بقیہ 57 کٹھ پتلی میں

سزا یافتہ شخص کا آئینی معاملات میں فیصلہ سازی کے حوالے سے کوئی کردار نہیں۔آئینی معاملات پر مشاورت صرف وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان ہوسکتی ہے۔وزیراعظم چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے دو اراکین کی تقرری کے معاملے پر اپوزیشن لیڈر کو دو خطوط بھی لکھ چکے ہیں۔ذرائع کا دعویٰ ہے محمود اچکزئی پارلیمنٹ اور وزیراعظم آفس میں ملاقات سے بھی گریز کر رہے ہیں۔اپوزیشن لیڈر کا موجودہ رویہ آئینی معاملات پر مشاورت اور پیش رفت میں رکاوٹ بن رہا ہے۔

بقیہ 58 چوہدری سالک

لیے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے پاکستان اور آر ایل او کے مابین گڈانی شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کے لئے معاہدے پر دستخط کے بعد شپ ری سائیکلرز کی جانب سے HKC کمپلائنس سرٹیفکیشن کے لیے پاکستان کی پانچ کمپنیز کو سرٹیفکیشن کا اجرا ایک نئے دور کے آغاز کی علامت ہے یہ صرف ایک کامیابی نہیں بلکہ ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈرز کے عزم کی عکاسی کرتا ہے یک ایسے عزم کی جو محفوظ، ماحول دوست اور بین الاقوامی معیار کی شپ ری سائیکلنگ کے راستے کی طرف پہلا قدم ہے بلوچستان حکومت پاکستان شپ بریکرز ایسوسی ایشن اور بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی سمیت تمام متعلقہ حکام نے اس کامیابی کی منزل کو حاصل کرنے کیلئے کوششیں کی ہیں مزید ستر شپ بریکنگ انڈسٹریز کی کمپنیاں سرٹیفکیشن حصول کیلئے کوشاں ہیں انہوں نے وفاقی حکومت کے عزم کو دہرایا کہ اس سیکٹر کی ترقی کیلئے حکومت ہر سطح پر تعاون اور کوششیں جاری رکھے گی تقریب سے صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی وایڈیشنل سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ ری سائیکلنگ اور گرین یارڈ کیجانب ہم بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 59 میر رضا

تک آن تھا، ان کے فون پر 4 بج کر 10 منٹ سے 4 بج کر 20 منٹ کے درمیان میپ ایکسز کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا ہے کہ آئی پیز کے لیے این سی سی آئی اے اور ایپل کو خطوط لکھے گئے ہیں آئی پیز کے ذریعے استعمال شدہ نمبر کا پتہ لگا سکتی ہے۔کمیشن کے سوال پر سی پی ایل سی کے نمائندے نے بتایا ہے کہ میر رضا کا 4 بج کر 7 منٹ پر آن لائن ٹیکسی ڈرائیور سے رابطہ ہوا، کوئی آؤٹ گوئنگ کا ریکارڈ نہیں، انٹرنیٹ کالنگ کا کوئی ریکارڈ نہیں ہوتا، جیوفینسنگ میں بھی کوئی مشکوک سرگرمی ریکارڈ نہیں ہوئی۔وکیل جبران ناصر کے سی سی ٹی وی سے متعلق سوال پر سی پی ایل سی نمائندے نے بتایا ہے کہ گلستان جوہر بلاک 1 سے 4 میں سی پی ایل سی کے اپنے کیمرے لگے ہیں، میر رضا صرف 3 کیمروں میں نظر آئے۔ان کا کہنا ہے کہ جہاں واقعہ ہوا وہ کورنگ سے تھوڑا باہر ہے، ویڈیوز میں گاڑیوں کے نمبر نہیں مل سکے، موبائل فون پر سی سی ٹی وی کیمروں کی ویڈیو میں تبدیلی ممکن نہیں۔واضح رہے کہ جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا نوٹیفکیشن 24 اگست کو جاری ہوا تھا جبکہ کمیشن نے 27 اگست کو کام کا آغاز کیا تھا

بقیہ 60 ڈاکٹر مالک

پارٹی کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ کی رہائش گاہ پر چیئرمین اسلم بلوچ اور نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی سے ملاقات کرتے ہوئے کی اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے رکن منظور انور، اعزاز اسلم اور سلمان ساسولی بھی موجود تھے ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ اپنے عوام کے بنیادی مسائل کو مثبت سیاسی سوچ کے ساتھ اجاگر کرتے ہوئے قومی مفادات کو ترجیح دی اصولی سیاست اور مثبت حکمت عملی کے تحت بلوچستان کو موجودہ کیفیت سے نکالا جاسکتا ہے لیکن سیاسی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے عوامی فیصلے کو قبول کرتے ہوئے عوام کی بالادستی و حکمرانی کو قبول کرنا پڑے گا۔

بقیہ 61 محسن نقوی

تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے وزیر مملکت طلال چوہدری کی سربراہی میں وزارت داخلہ کا وفد جلد پولینڈ کا دورہ کرے گا۔ملاقات میں غیر قانونی مائیگریشن کو ختم کرنے کیلئے یورپ میں پاکستانیوں کیلئے روزگار اور قانونی مائیگریشن کے مواقع بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔پاکستان اور پولینڈ کے درمیان آفیشل پاسپورٹ پر ویزہ فری سہولت فراہم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 62 پاک جرمنی

پیش رفت کو سراہا۔وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے پرعزم ہے۔ملاقات میں رانا احسان افضل نے جرمن سفیر کے سامنے پاکستانی باسمتی چاول کی جغرافیائی شناخت کا معاملہ بھی اٹھایا۔انہوں نے کہا کہ باسمتی کے کاشتکاروں، پروڈیوسرز اور برآمد کنندگان کے مفادات کا تحفظ ضروری ہے۔رانا احسان افضل کے مطابق پاکستانی باسمتی کے جی آئی کیس کی مضبوط قانونی، تاریخی اور تجارتی بنیادیں ہیں۔جرمن سفیر نے جغرافیائی شناخت کے مؤثر تحفظ کو زرعی برآمدات کیلئے اہم قرار دیا۔جرمن سفیر نے کہا کہ پاکستان میں زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں۔جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو نومبر میں کراچی میں ہونے والی فوڈ ایگ 2026 میں شرکت کی دعوت دی۔انہوں نے کہا کہ فوڈ ایگ پاکستان اور جرمنی کے درمیان کاروباری شراکت داری کے لیے اہم پلیٹ فارم ہوگا۔جرمن سفیر نے فوڈ ایگ میں جرمن کمپنیوں کی شرکت کی دعوت کا خیر مقدم کیا۔انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں لائیو اسٹاک کی تجارتی نمائش کے لیے پاکستانی کاروباری وفد کی تیاری جاری ہے۔جرمن سفیر نے جام کمال خان کو 29 سے 31 اکتوبر کو سیول میں ہونے والی ایشیا پیسفک کانفرنس آف جرمن بزنس میں شرکت کی دعوت بھی دی۔جام کمال خان نے کانفرنس میں شرکت کے امکانات کا جائزہ لینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ 63 آئی ایم ایف

آئی ایم ایف کو آٹو پالیسی میں اپنے موقف پر بریفنگ دی ہے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس میں کمی کا فیصلہ ماحول دوست گاڑیوں کے فروغ کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی کہ سکیم کے تحت گاڑیوں کی مالیت ایک سال تک تبدیل نہیں ہوگی۔ذرائع وزارت انڈسٹریز و پروڈکشن کے مطابق آئی ایم ایف کیساتھ نئی آٹو پالیسی پر مذاکرات مزید بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ 64 فرد جرم عائد

میری ملاقات نہیں کرائی، کاپیز بھی ایمان اور ہادی کو نہیں دی گئیں، میں دو گھنٹے جیل کے باہر انتظار کرتی رہی میری ملاقات عدالتی حکم کے باوجود نہیں کرائی گئی، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو عدالت پیش کیا جائے۔جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ میرے پاس جیل والوں کی رپورٹس پڑی ہوئی ہیں، زینب جنجوعہ نے کہا کہ ویسے اڈیالہ سے قیدی آرہے ہیں ان کو عدالت میں پیش کیوں نہیں کیا جا رہا۔عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کردی، عدالت نے 9 اکتوبر کو استغاثہ کے گواہوں کو طلب کرلیا، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ویڈیو کے ذریعے پیش کیا گیا۔ہادی علی چٹھہ نے اعتراض کیا کہ مجھے تو ابھی تک کاپیز بھی نہیں ملیں، جب تک قانونی تقاضے پورے نہیں ہوتے فرد جرم عائد نہیں ہوسکتی۔زینب جنجوعہ نے اعتراض کیا کہ نا کاپیز ایمان اور ہادی کو ملیں نا ہی ان سے وکلا کی ملاقات ہوئی، عدالت تمام قانونی تقاضے پورے کیے بغیر فرد جرم عائد نہیں کر سکتی۔عدالت نے تمام اعتراضات کے باوجود ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کردی، جج طاہر عباس نے زینب جنجوعہ سے مکالمہ کیا کہ آپ اس آرڈر کو چیلنج کر سکتے ہیں۔عدالت نے آئندہ سماعت پر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو عدالت پیش کرنے کا حکم دیا، عدالت نے کیس کی سماعت نو اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 65 پشتونخوا نیپ

صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سید اکبر خان، ضلعی سیکرٹری مصطفی کمال، پی ایس او کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان، وزیر خان ناصر، مولوی اختر محمد اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا، جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض نعمت چلازئی نے انجام دیے اور تلاوت کلام پاک کی سعادت حاجی واحد زنگیل نے حاصل کی۔صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے اپنے خطاب میں کہا کہ شہدائے جمہوریت اور شہدائے وطن نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے پشتون قومی تحریک اور جمہوری جدوجہد کو نئی قوت اور توانائی دی۔ان شہداء نے اپنے خون سے اس وطن کی حفاظت، جمہوریت کی بحالی اور قوم کے قومی، سیاسی، معاشی اور انسانی حقوق کے لیے جدوجہد کی ایک روشن تاریخ رقم کی۔ان کی قربانیاں ہماری قومی سیاسی جدوجہد کا ناقابل فراموش سرمایہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اپنے قومی سیاسی اکابرین اور شہداء کے نظریات وافکار کی وارث جماعت ہے اور ان کے متعین کردہ راستے پر چلتے ہوئے آج بھی آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، حقیقی جمہوریت، صوبائی خودمختاری اور پشتونخوا وطن کے قومی حقوق کے لیے سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔نصراللہ خان زیرے نے کہا کہ ملک کی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی عوام نے اپنے حق حکمرانی، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کا مطالبہ کیا،

بقیہ 66 تیاریاں مکمل

کی تنظیم نو کا عمل مکمل طور پر جماعت کے دستور کے مطابق انجام دیا جارہا ہے۔تمام اضلاع کے امراء اور جنرل سیکرٹریز کا انتخاب مجلس شوریٰ کے اراکین کے ووٹ اور رائے سے شفاف انداز میں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور پارٹی کارکنان کا جماعت پر اعتماد دن بدن مضبوط ہو رہا ہے۔کارکنوں کی مخلصانہ جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت جمعیت نظریاتی آج صوبے کی سب سے منظم سیاسی و دینی قوت بن چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت نے ہر فورم پر ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ، عوامی مسائل کی حقیقی ترجمانی اور مظلوم طبقے کے حقوق کے لیے ہمیشہ مؤثر اور توانا آواز بلند کی ہے۔انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا بنیادی منشور اور مقصد آئینی، سیاسی اور دینی حدود میں رہتے ہوئے پاکستان میں مکمل اسلامی نظام حیات کا نفاذ اور ملکی سیاست میں خالص نظریاتی شناخت کو قائم رکھنا ہے۔یہ جماعت ملک میں حق اور سچائی کا علم بلند کرنے کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد تنظیم کو گراس روٹ لیول پر فعال بنانے کے لیے تمام ورکرز اور نومنتخب عہدیداران کو متحرک کیا جائے گا تاکہ جماعت کے منشور کو گھر گھر پہنچایا جاسکے۔

بقیہ 67 تبادلہ خیال

کو مزید مضبوط بنانے اور کاروباری افراد کو رجسٹریشن، ٹیکس قوانین کی تعمیل اور متعلقہ ٹیکس خدمات میں بہتر سہولیات فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ مؤثر ادارہ جاتی تعاون اور کاروباری سہولیات میں بہتری کے ذریعے گوادر میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور ٹیکس بیس کو وسیع کرنے کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 68 احتجاجاً ملتوی

انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر حج بادشاہ بن بیٹھا ہے اور تیسری بار بلانے پر بھی نہیں آیا۔وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے زوم پر اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی کفایت شعاری مہم کی وجہ سے وہ خود اجلاس میں نہیں آئے اور زوم پر موجود ہیں۔سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ ڈی جی حج کے من بھی نکالے جاسکتے ہیں

بقیہ 69 زمیندار ایکشن کمیٹی

قلات، قلعہ سیف اللہ و دیگر اضلاع میں نام نہاد زرعی ٹیکس کے نام پر زمینداروں کو تنگ کرنے، مختلف ناموں پر زبردستی بھتہ خوری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ٹیوب ویلز اور باغات خشک ہو رہے ہیں جب زمینداروں کی آمدن نہیں ہوگی تو پھر زمیندار ٹیکس کہاں سے دے گا، بدقسمتی سے اس معاملے پر موجودہ صوبائی حکومت نے خاموشی اختیار کی ہوئی ہے جو افسوسناک ہے، بلوچستان جہاں سال 2022 میں سیلاب، پھر ٹڈی دل کی تباہی کے بعد بارشیں کے نہ ہونے اور خشک سالی، قلعہ سیف اللہ، قلات، منگوچر و دیگر علاقوں میں تیز ژالہ باری کی وجہ سے فصلات تباہ ہونے پر زمینداروں کو اب تک اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔۔

امن و استحکام ہی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، سیدال خان ناصر

قائم مقام چیئرمین سینیٹ کی وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملاقات، عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

بلوچستان پاکستان کی معاشی ترقی اور مستقبل میں اہم کردار ادا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، گفتگو

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل سے راز خان پٹھان اور عبداللہ مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

بحری قزاقوں کے حملے سے محفوظ مزید 3 پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے

ایئرپورٹ پر گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے استقبال کیا

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوان نسل سیاسی اختیار اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کریں، لشکری رئیسانی

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا ہدایت الرحمٰن کی ضلعی الیکشن آفیسر سے ملاقات

ژوب: نواب ایاز خان جوگیزئی شہداء کی برسی کے موقع پر جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

پارٹی کارکنوں کے مسائل کا ازالہ کیا جائے گا، میر سلیم خان کھوسہ

صوبائی وزیر سے مسلم لیگ (ن) ڈویژنل عہدیداروں کی ملاقات

سیاسی صورتحال اور کارکنوں کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی عمل آگے بڑھانے کیلئے عوام کی بالادستی حکمرانی کو قبول کرنا ہوگا، مالک بلوچ

نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کا مضبوط قلعہ اور بلوچستان کے عوام کیلئے مضبوط سیاسی پلیٹ فارم ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

اصولی سیاست اور شعبہ حکمت عملی کے تحت بلوچستان کو موجودہ کیفیت سے نکالا جا سکتا ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

پارٹی کو مضبوط بنانا ہے، پارٹی قیادت سے لیکر ایک ایک کارکن کا بھرپور کردار، صلاحیتیں اور محنت شامل ہے، بیان

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

نواب ذوالفقار مگسی کا ڈاکٹر حکیم لہڑی کے انتقال پر اظہار تعزیت

پاکستان اور پولینڈ کا سیکیورٹی، انٹیلی جنس شیئرنگ بڑھانے پر اتفاق

پاکستان سے یورپ کی غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی آئی، محسن نقوی

دونوں ممالک کے درمیان آفیشل پاسپورٹ پر ویزا فری سہولت پر بھی تبادلہ خیال

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور جرمنی کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

باسمتی چاول کے کاشتکاروں کے مفادات کا تحفظ ضروری ہے، جام کمال خان

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پشین، نامعلوم افراد کی فائرنگ، 2 افراد زخمی

زخمی ہسپتال منتقل، مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

چیف الیکشن کمشنر سمیت آئینی تقرریوں پر اپوزیشن لیڈر رکاوٹ ہیں، طارق فضل

اپوزیشن لیڈر اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا نہیں کر رہے اور بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرانے پر بضد ہیں

پاکستان میں آئینی عہدوں پر تقرریوں کا اختیار کسی سزا یافتہ شخص کے پاس نہیں ہو سکتا، وزیر پارلیمانی امور

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

قیام امن کیلئے سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں قابل قدر ہیں، بابر یوسفزئی

کامیاب آپریشن میں متعدد دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا گیا، معاون برائے داخلہ

ریاست دشمن عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل ستائش ہیں

پر فتنہ الہندوستان سے وابستہ 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش سیاہ پشت اور کلی گشتری میں آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی نے...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت کی ایشیا پیسیفک کانفرنس کی افتتاحی نشست میں شرکت

(DHIS2) ... 2026 ...

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

حج واجبات کی دوسری قسط کی وصولی جاری

32 ہزار 178 سرکاری عازمین حج نے دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کر لی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی گزشتہ انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمٰن صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

آئینی تقاضوں کی خلاف ورزی قابل مذمت ہے، نیشنل پارٹی

قومی مسائل کا حل طاقت یا غیر جمہوری اقدامات میں نہیں، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کے امکانات سے متعلق سامنے آنے والی باتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ منتخب جمہوری حکومتوں کا خاتمہ اور آئینی عمل کو معطل کرنا کسی بھی صورت جمہوری اور آئینی طرز عمل نہیں۔ پارلیمانی اصولوں، عوامی نمائندگی اور آئینی تقاضوں کی خلاف ورزی قابل مذمت ہے بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حاکمیت ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بزرگ سیاستدان ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی انتقال کر گئے

بلوچستان کے حقوق اور عوامی مسائل کے حل کیلئے توانا آواز تھے

کوئٹہ (پ ر) قوم و وطن دوست رہنما ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی آج بروز بدھ 7 ستمبر 2026 کو کراچی کے نجی ہسپتال میں دوران علاج انتقال کر گئے۔ مرحوم پاکستان نیشنل پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی، بلوچستان نیشنل کانگریس، اور بلوچ ریپبلکن پارٹی میں اپنی سیاسی خدمات انجام دی مرحوم لالہ ڈاکٹر حکیم لہڑی میر غوث بخش بزنجو کے قریبی رفیق تھے۔۔۔جب ڈاکٹر حکیم لہڑی کی ممتاز بلوچ قوم و وطن پرست رہنما نواب خیر بخش مری سے بہت ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی میں دہشت گردوں کی آبادکاری بدامنی کی بنیادی وجہ، حنیف عباسی

پی ٹی آئی نے کارکنوں کو مذموم مقاصد کی آگ کا ایندھن بنایا اور مشکل میں انہیں تنہا چھوڑ دیا

عوام کو وفاق سے 8500 ارب ہڑپ کرنے والی حکومت کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، وزیر ریلوے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف بیرونی ایجنڈے کے تحت ملک پر مسلط کی گئی جس کا افغانستان میں موجود وار لارڈز کے گٹھ جوڑ کے ساتھ گہرا تعلق اب بے نقاب ہو چکا ہے، خیبر پختونخوا کی حکومت دہشت گردی کے خلاف صف آرا ہونے کے بجائے دہشت گردوں کی سہولت کار بن...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت آئین اور قوانین پس پشت ڈال کر ہمارے ساتھ زیادتی کر رہی ہے، مولانا عبدالواسع

سینیٹر عبدالشکور غیبزئی اور حاجی میر زابد ریکی کے نام ای سی ایل میں ڈالے جاتے ہیں بعد معذرت کی جاتی ہے، صوبائی امیر

معدنیات سے متعلق قانون سازی پر حکومت نے اپوزیشن کو دھوکہ دیا، بل واپس لینے کا اعلان کیا معاملہ جوں کا توں ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ نے اپنی غلطیوں پر معافیاں مانگ کر انہیں بدنام کر دیا ہے اگر حکومت نے مدارس اور معدنیات ایکٹ کے حوالے سے سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسئلے کے حل کو یقینی نہ بنایا تو ہم دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ ملکر آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ 17 نومبر سے عوام میں شعور اجاگر اور حکومت کے خلاف متحد کرنے کیلئے دورے شروع کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اپنی رہائش گاہ پر اراکین صوبائی اسمبلی فضل قادر مندوخیل، مولوی سرور، ندیم موسیٰ خیل، آغا محمود شاہ، مولوی کمال الدین، غنی شہزادہ سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جس طرح حکومت آئین اور قوانین کو پس پشت ڈال کر جمعیت علماء اسلام کے ساتھ زیادتی کر رہی ہے جس کا واضح ثبوت جماعت کے سینیٹر عبدالشکور غیبزئی اور رکن بلوچستان اسمبلی حاجی میر زابد ریکی کے نام ای سی ایل میں ڈالے جاتے ہیں، پھر حکومت کی جانب سے معذرت کی جاتی ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گڈانی صوبائی وزیر ظہور بلیدی اور وفاقی وزیر چوہدری سالک کو شپ بریکرز ایسوسی ایشن کی جانب سے تحائف پیش کیے جا رہے ہیں

آئی ایم ایف کے اعتراضات برقرار، الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کا فیصلہ نہ ہو سکا

وفاقی حکومت 2 کروڑ مالیت تک کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کرنے پر فیصلہ نہ کر سکی

آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی کہ سکیم کے تحت گاڑیوں کی مالیت ایک سال تک تبدیل نہیں ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان مذاکرات آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات تاحال ختم نہ ہو سکے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے حوالے سے رپورٹ مطابق آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات اب بھی برقرار ہیں، حکومت 2 کروڑ مالیت تک کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کرنے پر فیصلہ نہ کر سکی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے 75 ہزار ڈالر مالیت کی الیکٹرک گاڑی پر سیلز ٹیکس 1 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان نے...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

فیڈرل پبلک سروس کمیشن کا امتحانی شیڈول تبدیل نہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے امتحانی شیڈول تبدیل نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف پی ایس سی کے تمام امتحانات جاری شیڈول کے مطابق ہوں گے۔ ایف پی ایس سی نے کہا کہ امتحانات کی تاریخ اور وقت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی، فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے پبلک نوٹس جاری کر دیا۔۔۔

بیریئر ہٹانے کے کیس میں ایمان مزاری اور شوہر پر فرد جرم عائد

میرے پاس جیل والوں کی رپورٹس پڑی ہوئی ہیں، جج طاہر عباس سپرا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیریئر ہٹانے کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیریئر ہٹانے کے کیس کی سماعت ہوئی، جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ ڈاکٹر شیریں مزاری وکیل افضل خان مندوخیل، زینب جنجوعہ و دیگر کے ہمراہ عدالت کے سامنے پیش ہوئے، پراسیکیوٹر راجہ نوید عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ زینب جنجوعہ نے موقف اپنایا کہ عدالت حکم کے باوجود ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء کی قربانیاں قومی سیاسی جدوجہد کیلئے مشعل راہ ہیں، پشتونخوا نیپ

وسائل کی لوٹ مار، جبری پالیسیاں، سیاسی انجینئرنگ اور عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، نصر اللہ خان زیرے

7 اکتوبر 1983ء کے شہدائے کی 43 ویں برسی اور 11 اکتوبر 1991ء کے شہدائے کے 35 ویں برسی کے جلسہ عام سے خطاب

لورالائی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 7 اکتوبر 1983ء کے شہدائے جمہوریت اسلم اولس یار شہید، کاکا محمود شہید، داؤد شہید اور رمضان شہید کی شہادت کی 43 ویں برسی اور 11 اکتوبر 1991ء کے شہدائے وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، صاحب خان شہید، باز محمد باز شہید اور حبیب الرحمٰن شہید کی شہادت کی 35 ویں برسی کے موقع پر پشتونستان چوک لورالائی میں ایک جلسہ؟ عام صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جلسے سے پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

تمام اقوام کو مساوی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، نواب ایاز جوگیزئی

پشتون بلوچ صوبے کو ملنے والے بجٹ اور وسائل کی تقسیم میں بھی پشتون علاقوں کو حق نہیں مل رہا، مرکزی سیکرٹری پشتونخوا میپ

ملک کا عام شہری قرضوں کے بوجھ سے متاثر ہے جبکہ حکمران اربوں روپے کے جہاز اور مہنگی گاڑیوں پر اخراجات کر رہے ہیں

ژوب (آن لائن) پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات تالہ مند خان، ڈاکٹر قطب الدین شیرانی اور دیگر نے کہا ہے کہ اکابرین نے ملک کا قیام اس فکر کے ساتھ کیا تھا کہ ملک میں بسنے والی تمام اقوام برابری کی بنیاد پر زندگی گزاریں گی، تاہم آج پشتون قوم کو اپنے بنیادی، قومی اور معاشی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پشتونوں کی روایتی پگڑی جو عزت اور وقار کی علامت سمجھی جاتی تھی، آج اسے دہشت گردی سے جوڑ دیا گیا ہے جس کے باعث پشتون اپنی شناخت کے ساتھ جانے میں...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ سے ن لیگ کے ڈویژنل قائدین ملاقات کر رہے ہیں

پہلی سہ ماہی میں 405 ملین ڈالر مالیت کے سولر پینلز درآمد

ملک میں 182 ملین ڈالر کی لیتھیم آئن بیٹریاں درآمد کی گئیں، رپورٹ

کراچی (م ڈ) پاکستان کا سولر انقلاب اپنی شکل تبدیل کر رہا ہے، اور اس تبدیلی کی رفتار کو نظر انداز کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ تازہ ترین درآمدی اعداد و شمار اس صورتحال کو واضح طور پر بیان کرتے ہیں۔ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان نے تقریباً 405 ملین ڈالر مالیت کے سولر پینلز اور 182 ملین ڈالر کی لیتھیم آئن بیٹریاں درآمد کیں۔ دوسرے ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

چیف الیکشن کمشنر تعیناتی، محمود اچکزئی اور وزیراعظم کی ملاقات کھٹائی میں پڑ گئی

کسی سزا یافتہ شخص کا آئینی معاملات میں فیصلہ سازی کے حوالے سے کوئی کردار نہیں، حکومت کا موقف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن کے سربراہ اور دو اراکان کی تقرری پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مشاورت کا معاملہ تعطل کا شکار ہو گیا، حکومتی رابطے کے باوجود وزیراعظم سے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کی ملاقات نہ ہو سکی۔ اپوزیشن لیڈر نے وزیراعظم سے ملاقات سے قبل بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کی شرط رکھ دی ہے جسے حکومت نے مسترد کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کی ملاقات کھٹائی میں پڑ گئی کیونکہ حکومت نے آئینی معاملات پر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ مسترد کر دیا۔ حکومت کا موقف ہے کہ کسی ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

جائیداد کے تنازع کیس، وکیل اور ججز کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (م ڈ) سپریم کورٹ میں لیاقت حسین بنام مسمات فضیلت بیگم کے درمیان جائیداد کے تنازع کے کیس کی سماعت کے دوران وکیل اور ججز کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا، جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ سپریم کورٹ کے ہر فیصلے کے خلاف نظرثانی دائر کی جاتی ہے، ہم نے آپکے دلائل سن لئے۔ وکیل غلام مصطفیٰ کندوال نے کہا کہ ابھی مجھے مزید دلائل دینا ہے، جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ مزید دلائل دیں گے تو پھر جرمانہ بھی بڑھے گا، وکیل نے کہا کہ آپ چاہے میری پوری فیس کا جرمانہ لیں لیکن بات سنیں۔

پاک بحریہ کے 2 بڑے آپریشنز، منشیات کی بڑی کھیپ برآمد

پی این ایس یرموک نے 850 کلوگرام آئس اور 2000 کلوگرام حشیش ضبط کر لی

گوادر (م ڈ) پاک بحریہ کے سمندر میں 2 بڑے آپریشنز۔ منشیات کی بڑی کھیپ قبضے میں لے لی۔ یہ کامیاب انسداد منشیات آپریشنز پی این ایس یرموک نے بحیرہ؟ عرب میں تعیناتی کے دوران کیے۔ مشکوک کشتیوں پر آپریشن کے دوران پی این ایس یرموک نے تقریباً 850 کلوگرام آئس اور 2000 کلوگرام حشیش ضبط کر لی، ضبط کی گئی۔۔۔۔

گیس پریشر کمی اور لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کر دیا، ایچ ڈی پی

سرد علاقوں کے ضعیف، بیمار اور بچوں کیلئے سخت مسائل پیدا ہونے کا خدشات ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کوئٹہ شہر اور نواحی علاقوں میں گیس پریشر میں شدید کمی پر محکمہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی کارکردگی کو سخت ترین الفاظ میں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ علمدار روڈ، تیجاری، طوغی روڈ، سید آباد، پیر محمد روڈ، کاسی روڈ، مومن آباد، مری آباد، ناصر آباد، ہزارہ ٹاؤن، نیو ہزارہ ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، اے ون سٹی، ریلوے ہاؤسنگ اسکیم سمیت پورے کوئٹہ شہر کو گیس پریشر میں کمی کا سامنا ہے، پہلے تو دن...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، موٹر سائیکل سنیچرز و منشیات فروشوں سمیت 6 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن اور چرس برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل سنیچرز، منشیات فروشوں، نامزد ملزمان سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن اور چرس برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ ہنہ کے عملے نے سنیچر زمحمد نسیم کو گرفتار کر لیا اس کے علاوہ 8 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی اسی طرح تھانہ خروٹ آباد...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے، چوہدری سالک

ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ ری سائیکلنگ اور گرین یارڈ کی جانب ہم بڑھ رہے ہیں، صوبائی وزیر ظہور بلیدی

گڈانی پاکستان کا صنعتی اثاثہ ہے یہاں دہائیوں سے شپ ری سائیکلنگ کا عمل جاری ہے، شرکاء کا تقریب سے خطاب

گڈانی (خ ن) آئی ایل او کے ڈی جی Gilbert F.Hiungbo اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے گڈانی کا ایک روزہ دورہ کیا دورے میں وفاقی سیکرٹری چوہدری ندیم اسلم انکے ہمراہ تھے گڈانی آمد پر اسکول کی بچیوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کئے صوبائی وزیر ظہور بلیدی و دیگر نے مہمانوں کا والہانہ استقبال کیا آئی ایل او ڈائریکٹر جنرل کے دورہ گڈانی کے موقع پر بی ڈی اے کمپلیکس گڈانی میں شپ ری سائیکلنگ پروجیکٹ سے متعلق تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب سے وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ڈیولپمنٹ چوہدری سالک حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے 12 ملین کی لاگت سے شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن پراجیکٹ پر کام جاری ہے ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ آج کی یہ تقریب ہمارے...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی قیادت میں قاری مہر اللہ، حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی و دیگر ملاقات و تعیناتی پر مبارکباد دے رہے ہیں

جمعیت نظریاتی کے امراء اور جنرل سیکرٹریز کے انتخاب کیلئے تیاریاں مکمل

انتخابی عمل صوبائی سیکرٹریٹ میں ہوگا، شوریٰ اراکین کو بروقت پہنچنے کی ہدایت

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ نے اپنے ایک اہم بیان میں اعلان کیا ہے کہ بلوچستان بھر کے تمام اضلاع میں امراء اور جنرل سیکرٹریز کے انتخاب کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ سیکورٹی خدشات اور ٹریفک کے مسائل کے پیش نظر انتخابی عمل صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہو رہا ہے، جہاں تمام اراکین شوریٰ کو بروقت پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

مارچ ختم کرنے کی کنجی عمران خان کے پاس ہے، شوکت یوسفزئی

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ لانگ مارچ جاری ہے اور کسی دباؤ کے تحت ختم نہیں ہوگا، لانگ مارچ ختم کرنے کی کنجی اڈیالہ جیل میں بند عمران خان کے پاس ہے، وزیراعظم میڈیا پر مذاکرات نہ کھیلیں، اگر اختیارات ہیں تو ہمارے جائز مطالبات تسلیم کریں۔

بلوچستان ریونیو اتھارٹی چیئرمین کی معین الرحمٰن سے ملاقات

گوادر میں ٹیکس اصلاحات کو وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرمین عبداللہ خان نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (GDA) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن سے گوادر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر میں قابل ٹیکس کاروباری اداروں کی رجسٹریشن، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور ضلع میں ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے ادارہ جاتی رابطہ کاری...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم دستوری اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم دستوری اجلاس آج بروز جمعرات 8 اکتوبر 2026ء صبح 9 بجے جامعہ مطلع العلوم بروری روڈ میں ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوگا، جس میں مجلس عمومی کے تمام اراکین شرکت کریں گے۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کی موجودہ جماعتی و تنظیمی صورتحال، مختلف یونٹوں کی کارکردگی، یونٹوں کو مزید فعال اور منظم بنانے، جماعتی نظم و ضبط کو مضبوط کرنے، عوامی رابطہ مہم کو مؤثر بنانے اور ضلع کوئٹہ کے مختلف علاقوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔

ڈی جی حج تیسری بار بھی غیر حاضر، سینیٹ قائمہ کمیٹی کا اجلاس ملتوی

ڈی جی حج کا بار بار بلانے کے باوجود نہ آنا باعث شرم اور تشویش ہے، کمیٹی ارکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں ڈی جی حج تیسری بار بھی نہیں آئے، جس پر اجلاس کو احتجاجاً ملتوی کر دیا گیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کا اجلاس قائم مقام چیئرمین سینیٹر حافظ عبدالکریم کی زیر صدارت ہوا، جس میں ڈی جی حج کی عدم حاضری پر ارکان نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ حافظ عبدالکریم نے کہا کہ کمیٹی نے ڈی جی حج کو بلایا تھا، پچھلی مرتبہ بھی وہ نہیں آئے، کیا وہ اتنے طاقتور ہیں کہ کمیٹی میں نہیں آ رہے۔...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن غزہ مارچ سے خطاب کر رہے ہیں

میر رضا قتل کیس کے جوڈیشل کمیشن کی کارروائی مکمل

کمیشن کارروائی سے متعلق رپورٹ وزیر اعلیٰ سندھ کو پیش کرے گا

کراچی (بیورو رپورٹ) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کرنے والے جوڈیشل کمیشن نے کارروائی مکمل کر لی۔ رپورٹ کے مطابق جوڈیشل کمیشن کارروائی سے متعلق رپورٹ وزیر اعلیٰ سندھ کو پیش کرے گا۔ جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں کمیشن نے کارروائی مکمل کی ہے۔ کمیشن کے پاس رپورٹ جمع کروانے کے لیے 15 اکتوبر تک کا وقت ہے۔ جوڈیشل کمیشن نے جائے وقوع کے دورے سمیت مجموعی طور پر 15 اجلاس کیے۔ دوسری جانب سی پی ایل سی کے نمائندے نے جوڈیشل کمیشن میں بیان دیا ہے کہ میر رضا کا انٹرنیٹ 4 بج کر 25 منٹ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، امیر حمزہ زہری

صوبائی مشیر سے کارکنان اور بلدیاتی نمائندوں کی الگ الگ ملاقاتیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قلات، خضدار اور زہری سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سیاسی و قبائلی عمائدین، سیاسی کارکنان اور بلدیاتی نمائندوں نے جہالاوان ہاؤس کوئٹہ میں الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں عوامی مسائل، بلدیاتی امور، شہری سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ٹیوب ویلز اور باغات خشک ہو رہے ہیں، زمیندار ایکشن کمیٹی

زمینداروں کی آمدن نہیں ہوگی تو ٹیکس کہاں سے دیں گے، فصلات تباہ ہونے کی وجہ سے اربوں کے نقصانات کا سامنا ہے

نام نہاد زرعی ٹیکس کیلئے قانون سازی میں زمیندار ایکشن کمیٹی کے سفارشات کو بھی خاطر میں نہیں لایا گیا ہے، نصیر شاہوانی

کوئٹہ (آئی این پی) زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی کی زیر صدارت نام نہاد زرعی ٹیکس، غیر ملکی زرعی اجناس کی اسمگلنگ اور کھاد پر پابندی و دیگر اہم امور سے متعلق قائم سب کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمٰن بازئی، حاجی نور احمد بلوچ، حاجی عبدالجبار کاکڑ، سید عبدالقہار آغا، حاجی شیر علی مشوانی، عبداللہ جان میر زئی، کاظم خان اچکزئی، حاجی ملک یعقوب شاہوانی، خالق داد ملکیار، حق نواز لانگو، سید صدیق اللہ آغا، عبدالولی و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں پشین، قلعہ عبداللہ، مستونگ، ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور افغانستان کے تعلقات جغرافیائی سرحدوں تک محدود نہیں، جمعیت نظریاتی

دونوں ممالک پائیدار امن کے لیے ٹکراؤ کے بجائے مسائل افہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعے حل کریں، قادر لونی

پارٹی کے اعلیٰ سطح وفد کا کوئٹہ میں قائم افغانستان کے قونصلیٹ کا دورہ، نئے نامزد جنرل قونصل کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ کی قیادت میں مرکزی صوبائی قیادت کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے کوئٹہ میں قائم اسلامی امارت افغانستان کے قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ وفد میں امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا صالح محمد شامل تھے۔ جے یو آئی (نظریاتی) کے وفد نے افغانستان کے نئے نامزد جنرل قونصل مولانا افضل حق شاکر سے ملاقات...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر